در پایان، این نکته می شاید که بگویم: نثر فارسی معلم یزدی بسیار پیچیده، عربی زده و دشوار است امانه همچون دشواری نثر تاریخ بخش ـ "مواهب الهی" ـ زیرا که، این کتاب ترجمه ایست از عربی، و مترجم نتوانسته است که مطالب پیچیدهٔ عرفانی و فلسفی را در لابلای استعارات و . . . بیش از حد معمول بپوشاند، هر چند که از آوردن واژه‌های ثقیل و غریب عربی باکی

نداشته. ولی تکلف و تصنع در عبارات این کتاب، بجز دیباچهٔ مترجم و خاتمه‌های دوگانهٔ او، مشهود نیست و خواننده را از دریافت مطالب و مفاهیم ناامید و سرگردان نمی کند(۲۸) ـ

* * *

یاد داشتها

(۱) با آنکه غزالی به ستیز با فلسفه برخاست. ولی بقول ابوبکربن العربی، هرگز نتوانست از بطن فلسفه بدر آید: "شیخنا ابوحامد دخل فی بطون الفلاسفه ثم أراد أن یخرج منهم فما قدر" ـ نک: عبدالرحمن بدوی: دور العرب فی تکوین الفکرالاروبی، چاپ دوم، بیروت ۱۹۷۹م. ص ۱۸۹ ـ

(۲) مخالف وستیز با فلسفه در طول تاریخ فرهنگ عربی و فارسی مطرح بوده است از سدهٔ پنجم که بگذریم، درسدهٔ ششم عباسیان درسرکوب فلسفه عَلَم شدند و در سدهٔ هشتم آل مظفر، ونیز در ودرسدهٔ دهم عبید الله شیبانی و ۰ ۰ ۰

(۳) نک: جامی، نفحات الانس. طبع توحیدی پور، تهران ص ۵۸۹، علاءالدوله سمنانی، چهل مجلس، خطی بودلیان، ورق ۶۸، فروزانفر، مقدمهٔ مناقب اوحدالدین، تهران، ص۵۸ ـ

(۴) ترجمهٔ عوارف المعارف، اسماعیل عبدالمؤمن، خطی مراد محمد بخاری، ورق ۲۰ پ ـ ۲۱ ر ـ

(۵) تاریخ گزیده، تصحیح عبدالحسین نوائی، تهران، ۶۶۹ ـ البته ختم قرآن، بدین گونه، بدون شک از توفیقات الهی است اما توجه به نفس این توفیقات را صوفی و عارف عاشق نمی پسندد، زیرا بوی خود بینی و اغتراز از آن می آید ـ

(۶) نک: فوایدالفواد، حسن دهلوی، طبع لاهور، ص ۲۲۵ ـ

(۷) وفیات الاعیان، حققه دکتور احسان عباس بیروت. ج ۳ ص ۳۲۶ ـ

(۸) البدایه والنهایه، طبع بیروت. ج ۱۳ ص ۱۳۸ ـ ۱۳۹ ـ

(۹) چهل مجلس (رسالیه اقبالیه) ـ خطی بودلیان. ۷۹ پ ـ

(۱۰) نفحات الانس ۵۹، قیاس کنید با فروزانفر: مقدمهٔ مناقب اوحدالدین ۵۸ ـ

(۱۱) چه خواهد اهل معنی زان عبارت
که سوی چشم و لب دارد اشارت
چه جوید از سر زلف و خط و خال
کسی کاندر مقامات است و احوال

(۱۲) آب کوثر، شیخ محمداکرام، طبع لاهور. ص ۲۵۲ ـ

(۱۳) الحوادث الجامعه، ابن فوطی، طبع بغداد. ص ۷۵ ـ

(۱۴) درخصوص رسالت سیاسی او بنگرید به: سیرت جلال الدین منکبرنی. تصحیح مجتبی مینوی،

تهران، ص ۱۹ ـ ۲۰ و۳۲، ابن خلکان: وفیات الاعیان ج ۳. ص۲۴۷ . حوینی: جهانگشا، تصحیح علامه قزوینی ج ۲ ص ۹۶ ـ

(۱۵) تاریخ گزیده ، ص ۶۷۰ ـ نیز بدایت همین رباعی را در مجمع الفصحا، چاپ سنگی ۱۲۹۵ تهران ، ج ۱، ص ۳۱۲، وحسین صبا در تذکرهٔ روز روشن، تهران، ص ۲۲۳، ومدرس در ریحانةالادب، تهران، ج ۳، ص ۹۹، و آفتاب رای در تذکرهٔ ریاض العارفین، تصحیح حسام الدین راشدی، اسلام آباد، ج ۱، ص ۳۶۶ آورده اند ـ

(۱۶) بانو شمیم محمود زیدی، در مقدمهٔ خلاصة العارفین زکریا ملتانی ص ۶۴ ـ ۶۵ اشعار بیشتری را به نام اشعار سهروردی فراهم آورده اند ـ نک: احوال و آثار شیخ بهاءالدین زکریا ملتانی طبع مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان، اسلام آباد ـ

(۱۷) نک: وفیات الاعیان، ج ۲، ص ۴۲۶، ریحانة الادب ج ۲، ص ۹۹ ـ

(۱۸) سوانح الافکار رشیدی بکوشش دانش پژوه، تهران ۱۳۵۸، ص ۲۰۲ ـ

(۱۹) مرآة الجنان ج ۴، ص ۸۰ ـ

(۲۰) در نسخه بریتانیا، از ترجمهٔ رشف، سال ۶۲۶ آمده است که غلط است، زیرا این کتاب برای الناصرالدین الله ساخته شده، و او در ۶۲۲ مرده است ـ در متن عربی و ترجمه آن ـ نسخهٔ سپه سالار ۶۲۱ ضبط شده است ـ

(۲۱) به نقل از ترجمهٔ رشف النصائح ، نسخهٔ سپه سالار ۱۳۲۸ ـ

(۲۲) نک: شد الازار ۶۸ ـ ۷۰، نیز رک: الذریعه، ذیل اشارات الواصلین ـ

(۲۳) به نقل ترجمهٔ رشف النصائح، نسخهٔ سپه سالار ـ

(۲۴) نک: نقد حال، مجتبی مینوی، تهران ۱۳۶۲، ص ۱۸۸ ـ

(۲۵) نک: تاریخ جدید یزد از احمد کاتب، تصحیح ایرج افشار، تهران ۱۳۵۷، ص ۱۲۰ ـ ۱۲۱

(۲۶) ترجمهٔ رشف النصائح، خطی سپه سالار ـ

(۲۷) ایضاً، همان نسخه ـ

(۲۸) از ترجمهٔ رشف النصائح سهروردی، سه نسخه موجود است ـ رک: احمد منزوی، فهرست نسخه های خطی فارسی ۲(۱)/۱۰۸۲ که از سه نسخه گزارش داده شده، نیز رک ـ مهدی بیانی، احوال و آثار خوشنویسان، تهران، چاپ دوم ۱۳۶۳، ج ۳ ص ۶۱۱، که نسخه ای از ترجمهٔ رشف بخط مجد مذهب، مورخ ۸۵۱، محفوظ در کتابخانهٔ گلستان (سلطنتی سابق) یاد کرده است ـ

استدراک و استفسار

ترجمه کهنه نو یافته " عوارف المعارف" سهروردی

چون در مقاله دوست عزیزم آقای مایل هروی صحبت از ترجمه‌های فارسی " عوارف " گذشت ، مناسبت دارد متذکر شوم که بنده نسخه خطی یک ترجمه فارسی همین کتاب در دست دارم که از نظر کهنگی ترجمه و تحریر قابل بررسی است ـ دراین نسخه متأسفانه مقدمه افتاده است و قطعاً نام مترجم در همان قسمت بوده است ـ نسخه ما درست از باب اول شروع میشود و تاباب شصت و سوم ـ که آخرین باب عوارف است ـ ادامه دارد البته باافتادگی چند صفحه در آخر ـ این نسخه مشتمل است بر۲۹۹ برگ ، به اندازهٔ ۳۰×۲۲ سانتی میتر ـ بعضی نا مها و نشانها و عنوانها با رنگ قرمز و آبی و زرد کتابت شده است ـ

باری بنده بعضی نمونه‌ها از این ترجمه را جهت بررسی به آقای مایل هروی در مشهد و دکتر نذیر احمد در علیگر ـ هند فرستاده بودم ـ هر دو دانشمند اعلام نظر فرمودند که این ترجمه با ترجمه‌های عبدالرحمان برغش شیرازی و قاسم داود و اسماعیل بن عبدالرحمن تفاوت دارد ـ

بنده شایسته دیده ام که نمونه ای از این ترجمه در دانش ارائه شود ـ از دانش پژوهان دعوت میشود که روی این ترجمه تامل و غور کنند و نتائج تحقیقات خود را به دفتر " دانش " اعلام فرمایند ـ

مدیر دانش

صفحه ای از ترجمه عوارف المعارف که مترجمش شناخته نیست ـ

صفحه ای از ترجمه عوارف المعارف که مترجمش شناخته نیست ـ

محمد سرفراز ظفر

استاد شعبهٔ فارسی ـ انسٹی ٹیوٹ آف ماڈرن لینگویجز ـ اسلام آباد

ضرب الامثال مشترک زبان فارسی و پنجابی

امثال و حکم از اندامهای اصلی و اساسی هر زبان است که مظهر و نماینده سنن و رسوم و آداب و تاریخ و فضایل و سرشت یک ملت را در می گیرد ـ چون مفصل ترین مفاهیم بصورت عصاره در مختصر ترین کلمات می گنجد و حاصل آزمون ها و بینش‌ها و ذوق‌های عامه مردم می باشد تا امثال، حکم، پندها، استعارات و کنایات و اصطلاحات بوجود می آید و یک رشته از غنی ترین میراث‌های فرهنگی اندوخته می شود از این روست که هر گونه دانش دوست وسخنوری با آوردن شاهدی از امثال و حکم به سخن خود جمال و کمال می بخشد ـ

راجع به آغاز و ابتدای ضرب المثل درست معلوم نیست و گروهی از دانشمندان و ادب شناسان ضرب المثل‌هارا از جمله کهن ترین اشکال ادبی زبان می دانند که در طول روزگار از زبانی به زبانی می گردند و از سینهٔ اسلاف به فکر اخلاف منتقل می شود ـ انتقال ضرب المثلها از شخص به شخص، از خانواده به خانواده، از قوم به قوم، از لهجه به لهجه، از ناحیه به ناحیه و و از زبان به زبان دیگر آنست که چه در یک زمان واحد و چه در طول تاریخ یک مطلب در انواع ضرب المثلها دور یا نزدیک بهمد یگر چندین شکل به چندین لهجه و چندین زبان یافت می شود ـ مثلاً در زبانهای فارسی و پنجابی چندین ضرب المثلها شنیده می شود که باهم نزدیکی نسبی یا مطلق دارند و این حالت هنگام مطالعه فرهنگ عامیانهٔ این دو منطقه که شامل قلمرو زبان فارسی و پنجابی می شوند، مشاهده شده است ـ

لازم به توضیح است که "پنجابی" نسبت به "پنجاب" دارد که که از نظر جغرافیائی ناحیهٔ بزرگی است ـ یک قسمت آن در پاکستان واقع

است که مرکز این، شهر بزرگ فرهنگی و علمی "لاهور" می باشد ـ و قسمت دیگر در هند واقع است ـ و زبان پنجابی صرفاً در منطقهٔ پنجاب رائج نیست بلکه در مناطق همجوار خود که آنجا حاکمیت زبان پشتو و زبان سندی است. نیز به لهجه‌های متفاوت متداول است ـ قلمرو زبان پشتو از نظر جغرافیائی نزدیکی به افغانستان دارد و قلمرو زبان سندی با سابقهٔ بس طولانی و فرهنگ غنی. با ایران و فارس قربت دارد و انتقال فرهنگ فارسی به زبان پنجابی از هر دو مسیر بوده است ـ

مروری به سوابق و روابط ایران و پنجاب و پی گیری علل تأثیر فرهنگ ایرانی درفرهنگ پنجابی ما را از موضوع دور می کشاند ـ ما فعلاً دهها ضرب المثل از میان صدها ضرب‌المثل و محاورهٔ زبان پنجابی برگزیده ایم که هم از نظر مفهوم وهم از نظر الفاظ، اشتراک مطلق و کامل با ضرب‌الامثال فارسی (و احیاناً دری) دارند ـ فقط در چند مورد است که اختلاف کلمه‌ای یا اسمی دیده می شود

امیدواریم که با تطبیق این ضرب الامثال گوشه ای از مشترکات زیاد فیمابین ایران و شبه قاره ، بویژه ایران و پنجاب را نشان داده باشیم ـ

آ ـ الف

- آواز دهل از دور خوش است ـ
  دور دے ڈہول سہانے ـ
- آہن به آہن بریده می شود ـ
  لوہا لوہے نوں کٹدا اے ـ
- از کوزه همان بیرون تراود که در اوست ـ
  اوہا کجھ چوونے جیہڑا بھانڈے وچ ہووے ـ
- از گرسنه پرسیدند که دوپانزده چند می شود ؟ گفت سی نان (دری) ـ
  بھکھے کولوں کسے پچھیا دو تے دو کتنے ، آکھیوس چار روٹیاں ـ
- از ماست که بر ماست ـ
  اپنا کیتا اپنے سر ـ
- اسپ و زن و شمشیر وفادار که دیده ؟ (دری) ـ
  وارث رن، تلوار، فقیر، گھوڑا چارے تھوک ایہ کسے دے یار نائیں ـ
- اگر حنظل خوری از دست خوشخو به از شیرینی از دست ترشرو

کھلے متھین ساگ دتاوی گوشت نالوں چنگا ۔

- انتظار بدتر از مرگ است ۔
بھٹ رناں جیونا جنہاں لگانی آس ۔

- اول اندیشہ و آنگہی گفتار۔
پہلاں تول وت بول ۔

- اول خویش بعد درویش ۔
اول خویشاں بعد درویشاں ۔

- این سبوگر نشکند امروز، فردا بشکند ۔
کاٹھ دی ہانڈی مڑ مڑ نئیں چڑھدی۔

- این گوی و این میدان ۔
ایہ گھوڑا ایہ گھوڑے دا میدان ۔

ب

- با حلوا گفتن دھن شیرین نمی شود ۔
حلوا آکھیاں منہ مٹھا نہیں ہوندا ۔

- بدکرداری بدانجامی ۔
مندیں کمیں نانکا جد کد مندا ہو۔

- بر خیز پگاہ و شادمان باش ۔
کرماں والے جاگدے ستے رہن نبھاگ۔

- بز را غم جان است و قصاب را غم پیہ ۔ یا : بز در غم جان قصاب در غم چربو ۔
بکرا روئے جان نوں قصائی روئے میجھ نوں ۔

- بہ اندازۂ گلیم خود پا دراز کن ۔
چادر ویکھ کے پیر کھلار۔

- بی زبانی زڑا ژخاٹی بہ ۔
چبل نالوں چپ بھلی ۔

پ

- ملک خدا تنگ نیست پای گدا لنگ نیست ۔
ہتھ ٹھوٹھا تے دیس موکلا ۔

- پرسان پرسان می رود بہ ہندوستان ۔

پچھدیاں پچھدیاں بندہ کابل اپڑ ویندا اے۔

ت

- تازہ می پرسد لیلی نربود یا مادہ۔
ساری رات ہیر گانوی وڈ ویلے پچھدا جے ہیر مرد آھی یا زنانی۔
- تو خربوزہ خور تو را با فالیزہ چہ کار۔
توں امب چوب تن گکڑاں نال کیہ۔
- تو نیکی کن و در دجلہ بینداز۔
نیکی کر کھو وچ سٹ۔
- تیر از کمان جستہ و دل از دست رفتہ باز بدست نیاید۔
موہنوں نکلی گل تے کمانوں چھٹا تیر واپس نئیں آندے۔
- تودۂ شعیر است و نگہبان حمار۔
جُواں دا ڈہیر کھوتا رکھوالا۔

ج

- جل بر گاو بست۔
کھوتے نوں جھل پوانی۔
- جنگ با نہنگ کردن و در دریا ماندن۔
پانی وچ رہنا سنسار نال ویر۔
- چاہ کن را چہ درپیش۔
جہڑا کھوہ کھٹدا اے اوہا وچ ڈہاندا اے۔
- چشم ما روشن دل ما شاد۔
اکھیں سکھ کلیجے ٹھنڈک۔
- چوب خدا صدا ندارد۔
خدا دی لاٹھی بے آواز اے۔
- چہ خواھد کور جز دو چشم بینا۔
انہا کیہ منگے دو اکھیں۔

ح

- حلوا خوردن را روی باید۔
ایہ منہ مسراں دی دال۔
- حیای خود را در دست خود نگہدار۔

اپنی پت اپنے ہتھ۔

• حیلہ جو را بہانہ بسیار۔

من حرامی حجتاں ڈھیر۔

خ

• خرپیر و افسار رنگین۔

بڈھی گھوڑی لال لگام۔

• خود را فصیحت (و) دیگران را نصیحت۔

آپ لڑی ویندی آھی دوجیاں منیں دیندی آھی۔

• خود کشتہ ای حافظ را خود تعزیہ می داری۔

آپے ماریں آپے پٹیں۔

د

• درخانہ مور شبنمی طوفان است۔

کیڑی نوں ٹھوٹھا وی دریا اے۔

• درخانہ آرد نی در کوچہ دو تنور۔

گھر دانے نئیں ماں چکی پین چلی۔

• دلا خوش باش کہ نان ما بہ روغن افتاد۔

پنجے (انگلیاں) کھیو وچ ہونا۔

• دیگ شرکت بہ جوش نمی آید۔

سانجھے دی ہانڈی چو راہے وچ بھجدی اے۔

ر

• رقص کردن خود نداند صحن را کج می گوید۔

نچ نہ جانے ویہڑا ڈنگا۔

• ریسمان سوخت ولی کجی اش بیرون نرفت۔

رسی سڑ گئی پر وٹ نہ گیا۔

• ریش دراز و دروغ۔

چٹی داڑھی آٹا خراب۔

• ریش در آسیا سفید کردہ ۔
داڑھی دھپے چٹی کیتی سو۔

س

• سگ باش برادر خورد مباش ۔
کھوتا بن پر نکا بھرا نہ بن ۔
• سگی را نشانی بر تخت بلند۔ بہ لیسیدن آسیا می رود۔
کتا راج بہائیے تے چکی چٹن جا۔

ش

• شیخ صورت دیو سیرت ۔
شکل مومنان کرتوت کافراں

ص

• صید را چون اجل آید سوی صیاد دود ۔
گدڑ دی موت آوے تے شہر ول نسدا اے۔

ط

• طامع ہمیشہ خوار است ۔
طمع گناہ دی مار۔

ظ

• ظرافت آتش افروز جدائی است ۔
ہاسے دا مداسا ۔

غ

• غریقی دست اندازد بکاہی ۔
ڈبدے نوں تیلے دا سہارا ۔

ق

• قرض مقراض محبت است ۔
جتھے ہووے پیار اتھے نہ کرئیے ادھار۔
• قیمت زعفران چہ داند خر۔

کھوتا کی جانے گلقند ۔

ک

- کوزۂ تو دو روز آب سرد دارد ۔
  نوں دے نو دیہاڑے ۔
- کوہ کندن و موش بر آوردن ۔
  کھٹیا پہاڑ نکلیا چوہا ۔

گ

- گر کنی بر مہ تفو بر روی تو باز آید او ۔
  آسمان دا تھکیا منہ تے ۔
- گرگ نگہبان گوسفند
  گوشت بہ دست گربہ سپردن
  بگھیا ڑ نوں واڑہ سونپہ ۔
- گویم مشکل، وگرنہ گویم مشکل ۔
  بولاں تد وی ماں مارسی، نہ بولاں تد وی ۔

م

- مار گزیدہ از ریسمان می ترسد ۔
  سپ دا ڈنگیا رسی توں ڈردا اے ۔
- مار نزاید جز مار بچہ ۔
  سپ دا پتر سپو نگلا ۔
- مہمان عزیز است مگر تا سہ روز ۔
  نت دا پروسنا اَن بھونا ۔

ن

- نوش بی نیش حاصل نشود ۔
  کر مزدوری کھا چوری ۔
- نیم حکیم خطر جان، نیم فقیر خطر ایمان ۔
  نیم حکیم جان دا گھاٹا، نیم ملاں ایمان دا گھاٹا ۔

ہ

- ہر جا کہ نمک خوری نمکدان مشکن ۔
  جس بھانڈے وچ کھائیے اس نوں نہ تروڑیے ۔

- هر زبان را گفتگوی دیگر است ـ
  جتنے منہ اتنیاں گلاں ـ
- هر کجا شکرستان بود مگس باشد ـ
  جتھے گڑ اتھے مکھیاں ـ
- هر که را سر بزرگ درد بزرگ ـ
  جیڈا سر ایڈیاں سر پیڑاں ـ
- هر سگی به خانهٔ خود دلیر ـ
  کتا وی اپنی گلی وچ شیر ہوندا اے ـ
- هم دزد و هم چست ـ
  نالے چور نالے چتر ـ
- هم چوب را خورد، هم پیاز و هم پول داد ـ
  سو چھتر وی کھادے سو وسل وی ـ

ی

- یا مکن با فیلبانان دوستی یا بنا کن خانه‌ای برخورد فیل
  اتھاں والیاں نال یاری لائیے تاں بوہے اُچے رکھئے ـ
- یک انار و صد بیمار ـ
  اک انار سو بیمار ـ
- یک دست صدا ندارد ـ
  اک ہتھ تال تاڑی نئیں وجدی ـ
- یک سر و هزار سودا ـ
  اک سر سو سر پیڑاں ـ
- یک نه و صد هزار آسانی ـ
  اک نہ سو سکھ ـ
- یهودی چون فقیر شود به حساب‌های کهنه رجوع کند ـ
  جٹ بھکھا ہویا تا پرانیاں وہیاں پٹ بیٹھا ـ

مآخذ

۱ ـ امثال و حکم از علی اکبر دهخدا ـ چاپ امیر کبیر تهران، ۳۹ـ۱۳۳۸ ش ـ

۲ ـ پنجابی آکھان از سید شریف احمد شرافت نوشاہی ـ نسخہ‌ٔ دستنویس در کتابخانہ‌ٔ مؤلف ـ ساہن پال ـ گجرات ـ

۳ ـ پنجابی دے آکھان از مرزا سلطان بیگ ـ لاہور بک ڈپو، لاہور ـ

۴ ـ داستانہای امثال از امیر قلی امینی ، اصفہان ۱۳۵۱ ش ـ

۵ ـ ریشہ ہای تاریخی امثال و حکم از مہدی پرتوی آملی ـ انتشارات مجلہ‌ٔ ہنر و مردم، تہران ـ

۶ ـ مجمع الامثال از محمد علی ہبلہ رودی، باہتمام صادق کیا ، انتشارات ادارۂ فرہنگ عامہ، تہران. ۱۳۰۴ ش ـ

۷ ـ محبوب الامثال از مولوی محبوب عالم ـ پیسہ اخبار، لاہور، ۱۹۳۱م

ڈاکٹر محمد انصار اللہ

استاد شعبۂ اردو۔ مسلم یونیورسٹی۔ علی گڑھ۔ بھارت

صناد ید تاریخ گوئی

۱۴۰۶ھ

مضمون متعلق فن تاریخ سے ہے

اس واسطے تاریخ کسی قصہ تاریخ

۱۴۰۶ھ **(۱)**

علم تواریخ سے ایرانیوں کی دلچسپی بھی غالباً عربوں کے فیوض میں سے ہے۔ فارسی میں عربی زبان کی جو قدیم ترین کتابیں ترجمہ ہوئی ہیں ان میں ابو جعفر محمد بن جریر طبری (متوفی ۳۱۰ھ/۹۲۲ء) کی ''تاریخ الامم والملوک'' بھی ہے جو عام طور سے تاریخ طبری کے نام سے معروف ہے۔ یہ کتاب: "تاریخ عمومی است از آغاز آفرینش تا ۳۰۹ھ"۔ ۱ اس کتاب کو ابو علی محمد بن محمد بلعمی (متوفی ۳۸۶ھ/۹۹۶ء) نے غالباً ۳۵۶ھ/۹۶۷ء میں فارسی زبان میں منتقل کیا تھا۔

چونھی صدی ہجری/دسویں صدی عیسوی میں ہی ابو بکر محمد ترشخی نے اپنی کتاب ''تاریخ بخارا'' لکھی تھی۔ پانچویں صدی ہجری/گیارھویں صدی عیسوی کی فارسی زبان کی تصانیف میں بھی ایک سے زاید کتابیں براہ راست اور بالواسطہ علم تواریخ کے موضوعات سے متعلق ہیں۔ سب سے اہم کتاب ابوالفضل بیہقی کی ہے جو تاریخ بیہقی کے نام سے مشہور ہے۔ ان گرانقدر تصانیف کی موجودگی میں ایرانیوں کے تاریخی شعور اور علم تواریخ سے ان کی قدیم دلچسپی میں شبہ کی گنجائش نہیں رہ جاتی۔

فارسی کی قدیم کتابوں میں بھی خواہ وہ نظم میں ہوں یا نثر میں واقعات کو محفوظ کر لینے کا رجحان ملتا ہے اسی رجحان نے ترقی کر کے بالآخر

" تاریخ گوئی " کی صورت اختیار کر لی۔مولوی محمد غیاث الدین نے لکھا ہے :

" تاریخ وقت چیزے پدید کردن۔ از منتخب۔ و در اصطلاح تعیین کردن مدتے را از ابتدائے امر عظیم و قدیم۔ از کنز و منتخب "۔ ۲

اسی بات کو اردو میں اس طرح کہا گیا ہے :

'' تاریخ ۔ کسی چیز کا وقت ظاہر کرنا ۔ علم کسی واقعہ اور حادثہ کا ۔ کسی امر عظیم اور مدت کا تعین کرنا '' ۔ ۳

تاریخ کے ذیل میں انسانوں کی پیدایش اور موت ، سیر وتفریح ،جنگ وجدل وغیرہ کے علاوہ عمارتوں کا زمانۂ تعمیر اور کتابوں کا سال تصنیف وغیرہ بھی شامل ہے ۔

'' وقت وقوع واقعہ '' کے اظہار کی آسان ترین صورت یہ ہے کہ مدت کو صریحاً اعداد میں بیان کر دیا جائے ۔ ان اعداد کو تین طرح سے ظاہر کیا جا سکتا ہے : (الف) ہندسوں میں (ب) لفظوں میں اور(ج) حروف کی مدد سے۔ پہلی صورت حساب اور ریاضی میں مستعمل ہے۔ باقی دونوں صورتیں فن تاریخ گوئی سے متعلق ہیں۔ اس طرح وہ عدد یا اعداد کا مجموعہ اور حروف یا کلمات یا ان کا مجموعہ جس سے " تاریخ " کا اظہار ہو " مادہ تاریخ " کہا جائے گا اور تاریخ کی وہ شکل جس میں زمانے کا بیان اعداد کی مدد سے کیا جائے " صوری " کہلاتی ہے چنانچہ موسوی رعد نے لکھا ہے :

'' صوری آنست کہ سال مطلوب فقط در الفاظ بیان کردہ شود '' ۴

چونکہ اس صورت میں اعداد کو لفظوں میں ظاہر کرتے ہیں اس کو '' ملفوظی '' بھی کہا جا سکتا ہے ۔ یہ طریقہ بہت سادہ بھی ہے اور آسان بھی چنانچہ نثری تحریروں میں بھی یہی مروج ہے ۔ نظم میں بھی اسی طریقہ کو ابتدا میں اختیار کیا گیا تھا اور تا دیر اس کا رواج رہا ہے ۔

ابتدائی زمانے میں فارسی تصانیف پر عربی کا اثر بہت رہا ہے ۔ شاید اس زمانے میں عربی جاننے اور لکھنے کو بہتر علمیت کی دلیل خیال کرتے تھے خصوصاً ہندوستان میں یہ صورت زیادہ تھی ۔ کتابوں کے علاوہ کتبوں کی عبارتوں میں بھی عربی کلمات کا استعمال نادر و کمیاب نہیں ہے ۔

ملک تاج الدین ریزہ دبیر مملکت نے قلعہ گوالیار کی فتح کے موقع پر فارسی میں ایک رباعی کہی تھی جو قلعے کے دروازے پر لکھی ہوئی بتائی گئی ہے۔

رباعی

هر قلعه که سلطان سلاطین بگرفت
ازعون خدا ونصرت دین بگرفت
آن قلعه گوالیار وآن حصن حصین
در ستمایة سنه ثلثین بگرفت۵

اسی طرح '' تاریخ فیروز شاهی '' کے مصنف نے بھی لکھا ہے :

"گوید بندهٔ امیدوار ۰۰۰ ضیاء الدین برنی که چون در سنه عشرین و سبع مأیه ۰۰۰"۔ ۶

شہاب حکیم نے بھی اپنی تاریخ " مآثر محمود شاهی '' میں عموماً عربی کے کلمات کا استعمال کیا ہے مثلاً :

'' دلاورخاں بتاریخ سنه تسع وثمان مأیة دنیاے فانی را وداع کرد ''۷

لیکن یہ ظاہر ہے کہ فارسی کی تحریروں میں کلمات فارسی ہی زیادہ لطف دیتے ہیں ۔ انہی کا استعمال اہل تصانیف نے زیادہ کیا ہے۔

اعداد کے بارے میں فارسی اور اردو میں اصول تو یہی ہے کہ پہلے ہزار یا سینکڑے کا عدد بیان کیا جائے پھر دھائی کا اور آخر میں اکائی کا مذکور ہو جیسا کہ خواجہ امیر خسرو (متوفی ۷۲۵ھ/۱۳۲۵ء) نے اپنی مثنوی " مطلع الانوار " میں کیا ہے :

سال که از چرخ کهن گشته بود
از پس شش صد نود و هشت بود

لیکن نظم میں ہندسوں کی اس ترتیب کی ہمیشہ پابندی نہیں کی گئی ہے۔ خسرو نے بھی مثنوی شیریں خسرو میں کہا ہے

در آغاز رجب شد فرخ این فال
زهجرت شش صد وهشت و نود سال

اور اپنی مثنوی '' ہشت بہشت '' میں بھی کہتے ہیں

سال هجری یکے و ہفصد بود
کین بنا برد سربہ چرخ کبود

ایک جگہ اکائی کو دھائی سے پہلے اور دوسری جگہ اکائی کو سینکڑے سے پہلے لائے ہیں ۔تاریخوں کے نظم کرنے میں ہندسوں کا الٹ پلٹ کر دینا عام رہا ہے ۔ اس کی قدیم تر مثالیں بھی مل سکتی ہیں جیسے نظامی گنجوی نے اپنی مثنوی ''لیلیٰ مجنوں'' میں کہا ہے :

تاریخ عیاں کہ داشت با خود
ہشتاد و چہار بعد پا نصد

اس نے مثنوی ''خسرو شیرین'' میں تاریخ ہندسوں کی صحیح ترتیب کے ساتھ نظم کی ہے یعنی

گذشتہ پانصد وہفتاد وشش سال
نزد برخط خو بان کس چنین خال

یہ متعین نہیں کہ اس قسم کی تاریخ گوئی کی ابتدا کس نے اور کب کی تھی لیکن ساتویں صدی ہجری/تیرھویں صدی عیسوی کے آغاز کے ساتھ ہی اس باب میں ترقی کی ایک صورت دیکھنے میں آتی ہے۔ سلطان شہاب الدین محمد غوری نے ۶۰۲ھ/۱۲۰۶ء میں شہادت پائی تھی ۔کسی نے تاریخ نظم کی

سوم زغرۂ شعباں بسال شش صدودو
فتادہ در رہ غزنی بمنزل دمیک ۸

اس میں شاعر نے مہینہ اور تاریخ کے علاوہ واقعہ کی نوعیت اور محل کا بھی بیان کر دیا ہے ۔

خواجہ نصیر الدین طوسی اپنے وقت کے غیر معمولی عالم اور شاعر تھے ۔ انھوں نے مختلف واقعات کی تاریخیں نظم کی ہیں ۔ ان کی تاریخیں عموماً زیادہ معلومات افزا ہوتی ہیں ۔ ہلاکو کی وفات کی تاریخ انھوں نے اس طرح کہی ہے۔

سال بد شش صد وشصت وسه شب یکشنبه
کہ شب نوزدہم بدز ربیع الآخر

اس میں سال ، مہینہ ، تاریخ اور دن کے علاوہ وقوع واقعہ کا وقت بھی بیان کر دیا ہے ۔

آٹھویں صدی ہجری / چودھویں صدی عیسوی میں تاریخ گوئی کا شوق عام ہو چلا تھا ۔ مصنفین اپنی کتابوں کی تاریخیں بھی نظم کیا کرتے تھے ۔ ظہیر گرامی نے اپنی نظم ''مقدم الصلوۃ'' ۷۱۳ھ/۱۲-۱۳۱۳ء میں مکمل کی تھی چنانچہ کہتا ہے

چو در ہفصد و سیزدہ سالہا
شد اتمام از ہجرت مصطفا ۹

نویں صدی ہجری/پندرھویں صدی عیسوی کے آغاز تک یہ شوق بہت ترقی کر گیا تھا ۔ اس زمانے میں مختلف انداز کی تاریخیں کہی گئیں ۔ ایک قطعہ امیر تیمور کی وفات کے موقع پر کسی نے کہا تھا جس میں اس کی پیدایش جلوس اور وفات کے سنہ الگ الگ مصرعوں میں نظم کیے ہیں

سلطان تیمور کہ مثل او شاہ نبود
در ہفصد و سی و شش آمد بوجود
در ہفصد و ہفتاد ویکے کرد جلوس
در ہشصد و ہفت کرد عالم بدرود ۱۰

بعد میں اس قسم کے قطعے اپنے اپنے زمانوں میں مختلف شاعر کہتے رہے ہیں ۔ بابر کے بارے میں یہ قطعہ لایق توجہ ہے

در ہشتصد و ہشتاد و ہشت آمد چو بابر در جہان
نہصد و سی بود و دو، چون فتح کرد ہندوستان
تاریخ ششم ماہ پنجم بود نہصد و سی و ہفت
تا از جہان بیرون کشید و کرد رخ سوے جنان ۱۱

ان قطعوں میں ولادت، جلوس اور وفات کی تاریخیں یکجا کی ہیں اور اسی لیے ان کی اہمیت ہے ۔

ایسی تاریخیں جن میں کسی واقعہ کا سال سیدھے سادے لفظوں

میں بیان کیا گیا ہو تیرھویں صدی ہجری/انیسویں صدی عیسوی تک بھی کہی گئی ہیں لیکن ان کا چلن کم ہو گیا تھا۔ جونپور کے ایک روضہ کے کتبہ پر یہ تاریخ بتائی گئی ہے

سنہ دو صدو نہ و یک ہزار است
از ہجر رسول نامدار است ۱۲

چودھویں صدی ہجری/بیسویں صدی عیسوی میں شاید ایسی تاریخیں نہیں کہی گئی ہیں جو محض ''صوری'' ہوں۔

زبان ہندوی (قدیم اردو) میں بھی زمانہ قدیم سے ایسی تاریخیں کہی جا رہی تھیں۔ کہا جاتا ہے کہ بیانہ (جو کبھی صوبہ آگرہ کی سرکار تھا) کے عوام کی زبانوں پر یہ دوہرا جاری تھا

اگارہ سو نہتر پھاگ تیج، دی وار بجے مندر توڑا ابو بکر قندھار ۱۳

یہ زمانہ ۱۱۷۳ھ/۱۱۱۶ء سے مطابق ہوتا ہے۔ ہندوی میں اتنے قدیم زمانے میں اس قسم کی تاریخوں کا نظم کیا جانا توجہ طلب ہے لیکن اس بارے میں شبہ نہیں کہ یہ انداز ہندوی میں بہت مقبول ہوا ہے۔ مولانا داود نے اپنی نظم ''چندائن'' میں بھی کہا ہے

برس سات سے ہوئے اناسی
تہیا یہ کب سر سے بھاسی

۷۷۹ سال ہجری ہے دسویں صدی ہجری کے آغاز میں قطبن نے بکرمی سنبت بھی نظم کیا۔

(۲)

ایجاد پسند طبیعتیں ایک روش پر قائم نہیں رہتیں۔ وہ ہمیشہ نئی نئی راہوں کی جستجو کرتی ہیں۔ یہ کہنا فی الوقت ممکن نہیں کہ فارسی میں تاریخ سب سے پہلے کس نے کہی تھی لیکن قیاس کہتا ہے کہ اس کا آغاز چوتھی صدی ہجری/دسویں صدی عیسوی میں ہو چکا تھا۔ فردوسی نے اس صدی کے آخری برس یعنی ۴۰۰ھ میں سیدھے سادے انداز سے تاریخ نظم کرنے کی بجائے حساب کے ایک قاعدے کو پہلی بار تاریخ میں داخل کیا۔ کہتا ہے

زہجرت شدہ پنج ہشتاد بار
کہ گفتم من ایں نامہ شاہوار

" پنج ہشتاد بار " یعنی ۵×۸۰ جلر سو ہوئے۔ یہی مطلوبہ سال کا عدد ہے۔

اس کے بعد تاریخ گوئی میں مختلف لوگوں نے مختلف قاعدوں کا استعمال کیا ہے۔ چنانچہ محمد علی جویا مراد آبادی نے اس کو " صنعت ریاضی " کا نام دیا ہے :

" صنعت ریاضی ۔ جس قدر قاعدے ریاضی کے مشہور ہیں سب سے تاریخ پیدا ہو سکتی ہے مثلاً جمع، تفریق، ضرب، تقسیم، اربعہ، ستہ کسور اعشاریہ وغیرہ کے کل قاعدوں سے تاریخ بنا سکتے ہیں۔"

اس پر درگا پرشاد نادر نے لکھا ہے :

" ذرۂ بیمقدار (نادر) عرض کرتا ہے کہ اگر اس کو صنعت حسابیہ کے نام سے لکھتے تو مناسب تھا کیونکہ یہ سب قاعدے حساب کے ہیں۔ اور ممکن ہے کہ ایک ہی مادہ میں دو تین عملوں سے کام لیا جائے " ۱۲

بعض تاریخ گویوں نے ایک ہی طریقہ حساب سے کام لیا ہے، اور بعض نے ایک سے زاید عملوں سے فایدہ اٹھایا ہے چنانچہ ذیل میں کچھ مثالیں دی جاتی ہیں :

حاکم بیانہ محمد خاں اوحدی صدیقی نے قلعہ بیانہ میں ایک کنواں بنوایا تھا اس پر لکھا ہے

زہجری نبوی سال بود ہشصد و بست
دگر سہ سال بماہ معظم رمضان ۱۵

پہلے مصرع میں " ہشصد و بست " کہا۔ پھر دوسرے مصرعہ میں " سہ " کو بیان کیا۔ اس کو جوڑیں تو مطلوبہ سال ۸۲۳ھ معلوم ہو گا۔

تیرھویں صدی ہجری/انیسویں صدی عیسوی کے مشہور لکھنوی شاعر شیخ امام بخش ناسخ نے منتظم الدولہ حکیم مہدی علی خاں کی معزولی

کی تاریخ تقسیم کے قاعدے سے نکالی ہے ۔

از جائے حکیم ہشت برگیر

سہ مرتبہ نصف نصف کم کن

آٹھ کا آدھا چار ، اس کا آدھا دو اور پھر اس کا بھی آدھا ایک لکھو تو ۱۲۴۸ کے عدد نکل آئیں گے ۔ درگا پرشاد نادر نے بھی صنعت تقسیم کی ایک مثال دی ہے :

'' میری رائے ناقص کے موافق صنعت تقسیم کی مثال یہ ہو سکتی ہے

بارہ کا پونا اور چھٹا حصہ دیکھ لو

یعنی پہلے باؤ کو سینکڑہ سمجھو ۔ پھر اس کے پونے یا تین چوتھائی یعنی نوکو دھائی بناؤ ۔ اور اسی بارہ کو چھ پر تقسیم کر دو ۔ دو خارج قسمت کو اکائی کی جگہ لکھو تو اس کتاب یعنی مراۃ خیالی کی تصنیف و تالیف کے ہجری سنہ ۱۲۹۲ پیدا ہوں ۔'' ۱۶

اردو میں بھی صنعت حسابیہ کا استعمال خاصہ قدیم ہے ۔ خوب محمد چشتی نے اپنی مثنوی '' خوب ترنگ '' کی تاریخ اس شعر میں کہی ہے

خوب محمد کنے بچار چودہ گھاٹ اس برس ہزار

۹۸۶ ۱۴ — ۱۰۰۰ = ۹۸۶ھ

پہلے مصرع میں جمل کے حساب سے تاریخ نکالی ہے اور دوسرے میں تفریق کے عمل سے کام لیا ہے ۔

اس سے پہلے جمع کے طریقہ سے تاریخ کہنے کی مثال یہ مصرع ہے

نو سے اوپر تھا بتیسا

۹۰۰ + ۳۲ = ۹۳۲ھ

یہ ابراہیم لودی پر بابر کی فتحیابی کی تاریخ ہے ۔

یہاں تک ان تاریخوں کا بیان کیا گیا ہے جن میں صرف اعداد یا ہندسوں سے کام لیا گیا ہے ۔ مختلف صنعتوں کے ساتھ اعداد سے تاریخیں بعد میں بھی نکالی گئی ہیں لیکن محض سیدھے سادے طور پر بغیر کسی حسابی عمل کے تاریخیں نظم کرنے کا سلسلہ زیادہ مدت تک جاری نہیں

رہا ۔

(۳)

ان تاریخوں کے ذکر سے پہلے جن میں اعداد کا اظہار حرفوں سے ہوتا ہے یہ جاننا ضروری ہے کہ خود ان حروف میں کس طور پر ارتقا ہوا ہے

محققین کا اس بارے میں اتفاق ہے کہ دنیا کے تمام قدیم وجدید حروف تہجی سامی حروف سے مأخوذ ہیں ۔ عربی اور ہندوستانی حرفوں کا مأخذ بھی یہی سامی حروف ہیں ۔ جناب محمد اسحاق صدیقی کی تحقیق کے مطابق :

'' سامی حروف کے قدیم ناموں اور ان کی آوازوں کو عبرانی نے بڑی حد تک محفوظ رکھا ہے ۔ ۔ ۔ موجودہ عبرانی حروف کے نام قدیم سامی سے قریب تر ہیں ۔ ان میں سے ہر ایک کے معنی ہیں ۔ '' ۱۷

ان کا کہنا یہ بھی ہے کہ سامی قوم سے پہلے کسی قوم نے حروف سے اعداد کا اظہار نہیں کیا تھا ۔ بعد میں دنیا کی مختلف قوموں نے اس طریقہ کو اختیار کیا چنانچہ :

'' عبرانی میں حروف سے ۴۰۰ تک ' یونانی میں نوسو تک ' عربی میں ایک ہزار تک ' جارجین میں دس ہزار تک اور آرمینین میں بیس ہزار تک اعداد منسوب ہیں '' ۱۸

جناب اسحاق صدیقی نے یہ بھی فرمایا ہے کہ :

'' عبرانی میں حروف کی عددی قیمتیں مقرر ہیں اور ان کی ترتیب اس طرح ہے :

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰

ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت
۲۰	۳۰	۴۰	۵۰	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰

حروف کی یہ ترتیب نہایت قدیم ہے ۔ چنانچہ عبرانی کے علاوہ یونانی اور کسی حد تک رومن میں بھی محفوظ ہے ۔ ABCD ا ب ج د کے ۔ KLMN ک ل م ن کے ۔ اور QRST ق ر ش ت کے مقابل ہیں ۔ عربی میں اس ترتیب کو ترتیب ابجد کہتے ہیں کیونکہ پہلے

چار حروف ملا کر پڑھنے سے لفظ ابجد بنتا ہے ''۱۹

موصوف کی تحقیق کے مطابق عبرانی کے مذکورہ بائیس حرف قدیم ہیں ۔ عربی میں چھ مزید حرفوں کا بعد میں اضافہ کیا گیا ہے ۔ بائیس قدیم اور چھ جدید حرفوں کو ملا کر آٹھ کلمے وضع کیے گئے ہیں ۔ ان کلمات کے معنی میں اہل تحقیق نے جو کاوش کی ہیں مولوی محمد غیاث الدین نے مختصراً ان کو اس طرح نقل کیا ہے :

'' معانی این الفاظ مذکورہ صاحب مدار الافاضل چنین نوشتہ :

ابجد ای ابیٰ وجد فی المعصیۃ یعنی پدر من کہ آدم بود یافتہ شد در گناہ یعنی گناہے ازو بوجود آمد ۔

ھوز ای اتبع ھواہ یعنی پیروی کرد ہوائے نفسانی خودرا

حطی ای حط ز نبہ بالتوبہ والاستغفار یعنی کم کردہ گناہ او بہ توبہ کردن و استغفار ۔

کلمن ای تکلم بکلمتہ فتاب علیہ بالقبول والرحمتہ یعنی کلام کردہ بکلمہ پس قبول شد توبۂ او ۔

سعفص ای ضاق علیہ الدنیا فافیض علیہ یعنی تنگ شد برو دنیا پس ریختہ شد برو ۔

قرشت ای قر بذنبہ فشرف بالکرامہ یعنی اقرار کرد بگناہ خویش پس شرف بکرامت یافت ۔

ثخذ ای اخذ من اللہ قوۃ یعنی گرفت ازحق تعالی قوت را ۔

ضظغ ای صدعتہ نزغ الشیطان بالغریمتہ یعنی بندشد ازو نزغ شیطان بعزیمت ای بکلام حق و توحید

و بعضے نوشتہ کہ :

اباجاد نام شاہے بود کہ ابجد مخفف آنست و ھفت کلمات باقی اسمای فرزندان اوست

و در رسالہ ضوابط عظیم معنی ہرھشت الفاظ مذکورہ چنیں نوشتہ

ابجد ۔ آغاز کرد ہوز ۔ در پیوست حطی ۔ واقف شد

کلمن ۔ سخنگوشد سعفص ۔ ازو آموخت قرشت۔ ترتیب کرد
ثخذ ۔ نگاہداشت ضظغ ۔ تمام کرد '' ۲۰

جو بھی ہو، اتنی بات ظاہر ہے کہ حروف تہجی کی قدیم ترین ترتیب یہی معلوم ہوتی ہے، پھر جب ان کی صورتیں مقرر ہو گئی تھیں تو ان کی مناسبت کے پیش نظر سہولت کے لیے انھیں ایک دوسرے انداز سے ترتیب دے لیا گیا اور وہی ترتیب '' '' ابتث '' ہے ۔

جناب محمد اسحاق نے بتایا ہے کہ اعداد کے حرفوں سے اظہار کے طریقے سے عربوں نے کئی قسم کے کام لیے تھے ۔ انھوں نے تعویذ نویسی کے علاوہ رصد گاہوں میں بھی اس طریقہ کا استعمال کیا ۔ علمائے ہیئت سیاروں کی گردش کا حساب بجائے اعداد کے حرفوں میں لکھتے تھے ۔ عربوں نے حرفوں کی عددی قیمتوں سے ایک دلچسپ خط بھی ایجاد کیا جو الشجری یا قلم مشجر کہا گیا ۔ اہل ایران اسے خط سرو کہتے ہیں۔ ۲۱ لیکن اس طریقے سے تاریخ گوئی کا کام ان سے پہلے دوسری اقوام نے بھی لیا تھا ۔

ڈاکٹر پھول بہاری شرما (ریڈر شعبہ ہندی، مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ) کی زبانی راقم کو معلوم ہوا کہ سنسکرت میں تاریخ گوئی کے ایک سے زاید طریقے تھے ۔ ڈاکٹر شرمی راملی راجیشور شرما (ریڈر، شعبہ سنسکرت، مسلم یونیورسٹی) نے بتایا کہ ابتدائی زمانے میں سنسکرت میں تاریخ گوئی کے لیے بعض ایسے لفظوں کا انتخاب کیا جاتا تھا جن کی تعداد مسلّم اور متعین ہوتی تھی ۔ ان کو لکھ کر ان کی تعداد کے مطابق عدد شمار مراد لیتے تھے مثلاً :

اکاس یا سنیہ = صفر
برھم (خدا) یا چندرما (چاند) = ایک
آنکھ ، کان ، ہاتھ ، مہینے کے پکش (نصف) یعنی پندرھواڑے = دو
گن (خواص) = تین
بید، برن ، جگ، سمندر = چار
پنچ بھوت (عناصرخمسہ) یعنی اگ ، پانی ، مٹی ، ہوا اور خلا ۔
اندری (حواس خمسہ) ، بان ، اور تیر=پانچ
شاستر بھرمر (بھونرا جس کے چھ پیر ہوتے ہیں) = چھ

پربت ، رشی ، سُر = سات

جوگ ، گج = آٹھ

گرہ (تارے) = نو

ردشا (سمت) = دس

رُدر = گیارہ

آوت (سورج) = بارہ

وعلیٰ ھذا القیاس تیرہ ، چودہ وغیرہ کا بھی یہی حال ہے لیکن عام طور سے تاریخ گویوں کو صرف ان لفظوں سے معاملہ ہوتا ہے جن کی تعداد صفر سے نو تک ہوتی ہے کیونکہ تمام اعداد انھیں دس ہندسوں سے ترکیب پا کر بنتے ہیں ۔

جیسا کہ معلوم ہے سنسکرت کی تحریر فارسی ، اردو کے برخلاف بائیں طرف سے داہنی طرف کو چلتی ہے اعداد کے لیے اس کے برعکس صورت اختیار کی جاتی ہے یعنی ان کو سیدھی طرف سے لکھنا شروع کرتے ہیں ۔ تاریخ گوئی میں بھی اسی طریقہ پر عمل کیا جاتا ہے یعنی جو کلمہ اکائی کے لیے ہوتا ہے اسے سب سے پہلے لکھتے ہیں ۔ اس کے بعد دھائی پھر سینکڑہ اور پھر ہزار والا لفظ لکھا جاتا ہے مثلاً ۷۵۴ کے لیے لکھیں گے ۔

पर्वत	इन्द्रिय	वेद
(پربت)	اندری	(بید)
۷	۵	۴

ان متعلقہ ہندسوں کی برعکس ترتیب کے ساتھ یکجا لکھ دینے سے مطلوبہ عدد حاصل ہو گا ۔ اعداد کو اس طور سے ظاہر کرنے کا طریقہ اصطلاح میں '' بھوت سنکھیا '' (شمار موجودات) کہلاتا ہے اس طریقہ میں سہولت کے لیے کلمات عددی کے اوپر ہندسے اور آخر میں لفظ '' ورش '' لکھ دیتے ہیں بالکل اسی طرح جیسے فارسی ، اردو میں ان کے نیچے عدد تحریر کیا جاتا ہے مثال کے طور پر ۱۹۸۵ء کو اس طرح ظاہر کریں گے :

۹ ۴ ۸ ۷

वर्ष	चन्द	ग्रह	गज	बाण
ورش	چند	گرہ	گج	بان
۱	۱	۹	۸	۵

چھٹی صدی عیسوی/پہلی صدی قبل ہجرت میں آریہ بھٹ اول نامی ایک شخص نے حرفوں کو اعداد کے بدل کی حیثیت سے استعمال کیا تھا ۔ جناب محمد اسحاق صدیقی کا کہنا ہے :

"اول اول حرف سے اعداد منسوب کرنا حسابی ضروریات کی بنا پر نہ تھا ۔ حروف سے اعداد منسوب کرنے کی تحریک غالباً بابلی مذہب کے زیر اثر ہوئی تھی۔" ۲۲

یہ کہنا بہت مشکل ہے کہ آریہ بھٹ اول نے اعداد کو حرفوں سے ظاہر کرنے کا تصور کہاں سے لیا تھا لیکن اس کے اس کارنامے کی داد دی جانی چاہیے کہ اس نے اس سے تاریخ نکالنے کا نادر لیکن نہایت مفید کام لیا ۔ اس نے حروف صحیح کے علاوہ ماتراؤں کے واسطے بھی اعداد مقرر کیے تھے اور تاریخ نکالتے وقت ان کو بھی شمار کرتا تھا ۔ اس کا طریقہ خاصا دقت طلب ہو گیا تھا اسی لیے شاید کسی اور نے اسے برتنے کی کوشش نہیں کی ۔

چوتھی صدی ہجری/دسویں صدی عیسوی میں آریہ بھٹ ثانی نے اپنے پیشرو کے طریقہ کو آسان بنایا۔ اس نے تمام حرفوں کو چار گروہوں میں تقسیم کیا اور ہر گروہ کے حرفوں کی قیمت صفر سے نو تک مقرر کی۔ اس طرح:

۱	२	३	४	५	६	७	८	९	०
क	ख	ग	घ	ङ०	च	छ	ज	झ	ञ
क	ख	ग	घ	ङ	च	छ	ज	झ	ञ
ट	ठ	ड	ढ	ण	त	थ	द	ध	न
ट	ठ	ड	ढ	ण	त	थ	द	ध	न
प	फ	ब	भ	म					
प	फ	ब	भ	म					
य	र	ल	व	श	ष	स	ह		
य	र	ल	व	श	ष (क्ष)	स	ह		

*ڈاکٹر شری راہل راجیشو شرما نے بتایا کہ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ اعداد کو حرفوں سے ظاہر کرنے کی روایت ویدوں سے شروع ہوئی ہے واللہ اعلم۔

اس تقسیم میں پہلے چار حرف کَ ۔ ٹَ ۔ پَ ۔ یَ ۔ ہیں۔ ان کی مناسبت سے اس طریقہ کو عرف عام میں "کاٹا پایا" کا طریقہ کہتے ہیں۔ اس طریقہ میں کسی لفظ میں آنے والے ہر حرف کی قیمت اس کے مقام کے مطابق ہوتی ہے یعنی سیدھی طرف سے آنے والا پہلا حرف اکائی کا، دوسرا دھائی کا، تیسرا سینکڑہ کا اور چوتھا ہزار کا ہوگا۔ تاریخ نکالتے وقت حرف مجرد حروف کے اعداد لیے جاتے ہیں مثلاً ۱۷۳۰ کو اس طرح ظاہر کرینگے ۔



ञ	ल	थ	ड
ٹ	تھ	ل	یاں
۱	۷	۳	

''کاٹا پایا'' کے طریقے میں ماتراوں (اعراب) کی کوئی عددی قیمت نہیں ہوتی ۔ کسی بھی حرف کے ساتھ کوئی بھی ماترا لگائی جا سکتی ہے مثلاً ۱۹۸۵ کو اس طرح لکھیں گے :



की	धु	जि	मा
کی	دھ	ج	ما
۱	۹	۸	۵

ماتراوں کے باوجود حرفوں کا یہ مجموعہ با معنی نہیں ہوتا بلکہ قاعدہ یہ ہے کہ کسی نوعیت کے التباس سے بچنے کے لیے اس بات پر نگاہ رکھی جاتی ہے کہ حرفوں کا یہ مجموعہ با معنی نہ ہو جائے ۔

''کاٹا پایا'' کا طریقہ کئی اعتبار سے بہت آسان تھا ۔ تمام حروف تہجی میں سے کسی بھی حرف کو لے کر اس پر کوئی بھی ماترا بنا سکتے ہیں۔ ہر حرف کے نیچے اس کی مقررہ عددی قیمت لکھ دینے سے مطلوبہ عدد حاصل ہو جاتا ہے اس طریقہ کو رواج حاصل ہوا ۔

تاریخ گوئی کے مذکورہ سبھی طریقے نظم میں استعمال ہوتے تھے ۔ لمبے لمبے عددوں کو شعر کی بحروں میں کھپا دینا آسان نہیں تھا ۔ ان طریقوں سے یہ بات ممکن ہو گئی ۔ ان طریقوں کے مطابق تاریخوں کو یاد رکھنا بھی آسان ہو گیا ۔ غلطی کا بھی امکان کم ہو گیا ۔

عربی، فارسی میں تاریخ گوئی کے جو بھی طریقے رائج ہیں ان سب میں، دو تین کو چھوڑ کر، بالآخر حساب کو دخل ہو گیا تھا اسی وجہ سے

فن تاریخ گوئی کو حساب میں رکھ گیا ہے۔ تاریخ گوئی کا وہ طریقہ جس میں حروف ابجد کا استعمال ہوتا ہے اصطلاح میں "جمل" کہلاتا ہے :

"جمل بضم جیم و تشدید و فتح میم بمعنی حساب اعداد حروف ابجد و بایں معنی بہ تخفیف میم نیز آمدہ" ۲۳

حساب جمل کس نے ایجاد کیا تھا؟ وہ کس زمانے میں تھا؟ کہاں کا رہنے والا تھا؟ یہ سب کچھ نہیں معلوم - یہ بھی نہیں معلوم کہ اس نے کلمات جمل کو تاریخ گوئی کے لیے استعمال کرنے کا تصور کہاں سے لیا تھا - جو بھی ہو، ہمیں اس کی ذہانت کی داد ضرور دینی چاہیے -

حساب کے معاملے میں ہندوستان ایک مدت سے پیش پیش رہا ہے ہندوستان میں ترکوں، عربوں اور ایرانیوں کی آمد و رفت کا سلسلہ ظہور اسلام سے بہت پہلے شروع ہو چکا تھا لیکن اس وقت اپنی تجارت کو فروغ دینے کے سوا ان کے پیش نظر اور کوئی مقصد غالباً نہیں تھا - یہاں کے علوم و فنون کی طرف بھی انھوں نے کچھ زیادہ توجہ نہیں کی تھیں -

ظہور اسلام کے بعد ان کے مقاصد میں بہت تنوع آ گیا تھا - انھوں نے یہاں کی ایک ایک چیز سے دلچسپی لی - یہاں کے مذہب اور معاشرت کو سمجھنے کی شعوری کوشش کی - یہاں کی زبانیں سیکھیں اور یہاں کے علمی خزانوں کو کھنگالا - ہندوستان میں رہ کر مسلمانوں نے وہ سبھی کچھ کیا جو ایک زندہ، ہوشمند، وسیع النظر اور ترقی پسند قوم کر سکتی تھی - سلطان محمود غزنوی نے ہندوستان کے لیے جو سکے جاری کیے ان پر سنسکرت زبان میں ترجمہ کروا کر کلمۂ طیبہ لکھوایا تھا - سلطان محمد غوری اور اس کے جانشینوں نے اپنے ہندوستانی سکوں پر لچھمی (دیبی) کی تصویر بنوائی- پھر سلطان التتمش اور اس کے اخلاف نے اس کی جگہ شیو (دیوتا) کے بیل (نندی) کی تصویر والے سکے جاری کئے- اس زمانے میں سکوں پر بکرمی سنبت بھی لکھا گیا - مسلم عالموں نے ہندی زبان میں گیتوں کے مباح ہونے کا فتوا جاری کیا - یہ سب امور اس حقیقت پر صاف دلالت کرتے ہیں کہ مسلمانوں نے بتدریج ہندوستان کے علوم و فنون اور مذہب تک میں درک حاصل کر لیا تھا - ان حالات میں یہ بات بخوبی ممکن ہے کہ عربی

کے حروف تہجی کے مقررہ ہندسوں کی حسابی ضرورتوں سے استعمال کرنے کا خیال بھی ہندوستان ہی کا فیض ہو۔ اسی کے نتیجے میں بالآخر جمل کے قاعدے سے تاریخ گوئی کے سلسلے کا آغاز ہوا ہوگا۔

ڈاکٹر نذیر احمد صاحب کی زبانی معلوم ہوا کہ تیسری صدی ہجری نویں صدی عیسوی میں فارسی میں شعر گوئی کا آغاز ہو چکا تھا۔ اس زمانے کا پہلا شاعر حنظلہ بادغیسی مانا گیا ہے اس کے بعد محمد بن وصیف سگزی کا نام لیا جاتا ہے جو ۲۵۳ھ/۸۶۷ء کے آس پاس شعر گوئی میں مصروف تھا۔

پانچویں صدی ہجری/گیارھویں صدی عیسوی تک فارسی شاعری خوب ترقی کر چکی تھی۔ کئی باکمال شاعر اپنی صلاحیتوں سے اس زبان کو مالا مال کر چکے تھے۔ فردوسی کا شاہنامہ، ابو حامد محمد غزالی کی کیمیائے سعادت حسن میمندی کی سیف الملوک و بدیع الجمال، خواجہ عبداللہ انصاری کا گنج نامہ جیسی تصانیف وجود میں آ چکی تھیں۔ حمیدالدین ابو معین ناصرین خسرو قبادیانی اپنا دیوان مرتب کر چکا تھا۔ نثر و نظم کی اس ترقی کے ساتھ ساتھ تاریخ گوئی کا بھی آغاز ہوا۔ فردوسی نے شاہنامہ میں اس کی تاریخ نظم کی تھی البتہ اس نے حروف جمل کا استعمال نہیں کیا تھا۔

معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان میں قیام کے دوران آریہ بھٹ دوم کے طریقہ تاریخ گوئی یعنی ''کاٹا پایا'' نے مسلمانوں کو متوجہ کیا تھا۔ انھوں نے اس طریقہ کو اپنے طور پر استعمال کرنا شروع کیا۔ صریحاً سال ہجری کا بیان کرنے کے بجائے انھوں نے مجرد حرفوں سے عددوں کا کام لیا۔ اس قسم کی تاریخوں کو اصطلاح میں ''معنوی'' کہتے ہیں۔ میر نادر علی رعد نے لکھا ہے:

"معنوی آنست کہ سال مطلوب بہ حساب جمل از اعداد حروف مادہ تاریخ برآید، خواہ از اعداد حروف زبر باشد یا از بینات، یا از ہردو عام ازیں کہ از مجموعہ اعداد جملہ حروف مادہ تاریخ سال مطلوب حاصل شود یا از اعداد بعضے حروف"۔ ۲۴

اس مقام پر ''مادۂ تاریخ'' کے مفہوم کی وضاحت بھی ضروری ہے

درگا پرشاد نادر کا کہنا ہے :

'' ایسے چند حرفوں کے اجتماع کو تاریخ کا مادہ کہتے ہیں جن کے عدد جو جمل کے حاصل ہوں سنہ و سال مطلوبہ کے برابر ہوں ۔ اب عام ہے کہ جملہ جس کو مادہ قرار دیا ہے موزوں ہو یا ناموزوں یعنی پیوستہ ہو خواہ پراگندہ ۔ '' ۲۵

یہ تعریف پوری طرح صحیح نہیں ہے صحیح یہ ہے کہ مادہ تاریخ کوئی عدد، حرف، کلمہ، فقرہ، جملہ، مصرع یا شعر بھی ہو سکتا ہے ۔ عدد حرف یا کلمہ بھی ہو سکتا ہے اور دو یا زاید کا مجموعہ بھی۔

یہ بھی ضروری نہیں ہے کہ مادۂ تاریخ مطلوبہ تاریخ کو پورا پورا ظاہر کرے البتہ اچھا مادہ وہ ہے جس میں کمی بیشی کی ضرورت نہ ہو۔

مادۂ تاریخ کے لیے یہ بھی لازم نہیں ہے کہ وہ صراحت کے ساتھ تاریخ کو ظاہر کرے ۔ کبھی تاریخ در پردہ بھی ہوتی ہے اور اس تک پہنچنے کے لیے بعض حسابی عمل کرنے ہوتے ہیں ۔ ایسے مادے '' معما '' کی حدوں میں بھی پہنچ سکتے ہیں ۔

ایسی تاریخیں جن میں اعداد کی جگہ حروف جمل کا استعمال کیا جاتا ہے غالباً چھٹی صدی ہجری/بارھویں صدی عیسوی سے پہلے نہیں لکھی گئی تھیں ۔ مشہور شاعر خاقانی نے اپنے قصیدے میں جو اس نے جمال الدین اصفہانی وزیر موصل کی مدح میں کہا تھا یہ شعر شامل کیا ہے :

در سنہ ثا ، نون ، الف بہ حضرت موصل
راندم ثا ، نون ، الف سزائے صفاہان

اس میں '' ثا ' نون ' الف '' مجرد حروف ہیں ۔ شاعر نے ان کو ملا کر با معنی کلمہ " ثنا " نظم نہیں کیا ہے۔ مجرد حرفوں کا استعمال سنسکرت کے '' کاٹا پایا '' کے طریقے میں ہوتا ہے ۔ اس طریقے میں مادۂ تاریخ بے معنی لایا جاتا ہے ۔ خاقانی نے بھی یہی کیا ہے ۔ ثا ' نون ' الف سے کوئی مطلب مستفاد نہیں ہوتا ہے ۔

خاقانی نے سینکڑہ کا حرف پہلے اس کے بعد دھائی کا اور آخر

میں اکائی کا نظم کیا ہے جب کہ تحریر اعداد میں پہلا ہندسہ اکائی کا ہوتا ہے اعداد میں ہندسوں کا برعکس لکھنا سنسکرت کے '' بھوت سنکھیا '' کے قاعدے کے مطابق ہے اس طرح خاقانی کی اس تاریخ میں دونوں طریقوں کا امتزاج ہے ۔ فرق اتنا ہے کہ اس میں ہندسوں کو جمع کر کے مطلوبہ سال کے عدد معلوم ہوتے ہیں اس طرح :

ثا + نون + الف

۵۵۱ھ = ۵۰۰ + ۵۰ + ۱

تاریخ گوئی کے اس ابتدائی طریقے کے بارے میں عارف نوشاہی نے لکھا ہے کہ :

'' ان عددی حروف کا استعمال کچھ عرصہ پہلے تک علم نجوم میں ہوتا ہے ، مثال کے طور پر اس دور کی جنتریوں میں مہینے کی تیسری، بارھویں، پچیسویں اور سال کی دو سو گیارھویں تاریخ علی الترتیب بصورت ج ۔ یب ۔ کہ ۔ ربا لکھی ملتی ہے۔ گرچہ تقویم سازوں نے ۱۷ ۔ محرم ۲۴۵ لکھنا چاہا تو " یز محرم از سنہ رمہ " لکھ دیا ۔ یہاں ' رمہ ' صرف اپنا عددی مفہوم بتاتا ہے اور اس کا فارسی لفظ رمہ بمعنی ریوڑ کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے ۔ اس طرح عدد نویسی میں ۱۳۲ ۔ ۲۵۴ ۔ ۳۱۲ اور ۴۸۶ کے لیے جہاں لفظ قلب ، رند ، شیب اور تفو کا استعمال ہوا ہے وہاں ان کا اپنے لغوی مفہوم کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے '' ۲۶

اس اقتباس میں بھی جتنی مثالیں دی گئی ہیں ان میں حروف کی ترتیب عدد کے ہندسوں کی ترتیب کے برعکس ہے ورنہ ۱۳۲ کو ب + ل . ق سے اور ۲۵۴ کو د + ن + ر سے ظاہر کیا جانا چاہیے تھا ۔ اس سے ہمارے اس قیاس کی تائید ہوتی ہے کہ یہ طریقہ سنسکرت کے بھوت سنکھیا کے قاعدے سے مناسب ہے ۔

تاریخ گوئی کے لیے خاقانی نے جو راہ دکھائی تھی اس پر بعد کے مختلف شاعروں نے چلنے کی کوشش کی ۔ نظامی نے بھی اپنی مثنوی

'' لیلی مجنوں '' میں کہا ہے :

آراستہ شد بہ بہترین حال
در سلخ رجب بہ ث ، ف ، دال
تاریخ عیاں کہ داشت با خود
ہشتاد و چہار بعد پا نصد

اس میں بھی '' ث ، ف ، دال '' بالکل اسی ترتیب سے آیا ہے جیسے خاقانی کی تاریخ میں '' ث ، ن ، الف '' ہے چنانچہ مطلوبہ سال کے عدد حاصل کرنے لیے ان حرفوں کی ترتیب بدل کر ان کی عددی قیمت کو جمع کرنا ہو گا. اس طرح :

دال + ف + ث

۵۸۴ = ۵۰۰ + ۸۰ + ۴

صوری تاریخوں کے سلسلے میں یہ بات آ چکی ہے کہ تاریخ گویوں نے بندسوں کی تقدیم و تاخیر کو جائز کر لیا تھا۔ معنوی تاریخوں میں بھی یہی ہوا ۔ ساتویں صدی ہجری تیرھویں صدی عیسوی میں مادۂ تاریخ کے حرفوں کی ترتیب بدل کر انھیں بامعنی بنانے کی کوشش کی گئی ۔ اس کی مثال شیخ سعدی کی تاریخ وفات سے ملتی ہے شیخ نے ۶۹۱ھ میں انتقال کیا۔ مندرجہ بالا روش کے مطابق اس کے حروف الف، ص، خ ہوئے انھیں با معنی بنانے کے لیے خ، الف، ص یعنی " خاص" کی صورت دے دی گئی۔ یہی شیخ سعدی کی وفات کا مادۂ تاریخ ہوا ۔

آٹھویں صدی ہجری/چودھویں صدی عیسوی میں فن تاریخ نے ترقی کا ایک قدم اور بڑھایا ۔ عربی کے حروف تہجی ایک نقطہ کی کمی بیشی سے بدل جاتے ہیں۔ شاعر کی نکتہ رس طبیعت نے اس صورت حال سے فائدہ اٹھایا ۔ امیر تیمور کے سال جلوس کی تاریخ کسی نے اس طرح کہی

یا بی تو جلوس تیمیر سلطان را
یک نقطہ نہی گر بسر دال دعا

عربی حرف دال کے اوپر ایک نقطہ رکھ دو تو وہ ذال بخذ ہو جائیگا

جس کی عددی قیمت سات سو ہے۔ اور امیر تیمور نے ۷۷۱ھ میں وفات پائی تھی جس کے حروف ذل+ع+الف ہیں۔ شاعر نے انہیں کا ذکر کیا ہے۔

ساتویں صدی ہجری تک جتنی تاریخیں ملتی ہیں ان میں مجرد حروف کلام میں لائے گئے ہیں اس لیے عربی کے حروف ہی کافی تھے۔ فارسی کے مخصوص حرفوں کو صرف میں لانے کی ضرورت پیش نہیں آئی اس زمانے تک عدد کے ہندسہ کے واسطے ایک ہی حرف لانے کا التزام ہوتا تھا۔ اس کی وجہ سے شاعر خاصا مجبور تھا۔ باوجود یکہ حرفوں کو مقدم اور مؤخر یا منقوط و غیر منقوط بنا لیتے تھے، جدت کے لیے گنجایش بہت کم تھی۔ مذکورہ پابندی کے ساتھ دسویں صدی ہجری کے اختتام یعنی ۹۹۹ھ تک تمام تاریخیں سہ حرفی ہی ہو سکتی تھی البتہ اس صدی کے بعد جب ہندسوں والے سنوں کا سلسلہ شروع ہوا تو مادۂ تاریخ بھی چار حرفی ہو سکتے تھے۔ اس میں استثنائی صورت بھی تھی مثلاً شاہ جہاں بادشاہ نے ممتاز محل بیگم کی وفات کی تاریخ صرف دو حرفوں یعنی غ + م (۱۰۰۰ + ۴۰) یعنی غم سے نکالی تھی۔ اس میں شبہ نہیں کہ اس کے ذہن میں اس کلمہ کے لغوی معنی بھی تھے جو اس موقع سے پوری مناسبت رکھتے تھے۔ معلوم ہوتا ہے کہ آٹھویں صدی ہجری/چودھویں صدی عیسوی سے ہی مادۂ تاریخ کے بارے میں شاعر یہ خیال رکھتے تھے کہ وہ حسب حال بھی ہو۔ درگا پرشاد نادر نے بھی لکھا ہے کہ

'' سب سے بہتر وہ مادہ ہے جو اس واقعہ پر دلالت کرتا ہو جس کی کہ وہ تاریخ ہے۔ '' ۲۷

یہی بات میر نادر علی رعد نے بھی کہی ہے۔

'' بدانکہ فقرہ یا مصرع تاریخ در ہر قسم کہ باشد ' باید کہ مناسب حال و مقام باشد و از وقوع واقعہ تاریخ نسبت کلی داشتہ باشد۔'' ۲۸

اس بنا پر جدت پسند طبیعتوں نے بعض نئی صورتیں اختیار کیں۔

سنسکرت میں تاریخ گوئی کے قاعدہ '' کاٹا پایا '' میں مجرد حرفوں کے ساتھ ماتراؤں کے اضافے کی اجازت تھی اور ان ماتراؤں کے عدد

شمار میں نہیں آتے تھے ۔ فارسی کے تاریخ گویوں نے اس طریقے کو اختیار کیا اور وہ مادۂ تاریخ کے حروف کے ساتھ بعض زاید حرف اس طرح لانے لگے کہ ان سے ایک یا زاید بامعنی کلمات وجود پاتے تھے ۔ اس کی نہایت کامیاب مثال محمد علی جویا مراد آبادی کے یہاں ملتی ہے جس کا ذکر درگا پرشاد نادر نے اس طرح کیا ہے :

" صنعت اوایل جب کہ سر بر حرف سے تاریخ پیدا ہو ۔
ھاتف و حور و پری آدم گفت " ۔ ۲۹

مادۂ تاریخ '' ہ ' ح ' پ ' الف '' ہے ۔ ان کے اعداد اگر برابر برابر اسی ترتیب سے لکھ دیں تو ۱۲۸۵ سال مطلوبہ حاصل ہو گا ۔ شاعر نے ان حرفوں کے بعد دو اور تین حرف مزید لا کر ان چاروں سے چار بامعنی کلمات بنا لیے ۔ اس طریقہ میں '' کاٹا پایا '' کے طریقہ کی تمام شرطیں پوری ہوتی ہیں ۔ اس میں صرف ان حروف ابجد کو کام میں لایا جا سکتا ہے جن کی عددی قیمت ایک سے نو تک ہے ۔

درگا پرشاد نادر نے مذکورہ طریقہ کا ذکر کرنے کے بعد لکھا ہے کہ :

" بندہ اسی کتاب کی تألیف سنہ عیسوی میں یوں عرض کرتا ہے

ہمدم عابد و ضیا غافل اند ۱۸۷۵ عیسوی

گو ہر چہار چہار شاعرات کے تخلص ہیں مگر اول و آخر کو تخلص نہ گردانو تو گویا صحبت نسواں سے پرہیز کرنے کی ایک عمدہ نصیحت ہے اور تاریخ تالیف کتاب بھی ظاہر ہے " ۳۰

نادر کا خیال صحیح نہیں ۔ یہ تاریخ اس قاعدے سے نہیں ہے ۔ اس میں ہر کلمہ کے حرف اول کی عددی قیمت کو جمع کرنے سے مطلوبہ سال برآمد ہو گا ، اس طرح :

ہ + ع + ض + غ = ۵ + ۷۰ + ۸۰۰ + ۱۰۰۰ = ۱۸۷۵ء

اس میں اکائی کے لیے الف سے ط تک ' دھائی کے واسطے ی سے ص تک ، سینکڑے کے لیے ق سے ظ تک کے حروف کام میں لائیں گے ۔

میر عبدالجلیل واسطی بلگرامی بارھویں صدی ہجری/اٹھارھویں

صدی عیسوی کے اوایل کے بڑے باکمال اور قادر الکلام تاریخ گو ہوئے ہیں ۔ انھوں نے قلعہ ستارہ کی فتح کے موقع پر عالمگیر اورنگ زیب کے سامنے جو قطعات پیش کئے ان میں سے ایک میں کہتے ہیں

چو سیوا و سنبھا و وانا بگینی
زتیغ شہنشاہ گشتند پارہ
الفہائے ایں واجہ ھا رابیک جا
نوشتیم تاریخ فتح ستارہ

اس میں سیوا، سنبھا، وانا کے چاروں الف یعنی عدد ایک کو برابر برابر لکھو تو ۱۱۱۱ھ کے عدد نکل آئیں گے۔ یہ اگرچہ جویا مراد آبادی کی "صنعت اوایل" نہیں ہے لیکن "کاٹا پایا" کے قاعدے کے مطابق ہے واسطی نے اسی قطعہ میں کہا ہے :

چنین تاریخ گفتن اختراعی ست
شد از عبد الجلیل ایں آشکارا

مادۂ تاریخ کے حرفوں سے چار نام بنا لینے کی حد تک یہ ان کی '' اختراع '' ضرور ہے ۔

اسی واقعہ سے متعلق واسطی نے ایک تاریخ اور کہی ہے جس میں انھوں نے '' ایہام '' بتایا ہے :

زانگشتان شہ بر مد ایہام
برابر چار الف کردم نظارہ

چار انگلیوں سے ۱۱۱۱ھ کے ہندسوں کا مشاہدہ کر لینا دلچسپ بھی ہے اور شاعر کی خوش فکری کی دلیل بھی ۔

مجرد حرفوں سے تاریخ کہنے کی ایک اور دلچسپ مثال شیخ کاظم حسین صدیقی بھپھوندوی نے شاہ ایڈورڈ ہفتم کے جلوس کی تاریخ ۱۹۰۱ء کے سلسلے میں پیش کی ہے ۔ کہتے ہیں

جلوس قیصری راسال بجستم سروشم گفت
حروف ابجد اے کاظم یک از اول دو از آخر

حروف ابجد میں پہلا ایک الف ہے اور آخری دو ضظغ کے ظ + غ ہیں ۔ ان کی عددی قیمت کو جمع کریں تو (۱+۹۰۰+۱۰۰۰ =) ۱۹۰۱ء حاصل ہو گا ۔

اسی سلسلے میں محمد علی جویا کی '' صنعت تقسیم '' کا ذکر بھی مناسب ہے ۔ لکھا ہے :

'' صنعت تقسیم وہ ہے کہ عدد کے حصہ دو چند یا سہ چند لیے جائیں ۔ مثال

لے دال کر دو چند سہ چند اس کو پھر متیں = ۱۲۸۴

یعنی اول اکائی میں دال کے عدد ۴ کو رکھا ۔ پھر اس کے دو چند کو ، پھر اسی کے سہ چند ۱۲ کو لکھا ۔ ''

درگا پرشاد نادر نے صحیح لکھا ہے کہ اس صنعت کو '' صنعت ضرب '' کہنا مناسب ہے ۔ ۳۱

محمد علی جویا نے '' کاٹا پایا '' کے طریقے کو ایک دوسرے مقام پر '' صنعت عجیب '' کے نام سے بھی اختیار کیا ہے لکھتے ہیں :

" صنعت عجیب ۔ اس حرفوں کے عدد بجنسہ حسب مراتب لکھے جاتے ہیں ۔ مثال

سال تاریخ " احبا" جویا

حروف	=	ا	ح	ب ا
اعداد	=	۱	۸	۲ ۱
مراتب	=	۱	۸۰	۲۰۰ ۱۰۰۰

پس ۱۲۸۱ھ حاصل ہوئے

درگا پرشاد نادر نے کہا ہے کہ :

'' اس کا نام صنعت المراتب موزوں معلوم ہوتا ہے ۔ '' ۳۲

یہ دراصل '' کاٹا پایا '' کی وہ صورت ہے جس میں مجرد حروف لیے جاتے ہیں اور ماترائیں بھی شامل نہیں ہوتیں ۔ تلاش کی جائیں تو مجرد حرفوں سے ان کی مقررہ قیمتوں کے ساتھ تاریخ کہنے کی بعض صورتیں اور بھی مل سکتی ہیں ۔

(۴)

آٹھویں صدی ہجری/چودھویں صدی عیسوی سے پہلے تک اصول یہ معلوم ہوتا ہے کہ مطلوبہ سال کے پر ہندسہ کے واسطے ایک ہی حرف لاتے تھے ۔ آٹھویں صدی میں اس میں سہولت پیدا کی گئی یعنی تاریخ گو کو اس بات کا اختیار دیا گیا کہ وہ عدد کے جس ہندسے کے چاہے اس طرح ٹکڑے کرے کہ ان سب ٹکڑوں کا مجموعہ سال مطلوبہ کے عدد کے برابر ہو جائے ۔ ظاہر ہے کہ ابتدا میں زیادہ ٹکڑے نہ کیے گئے ہوں گے ۔ ٹکڑے کرنے کا خیال کچھ بہت دور کی بات بھی نہیں تھی کیونکہ تاریخوں میں تقسیم، ضرب، تفریق اور جمع کے تمام طریقے کام میں لائے جانے لگے تھے ۔ بہرحال اس سہولت نے تاریخ گوئی کے فن کو یک لخت بہت زیادہ ترقی دے دی اس باب میں بڑی وسعتیں پیدا ہو گئیں اور ایسی تاریخیں کہی جانے لگیں جو شاعری ہی نہیں، ہمارے شعری ادب کے لئے بھی سرمایہ فخر و مباہات ہیں ۔

امیر تیمور کا سال وفات ۸۰۷ھ ہے ۔ شاعر نے اکائی کے ہندسے کے دو ٹکڑے ۶+۱ کر لیے ۔ اور اس طرح ۸۰۰+۶+۱ حاصل ہو گیا ۔ اس کو ض+و+الف سے ظاہر کیا گیا ۔ اس مادۂ تاریخ کو نظم کرنے کے لیے کے اس نے اس کے شروع میں " ر " اور آخر میں " ن " کا اضافہ کیا تو " رضوان" سامنے آیا ۔ اب اس نے کہا :

در هفتصده شعبان سوے علیین تافت
فی الحال ز رضوان سروپا بیرون کرد ۳۳

رضوان کے سر اور پیر نکال دو " ضوا " بچ رہے گا ۔ یہی مادۂ تاریخ ہے ۔

یہ بے سروپا کر دینے کی بات تاریخ گویوں کو بہت پسند آئی ۔ کئی شاعروں نے تاریخ وفات کے لیے ایسا ہی کیا ہے شاہ عالم بہادر شاہ نے ۱۱۲۴ھ میں وفات پائی ۔ شاعر نے اس کے عدد کے کئی ٹکڑے کئے اور پھر ان کی جگہ حروف ابجد لایا اسی طرح :

۱۱۲۴ = ۲۰۰ + ۴ + ۱۱۰ + ۸۰۰ + ۱۰

ی + ص + عم + د + ر

ان سب کے شروع اور آخر میں ایک ایک حرف لا کر انھیں بامعنی کلمات میں تبدیل کیا اور پھر ان کلمات کے ''بے سروپا'' کیے جانے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے نظم کر دیا۔

از وفاتش بے سروپا شدند فیض وفضل ونعمت وعدل وکرم

حکیم مومن خاں مومن نے بھی شاہ عبدالعزیز کے انتقال کی تاریخ بالکل اسی طریقے پر کہی :

دست بیداد اجل سے بے سروپا ہو گئے

فقر ودیں		فضل وہنر		لطف وکرم		علم وعمل	
۱۰۰	۱۰	۸۰۰	۵۰	۹	۲۰۰	۳۰	۴۰

۱۲۳۹

نواب مصطفا خاں شیفتہ مرحوم نے مولانا الطاف حسین حالی نے بھی مومن خاں کے طرز پر تاریخ نظم کی

شدز فوت آں بے سروپا تمام

وفا ،	کرم ،	بذل و	تقو و ورع
۸۰	۲۰۰	۷۰۰	۱۰۰

۱۲۸۰

حالی کی یہ تقسیم کمزور ہے ۔ صرف پانچ ٹکڑے کیے ہیں ۔ ان میں بھی ایک ٹکڑے کی تکرار ہے ۔ قادر الکلام شاعر اسے پسند نہیں کر سکتے ۔

اوپر کی مثالوں میں مادۂ تاریخ کے تمام حروف کسی بامعنی کلمہ کے وسط میں آئے ہیں ۔ بعد کے شاعروں نے اس میں جدت کی اور کبھی ان حروف کو کلمہ کے شروع میں لانے کا التزام کیا ہے اور کبھی آخر کلمہ میں لائے ہیں ۔ یہی نہیں بلکہ بعض شعرا نے اپنی مشاقی اور قدرت کلام کے اظہار کے لیے یہ بھی کیا ہے کہ کئی شعروں پر مشتمل قطعہ کہا اور اس قطعہ پر شعر یا ہر مصرع کے شروع میں کوئی ایسا کلمہ لائے ہیں جس کا حرف اول اگر لے لیں اور ان سب کے اعداد کو جمع کریں تو مطلوبہ تاریخ

نکل آئے گی ۔ اصطلاح میں اس کو صنعت توشیح کہتے ہیں ۔ اس کی ایک بہت اچھی مثال طرفہ قریشی کے یہاں نظر آئی ۔ انھوں نے نوح ناروی کی وفات کا قطعہ تاریخ اس صنعت میں کہا تھا ۔ قطعہ میں کل سترہ شعر ہیں ۔ ہر شعر کے دونوں مصرعے جن حرفوں سے شروع ہوتے ہیں ان کا مجموعہ اس طرح ہے :

صاحب اوج باخبر استاد

۱۳۸۲

حروف کے اس مجموعہ سے نوح کا سال وفات برآمد ہوتا ہے دلچسپ بات یہ ہے کہ یہ مجموعہ بجائے خود بھی موزوں مصرع ہے ۔

تاریخ گویوں نے اپنی جدت فکر سے مختلف صنعتوں میں تاریخیں کہی ہیں ۔ انیسویں صدی عیسوی کے نصف آخر میں محمد علی جویا مراد آبادی نے اس معاملے میں ایسی ایسی جدتیں دکھائی ہیں کہ حیرت ہو ۔ مثال کے طور پر کہتے ہیں ۳۴

" صنعت کمال جب کہ مادہ کے طاق طاق حرفوں سے الگ تاریخ نکلے اور جفت جفت سے الگ ۔ گویا ایک مادہ سے دو تاریخیں پیدا ہوں

فرخندہ و فرخ شود شادی بملک آید ۔ بہی

طاق حروف :

ف	+	خ	+	د	+	و	+	ر	+	ش
۸۰	+	۶۰۰	+	۴	+	۲	+	۲۰۰	+	۳۰۰
د	+	الف	+	ی	+	م	+	ک	+	ی
۴	+	۱	+	۱۰	+	۴۰	+	۲۰	+	۱۰
ب	+	ی								
۲	+	۱۰	=	۱۲۸۷ھ						

جفت حروف :

ر	+	ن	+	ہ	+	ف	+	خ	+	و
۲۰۰	+	۵۰	+	۵	+	۸۰	+	۶۰۰	+	۶

ش + د + ب + ل + ا + د

۳۰۰ + ۴ + ۲ + ۳۰ + ۱ + ۴

۵

د = ۱۲۸۷ھ

درگا پرشاد نادر کا کہنا ہے کہ اس صنعت کو '' صنعت الفرد و الزوج '' کہنا درست معلوم ہوتا ہے ۔ اسی طرح :

'' صنعت حسابیہ میں حساب کے کئی قاعدے کام میں لائے جاتے ہیں :

ولی مضروب ہے مولا کے سر سے ولی کے دل میں جس کا اک نشان ہے

ولی (و + ل + ی) کے ۴۶ عدد مضروب اور مولا کا سر (میم) کے ۴۰ مضروب فیہ ' جن کا حاصل ضرب ۱۸۴۰ ہوا ۔ ولی کا دل لام ہے جس کے ۳۰ عدد ہیں ۔ دونوں کو جمع کردیا تو مجموعہ ۱۸۷۰ سنہ مطلوب ہوئے اس کے ظاہر معنی مصطلح فقرا ہیں ۔ اہل دل اس کو خود جانتے ہیں ۔ تشریح کی حاجت نہیں '' ۳۵ ''

یہ صنعت معما کی حد میں داخل ہو گئی ہے ۔

صنعت حسابیہ کی ایک اور نہایت نادر صورت "گنجینہ تواریخ" میں نظر آئی ۔ اس کتاب کے مصنف میر نادر علی رعد نے اس کی تاریخ اس طرح کہی ہے :

جو چاہو فرض کر لو الفاظ
قلت سے ہوں یا کہ ہو بکثرت
جس طرح سے چاہو ان کے اعداد
محسوب کرو نہ ہو گی دقت
کچھ نقطے بڑھاؤ سیدھی جانب
جتنے تم چاہنے ہو حضرت
چار اس پر زیادہ کر کے فوراً
مجموعہ یہ پانچ پر ہو قسمت

حاصل پہ بڑھاؤ نصف اسی کا
جو کچھ بچ جائے بعد قسمت
حاصل جو ہو اس عمل سے آخر
محسوب ہو اس کی چوتھی قوت
اور اس پہ بڑھائے جو سترہ
پیدا ہو جائے سال ہجرت

= ۱۳۱۳

اس کی تشریح اس طرح ہے :

عدد مفروض = ۲۷۴
ایک نقطہ بڑھاؤ = ۲۷۴۰
۴ زیادہ کرو = ۲۷۴۴
۵ سے تقسیم کرو = باقی رہے ۴
اس کا نصف بڑھاؤ = ۴+۲ = ۶
اس کی چوتھی قوت = ۶×۶×۶×۶ = ۱۲۹۶
اس پر سترہ بڑھاؤ = ۱۲۹۶+۱۷ = ۱۳۱۳ھ

مصنف نے اسے '' صنعت نادر '' کہا ہے ۔

اس قسم کی اور بھی بعض مثالیں مل سکتی ہیں ۔ بخوفِ طوالت ہم ان کو چھوڑ رہے ہیں ۔

(۵)

مادۂ تاریخ کی تین صورتیں ممکن ہیں ۔ میر نادر علی رعد نے لکھا ہے :

'' باید دانست کہ مادۂ تاریخ کہ بوقوع واقعہ نسبت کلی داشتہ باشد گاہے زاید الاعداد یا ناقص الاعداد می باشد ۔ درین صورت تخرجہ یا تدخلہ یا ہر دو رامجوز داشتہ اند لیکن شرط آنست کہ مناسب حال و مقام باشد تاکہ حسن تاریخ را دوبالا کند ۔ " ۳۷

ایسے مادۂ تاریخ جو تاریخ کے اعداد کو پورا پورا ظاہر نہ کریں ، عدد

مطلوبہ سے کم ہوں گے یا زیادہ ہوں گے اس کمی بیشی کو پورا کرنے کے لئے یا تو کسی عدد کا اضافہ کیا جائے گا یا کم کریں گے ۔ اس درستی کے لیے جو اصطلاحیں مقرر ہیں ان کا بیان درگا پرشاد نادر نے اس طرح کیا ہے :

'' مادہ تاریخ کے عدد کچھ کم ہوں اور بہ اشارۂ لطیفہ اس پر کوئی حرف بڑھا کر سنہ مطلوب نکالیں ۔ اس عمل کو تعمیہ کہتے ہیں اور جب عدد اعداد مطلوبہ سے زیادہ ہو جائیں اور اس کو بہ کنایہ فصیح کم کریں اس عمل کا نام تخرجہ ہے۔'' ۳۸

تعمیہ لغت میں اندھا کرنے، کسی چیز کو چھپانے اور مجازاً معما کہنے کے معنی میں آتا ہے اس میں جوڑنے گھٹانے کی کوئی تخصیص نہیں ہے اس لیے صحیح یہ معلوم ہوتا ہے کہ تعمیہ اس عمل کو کہتے ہیں جب تاریخ گو کوئی کنایہ لا کر مطلوبہ اعداد حاصل کرنے کے لیے مادۂ تاریخ کے اعداد میں کمی بیشی کرتا ہے ۔

مادۂ تاریخ میں کچھ کمی کرنا یا نکال لینا عمل تخرجہ کہلاتا ہے اس کے برخلاف اس میں کوئی عدد زیادہ کریں یا داخل کریں تو اسے تدخلہ کہیں گے ۔ تعمیہ میں تخرجہ اور تدخلہ دونوں شامل ہیں لیکن عام طور پر سے تعمیہ کی اصطلاح کو تدخلہ کے معنی میں استعمال کرتے ہیں ۔ نادر نے بھی اقتباس بالا میں یہی کیا ہے ۔

عمل تعمیہ ہمیشہ معیوب نہیں ہوتا ۔ اس سے شاعر کی استعداد کی کمی پر بھی لازماً استدلال نہیں کیا جا سکتا ۔ شاعروں نے اکثر تاریخ کو زیادہ بامعنی اور زیادہ برمحل بنانے کے لیے بھی تخرجہ اور تدخلہ کے طریقہ سے فائدہ اٹھایا ہے بظاہر اس طریقہ کی ابتدا آٹھویں صدی ہجری/چودھویں صدی عیسوی کے اختتام یا بعد والی صدی کے آغاز میں ہوئی ہو گی ۔ نویں صدی ہجری میں تعمیہ سے کام لینے کی نہایت عمدہ اور کامیاب مثالیں ملنے لگتی ہیں ۔ امیر تیمور نے ۸۰۷ھ میں وفات پائی تھی ۔ اس زمانے کے ایک فاضل مولانا زاہد نے تاریخ کہی

زاہد پے تاریخ وفاتش آمد
بگرفت سروپائے قضا را سردد

'' قضا '' کے سر و پا کو الگ کر دو تو '' ض '' بچے گا۔ اس پر زاہد نے سر یعنی حرف '' ز '' کا اضافہ کیا تو سال مطلوبہ کے عدد ۸۰۷ حاصل ہو گیے۔

اسی موقع کی ایک دوسری تاریخ یہ ہے

سر زلف آورد و بر رخ نہاد ۳۹

'' رخ '' کے عدد آٹھ سو ہیں ۔ اس پر سر زلف یعنی '' ز '' کے عدد بڑھائیں تو ۸۰۷ بنیں گے ۔

۱۲۰۲ھ میں غلام قادر روہیلہ نے شاہ عالم ثانی کی آنکھیں نکال لیں ۔ پھر وہ مارا گیا۔ شاعر نے قطعہ تاریخ میں پورے واقعہ کو اس طرح نظم کیا ہے

کور چوں کرد شاہ را قادر
ایں ندا از سماء رسید یکبار
سر و پائے غلام قادر را
ببرد ، برفگن سرِ بازار

غلام قادر کا سر اور پیر '' غ '' اور '' ر '' ہے ۔ ان کو بازار کے سر سے ملائیں تو غ + ر + ب کے عدد ۱۲۰۲ھ ہوں گے ۔ یہی مطلوبِ شاعر ہے۔

تاریخوں میں تعمیہ کے عمل کی طرف اشارہ کے لیے بعض کلمات مقرر کر لیے گئے ہیں ۔ ان کی ایک مختصر سی فہرست درگا پرشاد نادر نے اس طرح درج کی ہے ۔

'' یاد رکھو کہ چند باتیں فن معما کی تاریخ گویوں نے مان رکھی ہیں جو تعمیہ و تخرجہ کے عمل میں مستعمل ہیں ۔ ذہن میں ان کا حاضر رکھنا ضروریات سے ہے ۔

تعمیہ و تخرجہ اکثر دو حرفی ، سہ حرفی لفظ کے ایک حرف سے کیا کرتے ہیں۔ پس سر کلمہ کے حرف کو ابتدا ، اول ، لب ، دست ، چشم ، رخ ، دھان ، دندان ، روے ، زبان ، بینی ، پیش ، شاخ ، سینگ ، راس ، سر ، جعد ، چوٹی وغیرہ الفاظ سے تشبیہ دیتے ہیں ۔

دوسرے حرف کو کہ وسط کلمہ ہو ان ناموں سے یاد کرتے ہیں ۔ وسط ، وسط ، درمیان ، میان ، کمر ، ضمیر ، دل ، جگر ، قلب ، شکم ، پہلو ، بازو ، ناف وغیرہ ۔

تیسرے حرف کے یہ نشان مقرر ہیں جو اکثر کلمہ کا اخیر ہوتا ہے ۔ انجام ، پا ، پس ، پایان ، انتہا ، مد ، اخیر ، دم ، پاشنہ ، زانو وغیرہ ۔

اگر میں ان سب کی مثالیں لکھوں تو طول فضول ہو ۔ مختلف شاعروں کی تاریخیں دیکھو ۔ سب کی مثالیں ظاہر ہیں ۔'' ۴۰

تخرجہ اور تدخلہ سے کام لینے کا رواج نویں صدی ہجری/پندرھویں صدی عیسوی کے بعد سے عام ہو گیا ۔ اس کی مثالیں آگے آئیں گی ۔

(۶)

اوپر تاریخ گوئی کے دو بنیادی طریقوں کا بیان ہوا ہے یعنی ہندسوں یا عددوں کی مدد سے تاریخ کا بیان کرنا قدیمی طریقہ تھا ۔ اس کے بعد حروف کے واسطے سے تاریخوں کا اظہار کیا جانے لگا ۔ آٹھویں صدی ہجری/چودھویں صدی عیسوی میں تاریخ گویوں نے ان دونوں کو ملا جلا کر تاریخیں بیان کرنے کا طریقہ نکالا یعنی ایک جزو صوری اور باقی معنوی ہوتا تھا ۔

بدر چاچ نے حاجی رجب اور شیخ رکن الدین کے آنے کی تاریخ اس طرح نظم کی تھی :

ہم بتاریخے کہ ماہ از سال ہفصد شد فزون
زین سفر ماہ محرم سابق شعبان رسید ۴۱

شاعر نے اس میں مختلف النوع رعایتیں ملحوظ رکھی ہیں ۔ محرم کے بعد صفر کا مہینہ آتا ہے ۔ لفظ " سفر " ہیں اس کی رعایت ہے ۔ سابق شعبان سے مراد رجب کا مہینہ ہے پہلے مصرع میں '' ماہ '' کے عدد ۴۶ کا اگر ہفصد پر اضافہ کریں تو سال مطلوبہ حاصل ہو گا ۔

بعد کے زمانے میں شاعروں نے اس طرز میں بھی نئی نئی صورتیں اختراع کیں ۔ شیخ کاظم حسین صدیقی پھپھوندوی نے '' تواریخ تخت نشینی حضور ملک معظم شاہ ایڈورڈ ہفتم قیصر ہند '' میں کئی نادر

تاریخیں شامل کی ہیں ۔ بعض یہ ہیں

ملک راعونِ واحد از پس و پیش
نگہبد اود ژشر بر بداند یش

اس کی شرح انھوں نے خود اس طرح بیان کی ہے :

" از لفظ ملک عدد آن کہ ۹۰ باشد خواستہ و عون واحد کہ از پس و پیش گفتہ پیش از عدد ملک عدد واحد کہ یک باشد ارادہ کردہ و بعد اعداد لفظ ملک ہمان عدد کہ یک باشد مراد گرفتہ بدیں صورت :

واحد ملک واحد
۱ ۹۰ ۱ = ۱۹۰۱ "

اس میں مادۂ تاریخ " ملک " ہے اس کے " پس و پیش " واحد یعنی ایک لکھ دیں تو متعلقہ تاریخ ظاہر ہو جائے گی ۔

ایک دوسری تاریخ اس سلسلے میں یہ ہے

نقطہ واحد و بر اطرافش
عدد واحد است بس دلکش

" قبل از نقطہ واحد عدد واحد کہ یک باشد ارادہ کردہ و بعد ہمان نقطہ عددِ لفظِ واحد کہ ۱۹ باشد مراد است ۔ در لفظ عدد واحد یکجا ترکیب مضاف و مضاف الیہ است و دیگر جا ترکیب صفت و موصوف " ۔ ۴۲

یعنی پہلے صفر لکھو ۔ اس کے سیدھی طرف ایک اور بائیں طرف لفظ واحد کے عدد ۱۹ لکھ دو تو تاریخ کے عدد بن جائیں گے ایسی تاریخیں اور بھی ہیں لیکن یہ سب عموماً معما کی حد تک پہنچ گئی ہیں۔

درگا پرشاد نادر نے محمد علی جویا کی تاریخوں کا بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ تاریخ گوئی کی ایک صنعت یہ بھی ہے یعنی :

" صنعت غریب جس میں کنایۂ تعمیہ تخرجہ کیا جائے الف آخر اللہ اکبر کے لکھ

اللہ اکبر کے عدد ۲۸۹ ہوتے ہیں اور '' الف ''
بمعنی ہزار اس کے آخر بڑھایا تو سال ہجری ۱۲۸۹ ہوئے '' ۔ ۴۳
اس تشریح میں '' الف '' کو اس کے لغوی معنوی میں بتایا گیا ہے ۔
یہ صحیح نہیں ۔ یہاں الف کی عددی قیمت ایک لی جائے گی ۔ اسے
" اللہ اکبر" کے اعداد کے بعد لکھ دیں تو تاریخ آ جائے گی۔ الف کو اگر
ہزار کے معنی میں سمجھیں تو ان کو ۲۸۹ میں جوڑنا پڑے گا جو صحیح نہیں ۔

(۷)

آٹھویں صدی ہجری/چودھویں صدی عیسوی تک تاریخیں اتنی
کہی جا چکی تھیں کہ انھوں نے '' فن '' کا درجہ حاصل کر لیا ۔ سارے
سرمائے پر نگاہ کر کے ' اس کا جائزہ لینے کے بعد اس فن کے اصول و ضوابط
مرتب کرنے کی ضرورت کا احساس بھی پیدا ہوا ۔ غالباً پہلا شخص جس نے
اصول اور قاعدوں کو منضبط کرنے کا کام کیا اسی صدی میں ہوا تھا
'' مونس الاحرار فی دقایق الاشعار '' نامی کتاب میں ایک باب تواریخ
سے متعلق موجود ہے ۔ اس کتاب کے بارے میں سید عارف نوشاہی نے
لکھا ہے :

'' مونس الاحرار را نخست لطیف الدین احمد اصفہانی در ربیع
الآخر ۷۰۲ھ بپایان رسانیدہ ۔ سپس محمد بن بدر جاجرمی بہ سال
۷۴۱ ھ درآں اندک تصرف کردہ بنام خود منتشر کردہ است '' ۴۴

معلوم ہوتا ہے کہ بعد کے زمانے میں اس کتاب کا کوئی خلاصہ کسی شخص
نے تیار کیا تھا ۔ اس حوالے سے سید موصوف نے تحریر کیا ہے :

'' منتخبات مونس الاحرار آٹھویں صدی ہجری کی تصنیف ہے ۔
اس کے باب تواریخ سے واضح ہوتا ہے کہ اس صدی میں مادہ
تاریخ گوئی ادبیات میں شامل ہو چکی تھی مثلاً مادہ ہائے تاریخ: طاب
ثراہ ، رشید الدین ، فضل اللہ اور شاہ مرد ، سلطان سنجر کی وفات کے لیے
استعمال ہوئے ہیں ۔ اس کے بعد مادۂ تاریخ گوئی منظم طور پر آگے بڑھی ۔
'' حیف از شاہ شجاع '' اور '' خاک مصلی ''

علی الترتیب شاہ شجاع اور حافظ شیرازی کے مادہ ہائے تاریخ وفات ہیں جو یہ ظاہر کرتے ہیں کہ آٹھویں صدی سے پہلے مادہ تاریخ گوئی نے اپنے ابتدائی مراحل طے کئے اور اس صدی میں تاریخ گو شعرا اسے تکامل کی طرف لے گئے ۔ آٹھویں صدی کے بعد مادہ تاریخ گوئی نہ صرف تاریخی وادبی بلکہ فنی اعتبار سے بھی عروج پر رہی ہے جس کا صحیح اندازہ آٹھویں صدی سے لے کر آج تک کے تاریخ گو حضرات کے آثار کے مطالعے سے ہوتا ہے۔" ۴۵

اس اقتباس میں '' فضل اللہ = ۹۴۷ '' پر توجہ کی ضرورت ہے جس کتاب میں یہ مادۂ تاریخ تحریر ہے اسے یقینی طور سے دسویں صدی ہجری کے وسط کی تالیف ہونا چاہیے ۔ ایسا اکثر ہوا ہے کہ بعد کے لوگوں نے بہت پہلے کے واقعات کی بھی تاریخیں کہی ہیں اس لیے دسویں صدی کی کسی تالیف میں شاہ مرد = ۵۵۰، اور رشید الدین = ۶۰۹ یا طاب ثراہ = ۷۱۸ جیسے قدیم مادہ ہائے تاریخ درج ہوں تو ان مادہ ہائے تاریخ کی قدامت بھی مشتبہ ہو جاتی ہے ۔ حیف از شاہ شجاع = ۷۸۶ اور خاک مصلی = ۷۹۱ جیسے مادہ ہائے تاریخ بھی مونس الاحرار کی اس ترتیب میں شامل نہیں ہو سکتے تھے جو محمد بن بدر جاجرمی نے ۷۴۱ھ میں مکمل کی تھی ۔

مولوی عبدالسلام نعمانی نے اپنی کتاب '' آثار بنارس '' میں بنارس کی بعض قدیم عمارتوں کا تعارف کراتے ہوئے لکھا ہے :

'' احمد بنالتگین کے حملہ کے بعد بنارس میں مسلمانوں کی نو آبادیاں قائم ہوئیں اور اسی سنہ میں مسجد دونیم کنگرہ جواب عوام میں ڈھائی کنگرہ کے نام سے موسوم ہے تعمیر ہوئی۔ تاریخی نام مسجد دو نیم کنگرہ. ہے جس سے تعمیر کا سال ۵۱۲ھ نکلتا ہے۔"۴۶

احمد بنالتگین کا زمانہ ۵۱۲ھ سے پہلے کا ہے اس لیے یہ مسجد اس کے عہد کے بعد تعمیر ہوئی ہوگی ۔ بنالتگین شہر بنارس میں داخل ضرور ہوا تھا لیکن بیہقی کے بیان کے مطابق وہ اس شہر میں ٹھہر نہ سکا تھا ۔ مسجد کے تعمیر ہونے کا سوال ہی نہیں پیدا ہوتا ۔

چھٹی صدی ہجری کے اوایل میں تاریخ گوئی کے لیے مجرد حرفوں کا استعمال تو ہونے لگا تھا لیکن بامعنی کلموں کے مجموعے سے تاریخیں کہنے کا سلسلہ بہت بعد میں شروع ہوا۔ تاریخی نام مقرر کرنے کا رواج تو اور بھی بعد کی بات ہے۔ '' مسجد دو نیم کنگرہ '' تاریخی نام ہو، اس کا کوئی امکان نہیں معلوم ہوتا ۔ بظاہر '' ڈھائی کنگرہ '' کی طرح یہ بھی اس مسجد کا نام اس کی ساخت کے پیش نظر پڑ گیا ہوگا ۔ اسے تاریخ سے کوئی تعلق نہیں ۔

جو تفصیلات گذشتہ اوراق میں بیان ہو چکی ہے ان کی روشنی میں یہ بات یقینی ہے کہ آٹھویں صدی ہجری/چودھویں صدی عیسوی کے ربع ثانی میں با معنی کلموں کے مجموعوں سے تاریخیں کہی جانے لگی تھیں ۔ بدر الدین چاچی (شاشی) جو بدر چاچ کے نام سے مشہور ہے ہندوستان کے بادشاہ غیاث الدین تغلق کا درباری شاعر تھا ۔ اس نے محمد تغلق کی بعض فتوحات کی بھی تاریخیں کہی ہیں ۔ قلعہ نگر کوٹ کی فتح کی تاریخ میں کہتا ہے :

کشاد حصن نگر کوٹ را کہ سنگین بود
شد زمانہ بتاریخ " ادخلوافیھا "=۷۳۷

پھر قلعہ خرم آباد (تغلق آباد) کی تعمیر کی تاریخ اسی شاعر نے اس طرح کہی

تمام گشت بتاریخ "وادخلوافیھا" ۷۴۴
کشادہ باتو بگویم کہ بفصد و چل و چار ۷۴۴

یہ بات لائق توجہ ہے کہ یہ دونوں اپنی نوعیت کی قدیم ترین تاریخوں میں سے ہیں اور ان دونوں میں شاعر نے مادۂ تاریخ عربی زبان میں موزوں کیا ہے دوسری تاریخ میں مصرع ثانی میں اس نے فارسی ، عدد "چہل" کو "چل" بہ حذف ھائے ہوز نظم کیا ہے ۔

جناب محمد اسحاق صدیقی نے تاریخ گوئی کے ارتقاء سے بحث کرتے ہوئے لکھا ہے :

" اردو، فارسی ادب میں بے شمار تاریخی قطعے موجود ہیں لیکن

عربی کی کوئی مثال میرے سامنے نہیں ہے۔" ۴۸

بلر چاچ کی مذکورہ تاریخیں غالباً اس خیال کی تردید کے لیے کافی ہیں کہ عربی میں حروفِ ابجد کے واسطے سے تاریخیں نہیں کہی جا رہی تھیں ۔ اس کا امکان ہے کہ اہل عرب نے فن تاریخ کو دلچسپی کے ساتھ اختیار نہ کیا ہو لیکن ہندوستان میں عربی جاننے والے شعرا نے مختلف زبانوں میں تاریخیں کہی ہیں مثال کے طور پر شیخ عبد القادر بدوانی نے فتح پور سیکری کی مسجد کی تاریخ اس طرح کہی تھی :

قال روح الامین تاریخا

لایری فی البلاد ثانیها ۴۹

۹۷۶

اسی طرح آصفجاہ اول کو وزارت اور خطاب عطا ہوا تو میر عبدالجلیل واسطی بلگرامی نے کہا :

نظمت فی العربی الفصیح تاریخا

حلی وزارته ساکب الربیع لنا=۱۱۳۴ ۵۰

قرآن پاک کی آیات اور احادیث سے بھی تاریخیں نکالی جاتی رہی ہیں چنانچہ جس وقت سنبھا راو اپنے بیٹے کو لے کر عالمگیر کی قید سے فرار ہوا تو حافظ ہدایت اللہ نے کہا :

اِن شانئک هوالابتر ۵۱

۱۰۷۷

اسی طرح احمد شاہ بادشاہ اور صفدر جنگ کے مابین صلح ہوئی تو کسی نے تاریخ کہی :

الصلح خیر قال الله

۱۱۶۶

باینہمہ یہ حقیقت ہے کہ تاریخ گوئی کی زبان کی حیثیت سے فارسی نے جو درجہ حاصل کیا وہ کسی دوسری زبان کو نہیں مل سکا ہے۔ آٹھویں صدی ہجری کے وسط سے بامعنی کلمات کا استعمال فارسی زبان کے تاریخ

گویوں کے یہاں عام رہا ہے ۔ مجد الدین اسماعیل شیرازی کی وفات کی تاریخ خواجہ حافظ شیرازی نے ذیل کے شعروں میں کہی ہے :

مجد دین سرور قضات جہان اسمعیل
کہ زدی کلک زبان آورش از شرع نطق
ناف ہفتہ بدہ از ماہ رجب ہیزدہ روز
کہ برون رفت ازین منزل بے نظم و نسق
کنف رحمت حق منزل او دان وانگہ
سال تاریخ وفاتش بجو از "رحمت حق" ۵۲

" رحمت حق " =۷۵۲ کے کلمات اس موقع کے لیے نہایت بر محل اور مناسب ہیں اور شاعر کی خوش فکری کی عمدہ دلیل۔

اسی زمانے سے اس پہلو پر بھی توجہ کی جانے لگی کہ مادۂ تاریخ مناسب مقام بھی ہو چنانچہ وقت کے ساتھ ساتھ اس باب میں بھی جدتیں کی جاتی رہی ہیں ۔

نویں صدی ہجری/پندرھویں صدی عیسوی میں اگرچہ تاریخ گوئی کا فن کافی ترقی کر گیا تھا ۔ جو تاریخیں بدآسانی دستیاب ہیں ' ان کی تعداد کس قدر کم ہے اس کا سبب شاید یہ ہو کہ اس صدی میں سیاسی انتشار نسبتاً زیادہ رہا ۔ ہندوستان پر امیر تیمور کا حملہ ہوا جس کے نتیجہ میں یہاں نئی نئی سلطنتیں وجود میں آئیں ۔ یہ نئی سلطنتیں اپنی بقا اور استحکام کے لیے معرکہ آرائیوں میں مصروف رہیں ۔ باوجود ان سب کے شعر و ادب کی ترقی کا سلسلہ جاری رہا ۔ تاریخیں بھی کہی گئیں ۔

اقبال خاں لودی پسر ظفر خاں صفر ۸۰۲ھ میں تخت پر بیٹھا جس کی تاریخ یہ ہے

سال تاریخ گفت ہاتف غیب
محفل آرا اعز بزم شہی

دوسرے مصرعے سے سال مطلوبہ کے عدد نکلتے ہیں۔ پورا مصرعہ مادۂ تاریخ ہے۔

بہلول لودی نویں صدی ہجری/پندرھویں صدی عیسوی کے ختم کے قریب مرا ۔ اس کے مرنے کی تاریخ کسی نے اس طرح کہی تھی۔

در خلد شد و گفت سروش از سر جنت
قصد سفر عالم ارواح ز سالش

'' قصد سفر عالم '' کے اعداد ۸۹۱ میں '' ج '' یعنی سرجنت کی قیمت عددی۳ جوڑیں تو سال وفات ۸۹۴ کے صحیح عدد برآمد ہوں گے۔

مولوی محمد بشیر الدین صاحب نے سلاطین لودی کے ذکر میں ایک قطعہ تاریخ اس طرح نقل کیا ہے :

قطعہ تاریخ وفات جس میں نو عدد کم پڑتے ہیں ' یہ ہے :

چوں محمد شہ یگانہ کہ بود
دولتش بندہ چاکر اقبالش

شد بخت سروش غیبی گفت
۷۵۹

نوحہ و آہ عرش در سالش
۸۱+

۸۴۰ =

(واقعات دارالحکومت دھلی ۱ : ۲۰۷)

یہ محمد شاہ بن فرید خاں کی وفات کی تاریخ ہے جو خاندان سادات کا تیسرا بادشاہ تھا ۔ اس نے شوال ۸۴۹ھ کو انتقال کیا تھا ۔ راقم نے بھی اس تاریخ پر ہر طرح غور کیا لیکن کسی طرح سال مطلوبہ کے عدد نہیں نکلتے ۔ '' آہ '' میں الف ممدودہ کے اگر دو مان لیں تو بھی آٹھ کی کمی رہ جاتی ہے ۔

اسی طرح ہمایوں بادشاہ کے مرنے کی تاریخ جو مولانا قاسم کاہی نے کہی ہے اس میں بھی ایک کی کمی رہ جاتی ہے :

قضا از بہر تاریخش رقم زد
ہمایوں بادشاہ از بام اوفتاد=۹۶۲

اس میں بادشاہ، از، اوفتاد میں ایک ایک الف اور کلمہ آخر میں

واو کے اعداد شمار کرنے کے بعد بھی۹۶۲ ہوتے ہیں جب کہ ہمایوں کا سال وفات ۹۶۳ ہے ۔ حروف مذکورہ کی حیثیت زواید کی ہے اس لحاظ سے یہ مادہ تاریخ اچھا نہیں ہے لیکن چونکہ واقعہ بھی نظم ہو گیا ہے یہ یاد رکھنے کے لائق ہے ۔

اصولی بات یہ ہے کہ تدخلہ اور تخرجہ کی اجازت کے بعد اعداد کو پورا پورا ضرور حاصل ہونا چاہیے ،کسی قسم کی کمی یا زیادتی کے لیے عمل تعمیہ کے بعد گنجایش نہیں رہ جاتی ۔ اگر اس آسانی کے باوجود کوئی شخص صحیح تاریخ نہیں نکال سکتا تو مناسب یہ ہے کہ وہ اس باب میں کوشش نہ کرے ۔ مشہور ہے کہ تاریخوں میں ایک بلکہ دو عدد کی کمی بیشی جائز رکھی گئی ہے۔ اس جائز رکھنے کی کوئی معقول وجہ سمجھ میں نہیں آتی ۔ ابتدائی زمانے میں اگر ایسی تاریخیں مل جاتی ہیں تو وہ آج کے لیے جواز نہیں پیش کرتیں۔ نویں دسویں صدی ہجری/ پندرھویں سولھویں صدی عیسوی میں اپنی ساری ترقی کے باوجود تاریخ گوئی کا فن ابتدائی مدارج میں تھا۔ اس وقت اصول و ضوابط مرتب کئے جا رہے تھے۔

(۸)

جہاں تک دیکھنے میں آیا ہے نویں صدی ہجری/پندرھویں صدی عیسوی کے آخر میں جو تاریخیں کہی گئی ہیں ان میں عموماً باتو عربی کے الفاظ استعمال کیے گئے ہیں یا فارسی کے ایسے لفظ لائے ہیں جو عربی کے حرفوں پر مشتمل ہیں ،مثال کے طور پر جہاں پادشاہ کہہ سکتے ہیں تھے تاریخ گویوں نے بادشاہ (بائے عربی کے ساتھ) نظم کیا ہے ۔ اسی طرح اکثر قدیم تاریخوں میں سفید نہ کہ سپید آیا ہے ۔

دسویں صدی ہجری/سولھویں صدی عیسوی میں تاریخوں میں فارسی ہی نہیں ہندوی (اردو) کے مخصوص حرف بھی کام میں لائے گئے ہیں ۔ اسی زمانے میں ان کی عددی قیمتوں کے مقرر کیے جانے کا مسئلہ بھی پیدا ہوا ۔ درگا پرشاد نادر نے لکھا ہے :

"جمل کا حساب اس نظم سے ظاہر ہے اور ابجد، ہوز ، حطی ،

کلمن، سعفص ، قرشت، ثخذ ، ضظغ ، ان آٹھ کلموں میں عربی کے اٹھائیس حرف موجود ہیں ۔ ان کے مقابلات (ت ۔ پ ۔ چ ۔ ڈ ۔ ڑ ۔ ژ ۔ گ) کے اعداد بھی انہیں کے مطابق شمار میں آتے ہیں ۔ مخلوط الہا حرفوں کے عدد ان کی ترکیب کے موافق گنے جاتے ہیں ۔ 'کہ' بیانیہ وغیرہ کے اکثر پچیس سمجھے جاتے ہیں ۔" ۵۳

مخلوط الہا حروف کے بارے میں نادر نے جو کہا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ حروف مرکب ہیں ۔ ان سب میں اصل حرف کے عدد کے ساتھ ھائے مخلوط کے عدد بھی شمار کئے جائیں گے مثلاً بھ = ب + ھ = ۲+۵=۷ وغیرہ ۔

ہمزہ کو عربی میں ایک حرف کی حیثیت حاصل ہے چنانچہ وہاں اس کا عدد شمار ہوتا ہے ۔ اوپر عربی کی جو تاریخیں نقل کی گئی ہیں ان میں اس کی مثال بھی موجود ہے عربی کی طرح اردو میں بھی ہمزہ کا وجود مسلم ہے ، یہ اور بات ہے کہ اس کا استعمال محدود ہے چنانچہ اس زبان میں ہمزہ کا اعتبار کیا جاتا ہے اور اس کی عددی قیمت جوڑی جاتی ہے زبان اردو میں تا حال جو قدیم ترین تاریخ معلوم ہے وہ ہے جو رائے کھیڑا احمد آباد کی ایک مسجد پر لکھی ہوئی بتائی گئی ہے :

تاریخ اس مسیت کی ہوئی سوبوں مشہور
مسجد جاما بیچ بٹھائیا یا نبی نور ۵۴

۹۱۶

اس میں کلمہ "بٹھائیا" میں ہمزہ ہے اور اس کا عدد ایک جوڑا گیا ہے۔

فارسی زبان میں ہمزہ کو انفرادی حیثیت حاصل نہیں ہے بلکہ وہاں اس کا لکھنا بھی ضروری نہیں ہے چنانچہ اس کی قیمت بھی نہیں جوڑی جاتی ۔ ایرانی شعرا اس باب میں زیادہ اہتمام کرتے ہیں ۔ استاد خلیل اللہ خلیلی نے " مجلہ عروۃ الوثقی " کی تاریخ اس طرح نظم کی ہے ۔

سال تمدیدش اگر می خواستند
ہم مجلہ عروۃ الوثقیٰ بود ۵۵

۱۴۰۱

اس تاریخ سے تین باتیں سامنے آتی ہیں :

۱ ۔ '' مجلہ '' میں لام مشدد ہے۔ خلیلی نے ایک ہی لام کے عدد شمار کئے ہیں ۔

۲ ۔ وثقیٰ میں حرف ' ی ' کے عدد لیے ہیں ۔ الف مقصورہ کا اعتبار نہیں کیا ہے۔ اردو میں زمانہ ما بعد میں چونکہ اس قسم کے کلمات کو الف کے ساتھ لکھا جانے لگا تھا مثلاً دعوی کو دعوا ' معلی کو معلا وغیرہ ' ان میں ' ی ' کے بجائے الف کی عددی قیمت ایک ہی شمار کی گئی ہے ۔ اس کی مثالیں اپنے موقع پر آئیں گی ۔

۳ ۔ '' مجلۂ عروہ '' میں ہمزۂ اضافت ہے لیکن ہمزہ نہیں لکھی گئی اس لیے اس کی قیمت بھی نہیں جوڑی گئی ' لیکن معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان کے تاریخ گویوں نے یہاں کی زبان کے اثر سے یہاں کے لب و لہجہ کو قبول کر کے ہمزہ کا اعتبار کرنا شروع کر دیا تھا ۔ درگا پرشاد نادر کہتے ہیں :

'' منتخب التواریخ والا سلطان محمد عادل عرف عدلی سور کے ذکر میں لکھتا ہے کہ اضافت کے ہمزہ کا ایک عدد شمار کر لیتے ہیں '' ۵۲

عدلی سور ۹۶۰ھ/۱۵۵۳ء سے ۹۶۸ھ/۱۵۶۱ء تک حکمران رہا تھا ۔ افسوس ہے کہ اس کے عہد کی کوئی ایسی تاریخ ہمیں نہیں مل سکی جس میں ہمزہ موجود ہو۔ اقتباس بالا پر اعتماد کر کے کہا جا سکتا ہے کہ دسویں صدی ہجری کے وسط میں ہمزہ کے عدد کو شمار کرنے کا سلسلہ شروع ہو گیا تھا لیکن اس بارے میں اب تک اختلاف چلا آتا ہے ۔ اکثر تاریخ گو ہمزہ کا اعتبار نہیں کرتے۔ ڈاکٹر مغیث الدین فریدی نے بھی ۱۹۸۲ء میں اجمیر شریف کے عرس کی تاریخ

میخانہ غریب نواز = ۱۹۸۲

سے نکالی ہے اور ہمزہ کا شمار نہیں کیا ہے۔ ہمارا خیال ہے کہ* اضافت کا اعلان* ہمزہ لکھے بغیر نہیں ہوتا اس لیے مناسب ہے کہ اس کی عددی

---

* دوسری طرف سے یہ بات کہی جا سکتی ہے کہ تاریخ میں اعراب اور علایم کا اعتبار نہیں کیا جاتا اور ہمزۂ اضافت قایم مقام ہے اضافت کے اس لیے اس کا بھی اعتبار نہیں کیا جانا چاہیے۔ اس دلیل میں بہت وزن ہے اور اسے سرسری طور سے نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔

قیمت جوڑی جائے ۔

اس قدر تفصیل کے بعد بہ صورت موجودہ عربی ، فارسی ، اردو کے حرفوں کی عددی قیمت اس طرح متعین ہو جاتی ہے :

ا۔ء	ب۔پ	ج۔چ	د۔ڈ	ہ۔ھ	و	ز۔ژ
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
ح	ط	ی۔ے	ک۔گ	ل	م	ن۔ں
۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
س	ع	ف	ص	ق	ر۔ڑ	ش
۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰
ت۔ٹ	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

حرفوں کی قیمتوں کے تعین کے بعد دوسرے مسایل زیر غور آئے ۔ بعض یہ ہیں :

۱ ۔ تشدید کی حالت میں بھی چونکہ ایک حرف ایک ہی بار لکھا جاتا ہے اس کی قیمت بھی دو بار شمار نہ ہو گی ۔ تسخیر گجرات کی تاریخ نواب خانخاناں نے اس طرح کہی تھی

یوم احد ثانی ربیع الاول ۵۷

۹۸۰

اس اصول کو اردو والوں نے بھی مانا ۔ خانخاناں نے ہی اسی واقعہ کی تاریخ اردو میں اس طرح نظم کی تھی

اتوار ربیع الاول کی دوجی ۵۸

۹۸۰

مندرجہ بالا دونوں تاریخوں میں الفاظ " اول " موجود ہے جس میں واو مشدد ہے لیکن ایک ہی واو کے عدد لیے گئے ہیں ۔ میر نادر علی رعد نے بھی " اول " کی عددی قیمت ۳۷ بتائی ہے ۔ ۵۹

ایک اور مثال شیخ کاظم حسین پھپھوندوی کی درج ذیل تاریخ سے

بھی ملتی ہے

ندانم من ازیں بہتر دعائے جزاک اللہ فی الدارین خیرا ۶۰

۱۲۹۴

'' فی الدارین '' میں دال پر تشدید ہے لیکن شاعر نے ایک ہی دال کا اعتبار کیا ہے۔ البتہ لفظ '' اللہ '' میں سبھی تاریخ گویوں نے دو لام مانے ہیں اور اس تاریخ میں بھی ایسا ہی ہے۔ رعد نے بھی اس کی قیمت ۶۶ لکھی ہے (۶۱) ایسا غالباً اس لیے ہے کہ '' اللہ '' اور '' الہ '' میں فرق کرنا ضروری تھا ۔ اس تعین کے باوجود امکان اس بات کا ضرور ہے کہ کسی شاعر نے برعکس بھی کیا ہو۔ اسے استثنا کہا جا سکے گا ۔

۲ ۔ آٹھویں صدی ہجری کے خاتمہ کے وقت سے ہی تاریخ گویوں نے الف ممدودہ کو ایک الف مانا تھا ۔ خضر خاں کی اس تاریخ جلوس

بہر تاریخ ایں جلوس سروش

گفت : جشن قباد پیش آمد

۸۱۷

میں بھی یہی طریقہ رائج رہا ۔ شیر شاہ کے مرنے کی تاریخ

ز آتش مرد ۶۲

۹۵۲

ہے۔ اس میں بھی " آتش " کے عدد ۷۰۱ لیے گئے ہیں۔ یہی عدد میر نادر علی رعد نے بھی اس کلمہ کے مقرر کیے ہیں ۶۳

ایک اور مثال میر عبد الجلیل واسطی کی اس تاریخ سے پیش کی جاتی ہے جو انھوں نے قلعہ ستارہ کی فتح کے موقع پر کہی تھی۔

از معجزۂ پیمبر شق القمر عیاں شد

اعجاز خسروی بین شق ستارہ آمد

۱۱۱۱

اس میں بھی '' آمد '' میں الف کی قیمت ایک لی گئی ہے ۔

اوپر جو تفصیلات بیان کی گئیں ان سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ دسویں صدی ہجری/سولھویں صدی عیسوی کی ابتدا کے وقت تک

تاریخ گوئی سے متعلق بیشتر مسائل سامنے آ چکے تھے اور اس سلسلے میں ضابطے بھی بنائے جا چکے تھے ۔ اس صدی میں اردو میں بھی تاریخیں کہی جانے لگی تھیں چنانچہ دو مثالیں پیش کی گئیں ۔

(۹)

نویں صدی ہجری / پندرھویں صدی عیسوی کے اختتام تک فن تاریخ گوئی کو خوب ترقی حاصل ہو چکی تھی ۔ شاعر اپنی جدت فکر سے تاریخ گوئی کے نئے نئے انداز اختراع کر رہے تھے اسی زمانے میں صوری معنوی تاریخیں کہنے کا طریقہ بھی نکلا ۔ میر نادر علی رعد نے بتایا ہے کہ :

'' صوری و معنوی آنست کہ ظاہر و باطن ہر دو تاریخ باشد یعنی سال مطلوب ہم در الفاظ مادۂ تاریخ بیان کردہ شود و ہم از اعداد حروف آن برآمد ۔ مثال از حضرت قبلہ گاہم شعلہ مرحوم :

ہشتاد و چہار و یکہزار و دو صد ۶۴

۱۲۸۴

اس میں شبہ نہیں کہ فی زماننا صوری و معنوی تاریخیں وہی سمجھی جاتی ہیں جن کے مادۂ تاریخ سے جو سال برآمد ہو وہی اس مادہ کے الفاظ میں بھی بیان ہوا ہو لیکن ابتدائی زمانے میں یہ بات نہایت مشکل تھی چنانچہ شاعروں نے ان تاریخوں کو بھی صوری معنوی کہا تھا جن میں واقعہ کے ماہ و تاریخ کا مذکور لفظوں میں ہو اور حروف کو جوڑنے سے سال واقعہ معلوم ہو چنانچہ بابر کی ولادت کی تاریخ بھی اسی قبیل سے ہے

چون درشش محرم زاد آن شہ مکرم
تاریخ مولدش ہم آمد شش محرم

۸۸۴

چونکہ اس میں بابر کو '' شہ مکرم '' کہا ہے یہ ظاہر ہے کہ یہ تاریخ اس کی بادشاہت کے زمانے یعنی دسویں صدی ہجری کے اوایل میں کہی گئی ہوگی ۔ اس قسم کی تاریخ ابراہیم لودی پر بابر کی فتح کی بھی ہے

روز وماہ وسال وقت آن ظفر
صبح بود و جمعہ و ہفتِ رجب

۹۳۲

کچھ ہی دن کے بعد شاعروں نے اسی قسم کی صوری معنوی تاریخیں کہنی شروع کر دیں جیسی کہ میر رعد نے بیان کی ہیں لیکن عام طور سے ان تاریخوں کو '' معما '' سے قریب خیال کیا جاتا تھا ۔ مولانا شہاب الدین معمائی نے بابر کے مرنے کی تاریخ اس طرح کہی

درتہ صد وسی و ہفت بودہ ۶۵

۹۳۷

اس کے بعد سے دونوں قسم کی صوری معنوی تاریخیں کہی جانے لگیں یعنی وہ بھی جن میں صرف دن ، مہینہ وغیرہ کا بیان ہوتا تھا مثلاً مرزا مہدی علی قبول نے میر ضمیر کے مرنے پر کہا

شنبہ و بست و سیم بود از محرم آہ وائے

۱۲۷۲

اور وہ بھی جن میں سال کا بھی مذکورہ ہوتا تھا مثلاً میر علی اوسط رشک نے سبحان علی خاں کے مرنے کا قطعہ اس طرح کہا تھا کہ ہر مصرع سے سال واقعہ (۱۲۶۴) کے عدد برآمد ہوتے ہیں ۔

مرد سبحان علی خاں قابل
رشک او زایر و مرد دیندار
سال فوتش چہ نویسم بارے
بیک الف و دو صد وشصت چہار

آخری مصرع صوری و معنوی کی مثال ہے ۔

درگا پرشاد نادر نے صوری و معنوی تاریخوں کی سبھی شکلوں کو ذہن میں رکھ کر اپنی کتاب میں لکھا ہے :

'' صنعت صوری معنوی جس مادہ کے اعداد سے ایک سنہ اور الفاظ سے دوسرے سن نکلیں وہ اس نام سے موسوم ہوتا ہے جیسا

یکہزار ودو صدوہشتادو شش

۱۲۸۶

تاریخ بنائے مدرسہ العلوم علی گڑھ :

اٹھارہ سے پچھتر

۱۲۹۲

جس کے حرفوں سے ۱۲۹۲ ہجری ظاہر ہیں ۔ اور جائز ہے کہ خواہ دونوں طرح ایک ہی سنہ نکالیں ۔ بعض شاعر اس مادہ کو اس نام سے یاد فرماتے ہیں جس میں ان تاریخ، مہینے کا نام ہو اور ان کے عدد سال ظاہر کریں ۔ '' ۶۶

صوری معنوی تاریخیں اردو میں بھی کہی گئی ہیں ۔ ایک مثال تو اقتباس بالا میں آ گئی ایک اور مثال یہ ہے جس میں میر رشک نے اپنے چچا کے مرنے کی تاریخ کہی ہے :

رشک نے دوہری کہی تاریخ
چودھویں لو ربیع آخر کی

۱۲۶۴

(۱۰)

اب تاریخ گوئی کی ایسی مثالیں پیش کی جاتی ہیں جن سے شاعروں کی جدت فکر کا ثبوت ملتا ہے اور یہ معلوم ہوتا ہے کہ انھوں نے اس فن سے کس کس قسم کے کام لیے ہیں ۔

۹۶۰ھ میں تین بادشاہوں کا انتقال ہوا ۔ کسی شاعر نے ایک قطعہ میں تینوں کا ذکر کر دیا :

سہ خسرورا اجل آمد بہ یک سال
کہ ہند از عدل شاں دارالامان بود
یکے اسلام شہ سلطان دہلی
کہ اندر عہد خود صاحبقران بود
دوم محمود شہ سلطان گجرات
کہ ہمچو دولت خود نوجوان بود
سوم آمد نظام الملک بحری
کہ در ملک دکن خسرو نشان بود

زمن تاریخ فوتِ این سہ خسرو
چہ می پرسی زوال خسروان بود ۶۷

۹۶۰

۱۱۳۱ھ میں دہلی کے تین بادشاہ مرے تو میر عبد الجلیل واسطی نے کہا :

کردند سہ بادشاہ بیک سال وفات
فرخ سیر و دگر رفیع الدرجات
بعدش چو شدا ز جہان رفیع الدولہ
تاریخ فغان نوشتہ شد زین حرکات ۶۸

اسی طرح محمد شاہ بادشاہ، ان کے وزیر نواب قمر الدین خاں اور آصفجاہ تینوں ایک سال میں مرے تو میر غلام علی آزاد نے کہا :

نماند شاہ، زمان با وزیر و آصف دھر

۱۱۶۱

اس قسم کی تاریخوں سے واقعات کا یاد رکھنا آسان ہو گیا ۔

تعمیہ اور تخرجہ سے کام لے کر بھی ایسی برجستہ اور برمحل تاریخیں کہی گئی ہیں کہ ان کو بھلایا نہیں جا سکتا ۔ محمد غوث گوالیاری کے مرنے کی تاریخ ہے ۔

غوث بے لوث زد رقم برخوان
۱۵۰۶ – ۵۳۶ = ۹۷۰ ہجری

اس قسم کی بکثرت تاریخیں موجود ہیں ۔ مثالوں کی ضرورت نہیں معلوم ہوتی ۔

ایسی تاریخیں بھی بہت ہیں جن میں بظاہر واقعہ کا بیان ہوا ہے لیکن غور کریں تو سال واقعہ کے عدد برآمد ہوں گے ۔ اور لطف یہ ہے کہ نہ تعمیہ ہے نہ تخرجہ ۔ ایسی برجستہ تاریخیں متعدد لوگوں نے کہی ہیں لیکن انیسویں صدی عیسوی کے نصف اول میں شیخ امام بخش صہبائی اس معاملے میں بے مثال ہوئے ۔ وہ نثر اور نظم دونوں میں تاریخیں کہتے تھے اور خوب کہتے تھے ۔ اپنے رسالہ "قول فیصل" میں لکھتے ہیں :

'' چوں سر آغاز ایں تحریر صبحگاہ دوم رمضان اتفاق افتادہ بود،

۱۲۶۷

عدد سال شروع نیز ازیں عبارت نقاب کشود '' ۶۹

پھر کہتے ہیں :

گفتمش اے ہمدم دیرین من

میکنم آغاز کلام ادب ۷۰

۱۲۶۷

راقم کے بڑے بھائی پروفیسر محمد سمیع اللہ صاحب کا لڑکا '' سعید '' پیدا ہوا تو جناب شفیق جونپوری نے فرمایا

ہوا پیدا سعید نیک خصلت

۱۳۷۳

(۱۱)

مختلف زمانوں میں حسب ضرورت اردو کے شاعروں نے مختلف سنوں میں شعر کہے ہیں - ہندوستان کے فارسی گویوں نے بھی ایسا کیا ہے بلکہ بعض نے تو یہ بھی کیا ہے کہ ایک ہی مصرعے سے مختلف سنوں کے عدد نکالے ہیں۔ مثلاً کاظم حسین صدیقی نے کہا ہے

کاظم برائے ہجری ' ہم عیسوی و سمت

گفت اختیار محکم از حق بدست اوکل

اختیار محکم، اختیار محکم از حق بدست، اختیار محکم از حق بدست اوکل

۱۳۲۰ھ ۱۹۰۲ء ۱۹۵۹

سمت بکرمی

اسی طرح نواب ریاض الحسن خان کی تہنیت میں انہوں نے کہا ہے :

چو در نام نامیش کردم حساب

بود عیسوی سال از آن آشکار

براسمش بیفزای لفظ جناب

چو سمت ہمی خواہی اے کامگار

ز نواب صاحب ریاض الحسن
ویا لفظ صاحب پس از نامش آر
عیان سال ہجرت بے بیش و کم
بیا بشنو از کاظم و یاد دار

محمد ریاض الحسن خاں ہ نواب ریاض الحسن صاحب

۱۹۰۳ — ۱ ۱۹۰۲ء ۱۳۲۰ھ

جناب محمد ریاض الحسن خاں

۱۹۵۹ سمت بکرمی

(نشید کاظم ۱۲۸)

نواب کاظم علی خاں ذہین نے ''خمخانۂ جاوید'' کی منظوم تقریظ میں یہ قطعہ کہا ہے

لالہ سریرام کی کتاب اے شوخ تشت پر نور جام جمشیدی

۱۹۱۲ عیسوی ۱۹۶۹ بکرمی

مظہر اہل علم اختر حسن پارۂ دل ذہین بیاگرفی

۱۳۲۱ الہی ۱۳۱۹ فصلی ۱۳۳۰ ہجری

گیارھویں صدی ہجری کے شاعر عبدل کی کتاب "ابراہیم نامہ" کے آخر ہیں، تاریخ اس طرح لکھی ہے ::

"در تواریخ ختم کتاب ابراہیم نامہ ۔ شہور ۱۰۱۲"

شاعر نے یہ سال اس طرح نظم کیا ہے ۔

بچن پھول گندیوں براہیم نام
کیا سہس پر برس بارہ تمام

ڈاکٹر اوشا اتھاپے نے بتایا ہے کہ سلطنت بیجاپور میں کتابوں اور فرمانوں

ہ اس میں ایک عدد زیادہ ہے ۔ اسے گھٹائیں تو سال مطلوبہ حاصل ہو گا۔

وغیرہ پر ہجری کے ساتھ ساتھ سنہ شہور بھی لکھا جاتا تھا اور ان کی تحقیق کے مطابق ۱۰۱۲ شہور ۱۰۲۱ ہجری سے مطابق تھا۔ اس تفصیل سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ ہندوستان میں مختلف زمانوں میں مختلف سنہ رائج رہے ہیں اور تاریخ گویوں نے ان سبھی سنوں کو برتا ہے۔ زمانے کا تعین کرتے ہوئے اس پہلو پر ضرور نگاہ رکھنی چاہیے ۔

(۱۲)

یہ بات شروع میں کہی جا چکی کہ تاریخ نثر میں بھی ہو سکتی ہے اور نظم میں بھی ۔ مادہ تاریخ موزوں بھی ہو سکتا ہے اور ناموزوں بھی لیکن چونکہ تاریخیں عموماً نظم کی گئی ہیں یہ خیال عام ہو گیا ہے کہ تاریخ گوئی بھی شاعری کی ایک صنف ہے مولوی کریم الدین نے لکھا ہے ۔

"تاریخ ایک قسم اقسام شعریہ میں سے ہے ۔ اکثر بحساب حروف ابجد کے ان اشعار میں سے نکلتی ہے اور اکثر تاریخیں ایک بیت یا رباعی کی ہوتی ہیں اور بعضوں نے ایک مصرعہ بھی تاریخ میں کہا ہے اور اکثر تاریخیں واسطے بنائے مسجد یا باغ یا وفات شخص نامدار یا تصنیف کتاب کے کہتے ہیں ۔" ۷۱

مغلوں کے زمانے میں فن تاریخ گوئی کی جس طرح سرپرستی ہوئی تھی اس سے پہلے کبھی نہیں ہو سکی تھی ۔ اکبر کے زمانے میں تاریخ گوئی کو بہت رواج حاصل ہوا ۔ شاید ہی کوئی ایسا اہم واقعہ بچا ہوگا جس کی کسی نہ کسی شاعر نے تاریخ نہ کہی ہو۔ اکبر کے جلوس کی متعدد تاریخیں ملتی ہیں مثلاً :

جلوس خداوند عالم پناہ = ۹۶۳

تاریخ جلوس نصرت اکبر شد = ۹۶۳

پھر مختلف فتوحات اور واقعات کی تاریخیں بھی بڑی تعداد میں دستیاب ہیں ۔ اسی زمانے میں ایسے قصیدے بھی لکھے گئے کہ ان کے ہر مصرعے سے تاریخ نکلتی تھی ۔ مذکور ہے کہ :

'' مولانا قاسم ارسلان قصیدۂ گفتہ کہ از مصراع اول اسم و تاریخ شاہزادہ سلیم و از مصراع دوم نام و تاریخ شاہزادہ مراد واضح ولایح می گردو و مطلع آن قصیدہ این است

زنور پاک چوسلطان سلیم شد نازل لوائے شاہ مراد بن اکبر عادل ۷۲

۹۷۹ ۹۷۷

غالباً یہ پہلا موقع تھا جب لفظ '' سلطان '' شاہزادہ کے واسطے استعمال ہوا تھا ۔ آخر زمانے میں دہلی کے لال قلعے میں ایک شاہزادے کو '' سلاطین '' کہنے لگے تھے چنانچہ مولانا محمد حسین آزاد نے بھی لکھا ہے :

'' جو شہزادے قرابت قریبی کے لحاظ سے ایک وقت میں دعویدار سلطنت کے ہوسکتے تھے وہ سلاطین کہلاتے تھے مثلاً شاہ موجود کا چچا ' بھائی وغیرہ وغیرہ ۔'' ۷۳

چنانچہ کہتے تھے کہ فلاں مشاعرے میں سلاطینوں کا اژدھام تھا ۔

خواجہ حسن مروی نے جہانگیر کی پیدایش کے موقع پر ایک قصیدہ اکتیس بیتوں کا کہہ کر حضور اکبر بادشاہ میں گذرانا جس کا صلہ دو لاکھ تنکہ ملا ۔ اس کے ہر پہلے مصرعے سے تاریخ جلوس اور دوسرے سے تاریخ تولد جہانگیر نکلتی ہے مطلع یہ ہے

للہ الحمد از پے جاہ و جلال شہریار
گوہر مجد از محیط عدل آمد در کنار ۷۴

اس طرح تاریخ گوئی نے قصیدہ کے مقصد کو بھی پورا کرنا شروع کر دیا ۔ اکثر ایسا ہوا ہے کہ شاعروں نے قصیدہ کہنے کے بجائے دو شعروں پر مشتمل قطعہ تاریخ پیش کیا اور انعام سے سرفرازی پائی ہے ۔

اکبر کے بعد جہانگیر بادشاہ ہوا ۔ اس کی شعر فہمی اور نکتہ شناسی مشہور ہے ۔ اس کے عہد میں تاریخوں میں ہر قسم کے اداب اور رعایتوں پر بہت احتیاط سے نظر رکھی گئی ۔ سید محمد کرمانی نے اس کے جلوس کی تاریخ اس طرح کہی تھی

شده بلند مکان بحر جود اکبر شاه
برفت و طفل تمنا بدهر ماند یتیم
بجائے او خلف او نشست شد تاریخ
بجائے اکبر شد بادشاہزادہ سلیم

۱۰۱۴

شاہ جہاں کے عہد میں رعایتوں کا شوق زیادہ ہوا چنانچہ اس کے جلوس کی تاریخ

شاہ جہاں باشد شاہ جہاں = ۱۰۳۷

ایسی بیساختہ تھی کہ اس میں ایک سے زاید شاعروں کے یہاں توارد ہوا ۔ میر عبدالرشید نے کہا تھا

آمدہ تاریخ جلوس زغیب
شاہ جہاں باشد شاہ جہاں

اور میر محمد صالح کا شعر یہ تھا

نابود از آدم و عالم نشان
شاہجہان باشد شاہ جہان

۱۰۵۸ھ میں جب اس نے شہر شاہ جہان آباد کو آباد کیا تو میر یحیی کاشی نے تاریخ کہی

شد شاہجہان آباد از شاہجہان آباد

۱۰۵۸

عالمگیر اورنگ زیب کے زمانے میں اس باب میں بھی ترقی ہوئی ۔ ابوطالب کلیم نے اس کی ولادت کی تاریخ اس طرح نظم کی تھی :

طبع دریاب سال تاریخش
زدرقم آفتاب عالمتاب

۱۰۲۸

جب اورنگ زیب بادشاہ ہوا تو اس نے اپنے جلوس کی تاریخ اس پر حرف میم کے اضافے سے خود کہی :

آفتاب عالم تابم

۱۰۶۸

اورنگ زیب کے بعد اس کا بیٹا شہزادہ معظم قطب الدین شاہ عالم بہادر شاہ کے لقب سے بادشاہ ہوا۔ اس نے اورنگ زیب کی اتباع میں اپنے جلوس کی تاریخ

ما آفتاب عالم تابیم

۱۱۱۹

سے کہی۔ اس سے کسی قدر ملتا جلتا سا اتفاق آخری مغل بادشاہ بہادر شاہ کے ساتھ بھی ہوا۔ اس کے جلوس کی تاریخ صہبائی نے اس شعر میں کہی تھی

تاریخ جلوس آں شہ والا قدر

آمد بلب خرد چراغ دہلی

۱۲۵۳

پھر جب اس نے وفات پائی تو کسی نے کہا

جلوس ان کا چراغ دہلی سو اب دیکھو مطابق اس کے

۱۲۵۳

سروش غیبی نے سال رحلت کہا بجھا ہے چراغ دہلی

۱۲۷۹

ایسے دلچسپ اتفاقات اکثر پیش آئے ہیں چنانچہ دکن کے ایک شاعر عارف الدین خاں عاجز نے اپنے مرنے کی تاریخ اپنے نام اور تخلص، اعداد کو جوڑ کر نکالی تھی :

عارف الدین خاں + عاجز

۱۰۹۷ + ۸۱ = ۱۱۷۸ ہجری

اور وہ اسی سال مرے۔ اسی طرح حکیم مومن خاں مومن نے اپنے مرنے کی تاریخ اس طرح کہی۔

دست و بازو بشکست

۱۲۶۸ ہجری

وہ بھی اسی سال میں مرے ۔

شیخ محمد ابراہیم ذوق نے یہ شعر کہا تھا

پوچھو قاتل سے کریگا قتل آخر کب تلک

اپنی تاریخ آج ہم پیش از قضا کہنے کو ہیں

ان کے مرنے کی تاریخ فقرہ '' آج ہم پیش از قضا '' سے برآمد ہوتی ہے ۔

۱۲۷۱ ہجری

(۱۳)

عالمگیر اورنگ زیب کے عہد میں اس کی مذہب دوستی کی وجہ سے اکثر تاریخیں قرآن پاک کی آیتوں سے نکالی گئی تھیں ۔ اس وقت سے یہ طریقہ بھی خاصا مقبول ہوا ۔ اسی بادشاہ کے ذکر میں یہ بھی لکھا ہے کہ :

'' شخصے در تاریخ جلوس کتابے تصنیف نمودہ در نظم و نثر کہ از ہر فقرہ و ہر مصرع تاریخ جلوس استخراج می یابد ۔ فقرۂ چند ازان نوشتہ می شود۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم الوکیل القدیم

۱۰۶۸

از جمیع فقرہ سال جلوس بحر احسان پیدا آید

۱۰۶۸

الحمد اللہ العرب الکریم مشہود

۱۰۶۸

و درود معدود برہادی امم بر گزیدہ معبود

۱۰۶۸

اس کے بعد اس نے ایک غزل کہی جس کے ہر مصرعے سے سال جلوس کے عدد نکلتے ہیں ۔ مطلع یہ ہے

اساس عالم مجد آفتاب بہر دوجہان ملک پناہ ورسل تاج وانبیا سلطان ۷۵

۱۰۶۸ ۱۰۶۸

اورنگ زیب نے ۱۱۱۱ھ میں قلعہ ستارہ کو فتح کیا تو میر عبدالجلیل واسطی بلگرامی نے رات بھر میں اس سال کی مناسبت سے گیارہ تاریخیں کہیں اور ان کا ایک مجموعہ تیار کر کے بادشاہ کی خدمت میں پیش کیا ۔ اس مجموعے کے نام انہوں نے دو مقرر کئے یعنی

گلزار فتح شاہ ہند اور طوی نامہ فیروزی شاہ عالمگیر

۱۱۱۱ ۱۱۱۱

یہ دونوں نام بھی تاریخی ہیں۔ غالبا اس سے پہلے کسی شخص نے ایک موضوع سے متعلق اپنی کہی ہوئی منظوم تاریخوں کا کوئی مجموعہ مرتب نہیں کیا تھا ۔ اس مجموعہ کے مرتب ہو جانے کو تاریخ گوئی کے ارتقاء میں بڑی اہمیت حاصل ہے اس میں مختلف انداز کی تاریخیں کہی گئی تھیں ۔ بعض گذشتہ اوراق میں نقل بھی کی جا چکی ہیں ۔ ایک قطعہ یہاں بھی لکھا جاتا ہے :

جشن سہ بارہ گیر بفتح ستارہ گڑھ
نظارہ کن جوانب و اطراف بوستان
این بیت را بہ تعمیہ گیرد اگر کسی
تاریخ بانقط شود از لفظ اوعیان

یعنی لفظ جشن را کہ سہ بارہ حساب کنند ۱۰۵۹ شود ۔ اطراف

• ہمارے خیال میں اس نوعیت کے رسائل میں ایک دوسرے ہندی صوفی اور مصنف سید محمد زاہد کو کسی قدر میر عبدالجلیل بلگرامی پر تقدم حاصل ہے ۔ انہوں نے شیخ عبد القادر جیلانی کی تاریخ وفات پر ایک فارسی رسالہ " گزیدۂ معشوق " لکھا اور ابوالفیاض ناصر الدین محمد عیسی قادری کو تحفۃً دیا۔ ابوالفیاض نے اسے ۱۱۱۵ھ میں اپنی کتاب " فیوضات قادریہ " میں نقل کر دیا۔ اس کتاب کا ایک خطی نسخہ قومی عجائب گھر پاکستان کراچی میں ہے (شمارہ نسخہ ۱۵۹۔ ۱۹۶۶)۔ جس کے صفحات ۲۱ تا ۲۵ پر یہ رسالہ نقل ہوا ہے ۔ " گزیدہ معشوق " چونتیس جملوں کے مشور مقدمہ اور گیارہ اشعار کے ایک منظوم قطعہ پر مشتمل ہے ۔ مقدمہ کے ہر جملہ سے شیخ جیلانی کا سال وفات برآمد ہوتا ہے مگر قطعہ صنعت کامل میں ہے اور بقول ناقل اس سے مختلف طریقوں سے ایک ہزار ایک سو اکسٹھ تاریخیں نکالی جا سکتی ہیں۔ (دانش)۔

بوستان حرف ب ، ن ، است کہ عدد آن ۵۲ میشود۔ مجموعہ ۱۱۱۱ھ
الفاظ جشن + ب + ن کہ ہریکے ازان حرف منقوطہ است ، ازان تاریخ
برآید"۔ ۷۶

اس تاریخ میں دو قسم کی تاریخوں کا امتزاج ہے یعنی

(الف) جب مادۂ تاریخ کو چند بار شمار کریں ۔ ڈاکٹر مغیث الدین فریدی نے بھی ایک دوست کے تیسرے نکاح کی تاریخ اس طور پر کہی ہے

تاریخ عقد ثالث مل جائے تم کو فوراً
آ جائے ان کے لب پر جب تین بار خندہ

خندہ کے عدد ۶۵۹ ہیں ۔ ان کو تین سے ضرب دیں تو ۱۹۷۷ء حاصل ہوگا ۔

(ب) حروف منقوطہ سے تاریخ نکالنا ۔ اس کی ایک مثال کاظم حسین بھپھوندوی کے یہاں سے نقل کی جاتی ہے :

"فیض غنی بے ضنّت بخش
پیش زشیش غنت بخش
بیشے بینش تخت نشین
زین جج شپ ۰ بخشیش بین
بختش غنیت بخش زغیب
بیشی غنیت پیش زشیب
شیب نشین خے بے شین خیش
زین شش جج بیشی چیزیش ۱۳۲۵ھ

معنی شعر اخیر اینست کہ سہ حرف خا و یا و شین کہ مجموعہ آں خیش است چون بہ نشیب نشیند یعنی مراتب اعداد نزول یابد حرف خاکہ شش صد عدد دارد چون از مرتبۂ مأت نازل شدہ بمرتبہ عشرات آید بجائے شش صد شصت شود کہ عدد حرف سین مہملہ است ۔ ہمین طور از حرف یا عدد یک و ازان حرف الف بہم رسدوا زحرف شین بجائے سہ صد سی وازان

جج شپ یعنی جمعی کا عبدہ۔

حرف لام پدید آید پس از لفظ خیش لفظ سال پیدا شود۔ اشارہ بآنست کہ این سال ترقی است کہ حرف سال ترقی کردہ‌از یک دہ‌شدہ بہ شکل خیش ظاہر گشتہ چون در عبارت منقوطہ لفظ سال نمی آمد بطور معما از لفظ خیش تعبیر کردہ فافہم مطلب اینست کہ سال این عہدہ درمصرع آیندہ است۔ چون ممدوح جج ہفتم مقررہ شدہ اندبیشی شان برشش ثابت است " ۷۷ اسی طرح حروف مہملہ (غیرمنقوطہ) وغیرہ میں بھی تاریخیں کہی گئیں ہیں ۔ ان تمام صنعتوں کی مثالیں نقل کرنا غیر ضروری ہے ۔

میر عبدا لجلیل واسطی کے مذکورہ مجموعہ تاریخ کے دونوں نام تاریخی ہیں ۔ اس مجموعے کے بعد کتابوں اور پھر افراد کے تاریخی نام رکھے جانے کا بھی سلسلہ شروع ہوا*۔ یہ بات دلچسپی کی ہے کہ اردو شاعروں کے اولین دو تذکروں کے نام بھی تاریخی ہیں ۔ قایم کے تذکرے کا نام ان کے ایک دوست خواجہ اکرم نے

مخزن نکات = ۱۱۶۸

تجویز کیا تھا ۔ محمد تقی میر نے بھی لفظ '' نکات '' کو لے کر اپنے تذکرے کا نام تاریخی

نکات الشعرائے ہندیہ ** = ۱۱۶۷

مقرر کیا البتہ یہ نام چونکہ طویل تھا ، عام طور سے اسے نکات الشعرا ہی کہا ہے۔

دہلی میں بھی بعض لوگوں نے اپنی کتابوں کے نام تاریخی رکھے تھے۔ اس معاملے میں شیخ امام بخش صہبائی کو خصوصیت ہے ان کی کئی تحریروں کے نام تاریخی ہیں۔ لکھنو میں ناسخ اور ان کے کئی شاگردوں کے

* کتابوں کا تاریخی نام رکھنے کا سلسلہ بہت پہلے شروع ہو چکا تھا ۔ مثلاً مولانا فخرالدین علی واعظ کاشفی کی کتاب کے عنوان " رشحات عین الحیات "کے لفظ " رشحات " سے سال تصنیف ۹۰۹ھ برآمد ہوتا ہے ۔ اگر اہتمام کے ساتھ اس موضوع پر مطالعہ کیا جائے تو کتابوں کا تاریخی نام رکھنے کا نقطہ آغاز اس سے بھی پہلے مل سکتا ہے ۔ دانش ۔

** اردو کے ایک پروفیسر نے راقم سے سوال کیا کہ گیا" نکات الشعرائے ہندیہ" کی ترکیب درست ہے۔ قطع نظر اس سے کہ تاریخ گویوں نے اول روز سے اپنی تاریخوں میں الفاظ صحیح یا غلط روزمرہ کے مطابق تصرف کیا ہے چنانچہ شروع میں اس کی کچھ مثالیں نقل کی گئی ہیں ، میر کے معاصر خواجہ خان حمید کے تذکرے میں بھی ہے

" این تذکرہ الشعرائے ہندیہ ترتیب دادم" (گلشن گفتار ص ۴)

اس قسم کی ترکیبیں اس زمانے کی ہندوستانی فارسی کی دوسری کتابوں بھی مل سکتی ہیں۔

دواوین کے نام بھی تاریخی ہیں خود ناسخ کے دواوین کا یہی حال ہے یعنی

دیوان ناسخ	دفتر پریشان	دفتر شعر
۱۲۳۲	۱۲۴۷	۱۲۵۴

پہلے دیوان کی تاریخ '' زبر و بینات '' کے اعداد سے نکلتی ہے جس کی تفصیل آگے آئے گی ۔

میر علی اوسط رشک کے بارے میں کہا گیا ہے کہ انھیں :

'' شاعری کی سرکار سے تاریخیں کہنے کا ٹھیکہ ملا ہے '' ۷۸

ان کے دو دیوان ان کی تصحیح سے چھپ گیے تھے جن کے تاریخی نام '' نظم مبارک '' = ۱۲۵۳ اور '' نظم گرامی '' = ۱۲۶۱ ہیں تیسرا دیوان راقم نے مرتب کیا ہے اور اس کا نام '' نظم آخریں '' = ۱۸۵۱ رکھا ہے ۔

اسی طرح منیر شکوہ آبادی کے تین دیوان ہیں ۔ ان کے تاریخی نام یہ ہیں :

منتخب العالم	تنویر الاشعار	نظم منیر
۱۲۶۴	۱۲۶۹	۱۲۹۰

افراد کے ناموں میں شیخ محمد حاتم کا نام تاریخی " ظہور"=۱۱۱۱ بتایا گیا ہے یہ وہ ہی سال ہے جب واسطی نے قلعہ ستارہ کی تاریخیں کہی تھیں حاتم کا شمار دھلی کے اولین اردو شاعروں میں ہوتا ہے لکھنو میں تد بیرالدولہ مظفر علی خاں اسیر کا نام مظفر = ۱۲۲۰ تھا ، اس سے ان کا سال ولادت معلوم ہوتا ہے ۔ اسی طرح دہلی میں مولانا محمد حسین آزاد کا تاریخی نام ظہور اقبال =۱۲۴۵ بتایا گیا ہے اور بھی بہت لوگوں کے نام تاریخی ہوے ہیں بلکہ یہ رواج اب تک بھی جاری ہے۔

میر عبدالجلیل واسطی کے بعد عام طور سے تاریخی مادوں کو جمع کرنے کا شوق پیدا ہوا ۔ اسی صدی کے اوسط میں محمد مجیب ناگوری قادری نے بعض صوفیا کی وفات کی تاریخوں کو ایک مجموعہ کی صورت میں ۱۱۵۵ھ/ ۱۷۴۲ء میں مرتب کیا اور اس کا نام '' مخزن الا عراس '' یا '' اعراس

نامہ ''، مقرر کیا ۔ اس مجموعہ کی ایک نقل جو ۱۳۷۲ھ/۱۹۵۳ء میں لکھی گئی مولانا آزاد لائبریری علی گڑھ میں ہے۔ ایک دوسرا نسخہ ایشیاٹک سوسائٹی آف بنگال کلکتہ میں محفوظ ہے ۔

ایک اور کتاب نوازش علی خاں شیدا حیدرآبادی کی منتخب الاعداد =۱۱۷۳ ہے جو مادہ ھائے تاریخ پر مشتمل ہے ۔ اس کا ایک نسخہ قومی عجائب گھر کراچی میں موجود ہے ۷۹

شیدا نے ۱۲۱۲ھ/۹۸-۱۷۹۷ء میں وفات پائی تھی ۔ وہ میر نظام علی خاں آصفجاہ دوم کے عہد میں '' میر ساماں '' کے منصب پر فایز تھا ۔ اس کی تصانیف میں تین مثنویاں اعجاز احمدی، روضۃ الاطہر اور گلشن ایمان ہیں ۔ ایک کتاب '' جامع الفواید '' کے نام سے بھی اس نے ۱۱۸۵ھ/ ۱۷۷۱ء میں تالیف کی تھی ۔

(۱۴)

اورنگ زیب عالمگیر کے بعد کا زمانہ سیاسی عدم استحکام کا زمانہ تھا ۔ محمد شاہ بادشاہ کے عہد میں کس قدر اطمینان کی صورت تھی لیکن اس کے بعد پھر انتشار کا عالم رہا ۔ ان حالات میں بڑی بات یہ ہوئی کہ اہل علم و دانش نے ماضی کی علمی اور ادبی روایتوں کو کسی نہ کسی طرح برقرار رکھا ۔ تاریخ گوئی کا سلسلہ بھی جاری رہا لیکن معیار میں کوئی نمایاں ترقی نہیں ہوئی ۔ فرخ سیر بادشاہ کے جلوس اور معزولی کی تاریخ کسی نے اچھی کہی تھی ۔

سال جلوس وعزلت فرخ سیر زعقل چون من سوال کردم اوگفت ناگہان

۱۱۵۰

یک باربست وشش ودگر بار نوزدہ از نام او بدر کن و تاریخ او بدان ۸۰

۱۹-۱۱۵۰ ۲۶-۱۱۵۰

۱۱۳۱ ۱۱۲۴

میر عبد الجلیل واسطی زندہ تھے اور تاریخ گوئی کے فن میں اپنے کمالات کا اظہار کرتے رہتے تھے ۔ نظام الملک کو محمد شاہ بادشاہ نے

خلعت وزارت اور خطاب آصفجاہ عطا کیا ۔ واسطی نے ایک قصیدہ کہا جس میں فارسی ، عربی ، ترکی اور اردو چاروں زبانوں میں شعر کہے اور تاریخیں بھی نکالیں ۔ اس کا ایک شعر یہ ہے :

ہزار یکصد وسی و چہار نص نشاط دوگونہ جوہر تاریخ ازوشود پیدا

۱۱۳۴

واسطی کے انتقال کے بعد میر غلام علی آزاد بلگرامی نے تاریخ گوئی میں نام پیدا کیا ۔ انھوں نے بھی کئی نہایت عمدہ تاریخیں کہیں ۔ محمد شاہ بادشاہ ، نواب قمرالدین خاں وزیر اور آصفجاہ تینوں ایک سال میں مرے ۔ آزاد نے کہا

گشت تاریخ چوں کشیدم آہ فوت شاہ وزیر و آصفجاہ

۶ ۱۱۶۷ = ۱۱۶۱

تیرھویں صدی ہجری/انیسویں صدی عیسوی کے نصف اول میں شیخ امام بخش صہبائی اور حکیم مومن خاں مومن وغیرہ نے دہلی میں تاریخ گوئی کے لیے شہرت پائی اور بہت برجستہ صوری اور معنوی تاریخیں کہیں ۔ صوری و معنوی تاریخوں کا چلن دہلی میں اس زمانے میں بہت زیادہ نہیں معلوم ہوتا ۔

لکھنو میں شیخ امام بخش ناسخ نے تاریخ گوئی میں مہارت پیدا کی ان کے بعد ان کے شاگردوں نے اس فن کو خوب فروغ دیا ۔ ناسخ کے شاگردوں اور معاصروں نے تاریخوں سے قصیدے کا بھی کام لیا اور غالباً یہ بھی لکھنو میں قصیدہ گوئی کے زوال کا ایک سبب رہا ہے ۔ سعادت خاں ناصر نے اپنے تذکرہ میں تاریخ گوئی کے لیے بعض شاعروں کا خصوصیت سے ذکر کیا ہے لکھتا ہے ۔

'' زکی مہدی علی ۔ صاحب ارشاد ، علم معما اور تاریخ میں استاد '' ۸۱

'' اظہر شیخ کرامت علی ۔ مرد نام آور ، شاعر بہتر ۔ تاریخ گوئی میں مشہور '' ۸۲

ناصر نے ان کی چند تاریخیں نقل کی ہیں ۔ انھیں میں ایک بہادر شاہ

ظفر کے جلوس کی تاریخ بھی ہے :

گر فکر تراست بہر تاریخ
اظہر تو بگو چراغ دہلی

۱۲۵۳

" چراغ دہلی " سے بہادر شاہ کی تخت نشینی کی تاریخ صہبائی دہلوی نے بھی نکالی تھی ۔ اسے توارد سمجھا چاہیے ۔

'' شایق میر محمد ۔ کاشف غلاق و دقائق ۔ ریختہ پر تاریخ گوئی اس کی فایق '' ۸۳

'' میر علی اوسط صاحب تخلص رشک گویا تاریخ کا جامہ ان پر قطع ہوا ہے '' ۸۴

میر رشک نے اپنی بعض غزلوں کے مقطعوں میں بھی تاریخیں کہی ہیں ۔ ان کے ولی نعمت آغا علی خاں مہر نے بھی اپنی کئی غزلوں کے مقطعے تاریخی کہے تھے ۔ اس کے بعد تو نوبت یہ ہوئی کہ ایک سے زاید شاعروں نے ایسے دیوان تیار کیے جن میں تاریخی مقطعوں کا التزام کیا گیا تھا ۔ میر رشک کے صاحبزادے میر علی ضامن شوق کے بارے میں ہے ۔

'' صاحب دیوان ۔ ان کی ہر غزل کا مقطع تاریخی ہوتا ہے '' ۸۵

اس زمانے میں نئی نئی صنعتوں میں تاریخیں کہی گئیں چنانچہ شیخ امام بخش ناسخ کے پہلے دیوان کے بارے میں ہے :

'' نامش تاریخی در عدد زبر و بینات برآوردۂ میاں غنی شاگرد شیخ صاحب مرحوم ۔

دیوان ناسخ

یعنی عدد حرف زبر و بیناتش جمع کردہ تاریخ بر می آید و قاعدہ اش این است کہ از اسم ملفوظی ہر حرف اولینش حرف زبرست و ما بقی بینات مثلاً حرف ' د ' اسم ملفوظی آں د = ۴ ال = ۳۱ است ۔ پس چہار عدد حرف زبرست و سی و یک عدد بینات ۔ پس دیگر حروف ہم برین قیاس باید فہمید ۔ مجموع عدد حروف زبر از دیوان ناسخ

ہفت صدو ہشتادو دو شدند

د ی و ا ن + ن ا س خ

۷۸۲ = ۷۱۱ + ۷۱

مجموع عدد حروف بینات از دیوان ناسخ

ال ی او لف ون ون لف ین ے

۴۵۰ =۱۰ +۵۶+۱۱۰+۵۶ + ۵۶ +۱۱۰ +۷ +۱۰ +۳۱

ہر گاہ کہ عدد زبر و بینات ہر دو جمع کرد یم مجموعش = ۱۲۳۲ یکہزار و دو صد وسی ودو شدند وہمیں سال تاریخ تصنیف دیوان اول است "۔

اسی طرح محسن کاکوری نے اپنے ایک دوست کی شادی کی تاریخ ۱۰اس شعر سے کہی تھی :

مبارک آمد زکدای مے وصال مدام امجد ۱۲۶۴

دمیدعید امید ازیں مہ بہ چارستون والف ودوصد ۱۲۶۴

'' اس شعر سے کئی طرح تاریخ نکلتی ہے اول صوری '' چار ستون والف ودوصد ۔

دوم مصرع اول سے سنہ ہجری اور مصرع ثانی سے سنہ ہجری برآمد ہوتے ہیں :۔

سوم مصرع اول وثانی کے حروف منقوط کے اعداد بہ قاعدہ جمل لینے سے ۱۲۶۴ھ نکلتے ہیں ۔

چہارم مصرع اول کے حروف غیر منقوط اور مصرع ثانی کے حروف منقوط کے اعداد جمع کیے جائیں تو ۱۲۶۴ھ نکلتے ہیں ۔

پنجم مصرع اول کے حروف منقوط اور مصرع ثانی کے حروف غیر منقوط جمع کیے جائیں تو ۱۲۶۴ھ نکلتے ہیں ۔'' ۸۶

اسی طرح قرآن پاک کی سورۂ فیل سے بھی محسن نے کئی طریقوں سے ۱۲۷۴ کے عدد برآمد کیے ہیں ۔ ۸۷

(۱۵)

مفتی غلام سرور لاہوری نے بزرگان دین اور صوفیاے کرام کا ایک ضخیم تذکرہ لکھا ۔ اس میں تمام بزرگوں کی وفات کی تاریخیں کہیں اور تذکرہ کا تاریخی نام " خزینتہ الا صفیا '' = ۱۲۸۰ مقرر کیا ۔ یہ کتاب قطعات تاریخی کا ایک نہایت قابل قدر ذخیرہ ہے ، اس کے بعد کئی لوگوں کو قدماء کی تاریخیں کہنے کا شوق پیدا ہوا ۔

ڈپٹی عبدالغفور خاں نساخ نے بھی بہ کثرت قطعات تاریخ کہے اور ان کا ایک ضخیم مجموعہ '' گنج تواریخ '' = ۱۲۹۰ کے نام سے تیار کیا جو اکتوبر ۱۸۷۴ء میں چھپا ۔ پھر ایک اور مجموعہ '' کنز تواریخ '' = ۱۲۹۴ کے نام سے تیار کیا جو اول الذکر کا ضمیمہ تھا ۔

تقریباً اسی زمانے میں محمد علی جویا نے تاریخ گوئی کے قاعدوں اور صنعتوں کے بیان میں ایک کتاب '' سرود غیبی '' = ۱۲۹۲ یا "خیابان تاریخ" = ۱۸۷۵ کے نام سے تیار کی ۔ جویا مراد آباد کے رہنے والے تھے ۔میر رشک سے کسب فیض کیا تھا ۔ نواب زین العابدین خاں عابد رامپوری کے کہ جو راج سوای جیپور میں فوجدار تھے ، متوسل تھے ، اور اسی ملازمت کی وجہ سے وہاں رہنے لگے تھے ۔ یہ کتاب مقبول ہوئی اور نولکشور پریس لکھنو سے اس کے ایک سے زیادہ ایڈیشن نکلے تھے ۔ درگا پرشاد نادر نے اس کتاب کی بنیاد پر لکھا ہے کہ :

'' میرے نزدیک تو جویا اس فن میں سب پر سبقت لے گیا جیسے معما کے فن میں صہبائی جنت ماوای '' ۸۸

انھوں نے یہ بھی کہا ہے کہ :

" جویا ممدوح کی کتاب لاجواب مسطور میں عجیب عجیب باتیں نظر آئیں ۔ بے اختیار دل چاہا کہ اس کا لب لباب بھی نذر احباب ہو ۔" ۸۹

جویا نے اپنی کتاب میں مختلف صنعتوں کی مثالوں کے لیے خود تاریخیں کہی ہیں ۔ بعض گذشتہ اوراق میں نقل کی گئیں ۔ دو اور یہاں تحریر کی جاتی ہیں :

'' صنعت کامل ۔ جب کہ ایک مادہ سے چند تاریخیں نکالیں

اور چند مادوں سے تاریخ استخراج کریں تو اسے صنعت کامل سمجھیں جیسے جویا صاحب نے دس شعر لکھے اور ان سے بارہ ہزار تاریخیں نکالیں اس طرح پر کہ :

اول تو ہر مصرع تاریخی کہا ہے - پھر ہر شعر کے حروف منقوطہ سے اور نیز غیر منقوطہ سے جدا جدا تاریخ برآمد کی - پھر پہلے مصرع کے حروف معجمہ اور دوسرے کے مہملہ اور اسی طرح اس کے عکس سے الگ الگ تاریخ نکالی - پس یہ کل ساٹھ تاریخیں ہوئیں مگر حضرت نے آگے ترتیب کے قاعدے کو جاری فرمایا کہ پہلا مصرع اخیر کے سب مصرعوں سے ملے تو ۳۶۰ تاریخیں ہوئیں - پھر اسی طرح باقی نو مصرع اولی مصاریع ثانی سے ضم ہوں تو ۳۲۴۰ تاریخیں ہو جائیں - پس یہاں تک ۳۶۶۰ تاریخیں ہوئیں - پھر حضرت فرماتے ہیں - کہ مصاریع اول کو دوم فرض کیا اور دوم کو اول - گو اس ترکیب سے ۳۶۶۰ تاریخیں اور ہو جائیں گی مگر میرے نزدیک یہ سراسر تکلف بیجا ہے - الغرض کل ۷۳۲۰ ہوئیں - اس تکلف سے بھی پوری بارہ ہزار نہیں آئیں - شاید مصنف صاحب نے کوئی تکلف اور دور از قیاس بھی کیا ہو جو اس ہیچمدان کی سمجھ میں نہیں آیا کیونکہ حضرت نے اس کی تشریح بہت ہی کم لکھی ہے - خیر یہ کیا کم ہے -

چامراج پریس بنگلور کا قاسم الاخبار نمبر ۵ ، جلد ۲۳ ، مطبوعہ ۱۱ دسمبر ۱۸۸۲ء لکھتا ہے کہ جناب عبدالحفیظ صاحب معجزبنگلوری نے یہ چھ شعر تاریخی اس پرچہ کی تعریف میں اسی صنعت میں لکھے ہیں جن سے دس ہزار تاریخ نکلتی ہیں اور وہ یہ ہیں :

تاریخ بہ صنعت کامل

قاسم قرطاس است نو ہوا — حل گلشن مرہم شاہد سوار

۱۰۰ ۱۳۰۰ ۱ — ۸ ۱۳۰۰ ۲۰۰

ہارمہ نور خاور کام ملک — نسخہ در دو حمام کا مگار

۵ ۱۳۰۰ ۲۰ — ۵۰ ۱۳۰۰ ۲۰۰

طالع خر سند سال لمع باد — عام نثر گل و ماہ و قار

۹ ۱۳۰۰ ۴ — ۷۰ ۱۳۰۰ ۲۰۰

مطلع نور خیبر و اہل کلہ — خندہ طور حصول کوہسار
۴۰ ۱۳۰۰ ۵ — ۶۰۰ ۱۳۳۰۰ ۲۰۰

شمع روشن ماہ و طالع صلح کل — حافظ رحم کل انحل حصار
۳۰۰ ۱۳۰۰ ۳۰ — ۸ ۱۳۰۰ ۲۰۰

نثر قاسم مطلع کامل حسام — سیف معجز للہ روح نثار
۵۰ ۱۳۰۰ ۴۰ — ۶۰ ۱۳۰۰ ۲۰۰

۱۳۰۰ میزان اول — میزان اواخر ۱۳۰۰

تیرہ سو ہجری نبوی کے دس ہزار مادہ اس طرح پیدا کر لو :

۱ ۔ سر مصاریع — ۲ ۔ ہر مصرع کا اخیر

۳ ۔ ہر مصرع تاریخ ہے — ۴ ۔ اول و دوم مصرعوں کے حروف منقوط

۵ ۔ غیر منقوطہ

۶ ۔ پہلے نیموں کے معجمہ حروف، دوسروں کے مہملہ — ۷ ۔ اول کے بے نقط، ثانی کے نقطہ دار

۸ ۔ ہر ایک مصرع اولی کو باقی کے مصاریع ثانی سے ربط دیکر اعمال بالا جاری کرو۔" ۹۰

اس سے بھی زیادہ مشکل اور دلچسپ ایک اور تاریخ محمد علی جویا کی ایجادات سے اس طرح ہے :

" صنعت نو۔ ایک مادہ میں لاکھ تاریخیں ہوں ۔ یہ بھی ایجاد خامہ جویا ہے :

زدست باقی بقتل آمد غم فراواں بما مرکب ۱۸۷۲ء

تاریخ قتل میو صاحب گورنر جنرل بہادر ہند ہے ۔

پہلے اول حرف کو لو اور بعد تیسرے ، پانچویں ، ساتویں وغیرہ کو ۔ اس طرح جس حرف سے چاہو شروع کرو ۔ اس کے بعد ترک کرتے جاؤ یہ بھی پراز تکلف ہے ۔

اس تکلف سے بھی اول مرتبہ تیس تاریخیں نکلیں گی۔ اگر اس کے عکس پر عمل کرو۔ جیسا کہ مصنف صاحب نے فرمایا ہے یعنی پہلے پچھلا حرف

لو ، پھر ۲۸ ، ۲۶ وغیرہ ۔ بعد ازاں ۲۹ ، ۲۷ وغیرہ تو تیس اور ہوں ۔ پس کل ساٹھ ہوئیں ۔

اب وہ کہتے ہیں پھر دوسرے کو پہلا سمجھو اور وہی عمل کرو ۔ غرض اس طرح ۶۰ × ۶۰ = ۳۶۰۰ ہو جائیں گے نہ کہ ایک لاکھ بارہ ہزار ہو جائیں جیسا کہ حضرت فرماتے ہیں ۔ مگر ہاں اور کوئی تکلف دور از قیاس جاری کیا ہو تو سمجھ میں نہیں آتا ‘‘ ۹۱

اصولی اور صحیح بات تاریخ گوئی کے بارے میں جو درگا پرشاد نادر نے لکھی ہے یہ ہے کہ :

’’ علم بلاغت میں جس قدر صنایع لفظی و معنوی ہیں ، اگر شاعر ان پر بخوبی حاوی ہو تو صدھا صنعتوں میں تاریخ کہہ سکتا ہے غرض جس قدر کسی کو کسی خاص فن میں مہارت ہو وہ اسی قدر اس میں ترقی کر سکتا ہے ۔ یہ بیان صرف نمونہ کے طور پر اچھا ہے ۔ ‘‘ ۹۲

محمد علی جویا کی کتاب کے تقریباً ساتھ ہی میر عباس نامی ایک صاحب نے بھی ایک کتاب شائع کی تھی ۔ اس کے بارے میں درگا پرشاد نادر نے لکھا ہے :

’’ میرے مہربان میر عباس صاحب نے ایک رسالہ بنام استخراج ۔ التواریخ چھپوا دیا ہے ۔ “ ۹۳

یہ میر عباس خواجہ وزیر کے شاگرد تھے ۔ اور استاد کی طرح اپنے نام کی مناسبت سے عباس تخلص کرتے تھے ۔

یہ کثرت مادہ ہائے تاریخ کہہکر ان کے مجموعے تیار کر لینے کا شوق تیرھویں صدی ہجری کے بعض اور شاعروں کو بھی رہا ہے انہیں میں شاہ غلام یحیی عظیم آبادی (متوفی ۱۳۰۲ھ مطابق ۱۸۸۵ء) بھی تھے ۔ انھوں نے اپنے مجموعے کا نام ’’ کنز تواریخ ‘‘ مقرر کیا تھا جس سے اس کا سال ترتیب ۱۲۹۴ھ مطابق ۱۸۷۷ء معلوم ہوتا ہے ۔ یہ کتاب شایع نہیں ہو سکی البتہ ڈاکٹر عابد رضا بیدار نے اس میں سے ۱۲۰۳ھ سے ۱۲۹۹ھ تک کے قطعات تاریخ کو خدا بخش لائبریری جرنل شمارہ نمبر ۲۰ میں چھاپ دیا

ہے اس کتاب کے تعارف میں انھوں نے لکھا ہے :

"کنز تواریخ جس کا ایک اور تاریخی نام " مجلد تواریخ" ہے میں اولین قطعہ تاریخ رسول اکرم کی تاریخ پیدایش پر ہے - پھر وفات نبوی پر، پھر تاریخ بتاریخ پہلی، دوسری اور تیسری صدی کے دو دو چار چار اہم سنین کی تاریخیں ہیں - پھر گیارھویں اور بارھویں صدی کی چند تاریخیں ہیں - تیرھویں صدی ۱۲۰۳ھ سے شروع ہوتی ہے - " ۹۴

۱۳۲۵ھ میں شیخ کاظم حسین صدیقی متوطن پھپھوند ضلع اٹاوہ نے اپنا دیوان '' نشید کاظم '' کے تاریخی نام سے مرتب کیا جو الہ آباد سے ایک برس بعد چھپ کر شایع ہوا - اس دیوان کا ایک دوسرا تاریخی نام انھوں نے '' یادگار کاظم حسین '' بھی مقرر کیا - اس میں صفحہ ۱ سے صفحہ ۲۸ تک سلام نبوی، منقبت حضرت علی، مذمت نا اہلی اور مخمسات وغیرہ ہیں - صفحہ ۲۹ سے دیوان التواریخ = ۱۳۱۹ شروع ہوتا ہے - یہ نام بھی تاریخی ہے - یہ دیوان صفحہ ۱۶۴ پر مکمل ہوتا ہے - اس کے بعد مناظر الاسماء = ۱۳۲۵ ہے جس میں اسمائے حسنی کا بیان ہے - پھر صفحہ ۲۱۵ سے جدول اعداد حروف ابجد ہے جس میں ہر حرف کے اعداد چار طرح تحریر کیے ہیں یعنی عدد زبر، عدد بینات، عدد مکتوبی صغیر، عدد مکتوبی کبیر . مثلاً حرف الف کے اعداد اس طرح ہیں :

الف یعنی عدد زبر = ایک

ا ۱۱۰ عدد بینات = ۱۱۰

۱۱۱

عدد مکتوبی صغیر = ۱۱۱

عدد مکتوبی کبیر اس طرح ہوئے :

الف لام فا

۱۱۱ ۷۱ ۸۱ = ۲۶۳

اسی طور پر ایک دوسری جدول میں اسمائے حسنی کے حروف چہار گانہ لکھے ہیں

" نشید کاظم " کا آخری جزو " معمیات کاظم " ہے - فن معما

کسی زمانے میں بہت مقبول تھا لیکن ۱۸۵۷ء کے بعد اس کا رواج کم ہو گا اور بالآخر اب یہ فن واقعی ایسا معما بن گیا ہے جس کے جاننے سمجھنے والے نایاب ہوتے جا رہے ہیں ۔

'' دیوان التواریخ '' اپنی نوعیت کا انفرادی کام ہے جس میں صرف معاصرین سے متعلق تاریخیں جمع کی گئی ہیں ۔ تاریخ گوئی کی جتنی صنعتیں رایج رہی ہیں اس مجموعہ میں بیشتر تاریخیں موجود ہیں اس لیے یہ مجموعہ نہایت بیش قیمت اور قابل قدر ہے ۔

عارف نوشاہی نے لکھا ہے کہ :

'' سلسلہ نوشاہیہ کے شعراء کی ایک روایت یہ بھی رہی ہے کہ انھوں نے اپنے سے پہلے اور معاصر رجال دین و ادب کی وفات یا دیگر اہم موقعوں پر قطعات تاریخ لکھے ہیں ۔ '' ۹۵

چنانچہ موصوف نے ایسے کئی قطعات اور کتابوں کا پتا دیا ہے بعض یہ ہیں :

عیون التواریخ از سید غلام مصطفی نوشاہی

۱۳۸۴

اعداد التاریخ اور اعجاز التواریخ از سید شریف احمد شرافت نوشاہی

پہلی کتاب بنوز غیر مطبوعہ ہے البتہ دوسری کتاب کا خلاصہ عارف نوشاہی صاحب نے '' منتخب اعجاز التواریخ '' کے نام سے ۱۳۹۶ھ مطابق ۱۹۷۶ء میں اپنے مقدمہ کے ساتھ شایع کر دیا ہے۔ اس کتاب میں ۱۰۱۲ھ سے ۱۳۹۶ھ تک کے واقعات سے متعلق شرافت نوشاہی کے قطعات تاریخ شامل ہیں ۔

تاریخ گویوں نے مبتدیوں کی سہولت کے لیے مختلف اعداد کے مادہ ہائے تاریخ کو بھی یکجا کیا گیا ہے ۔ اس سلسلے میں پہلی کتاب غالباً تیرھویں صدی ہجری/انیسویں صدی عیسوی میں مرتب کی گئی ہوگی ۔ جناب عارف نوشاہی نے ایک کتاب کے مخطوطہ کے بارے میں لکھا ہے ۔

'' میزان تاریخ از موھن لال عجایبی کایستھ ۔ در دستگاہ واجد علی شاہ

فرمانروائے لکھنو منشی بودہ ۔ در ۱۲۶۱ھ مطابق ۱۸۴۵ء نگاشتہ است مجموعہ مادہ ھائے تاریخ است از عدد یک تا یکہزار "۔ ۹۶

اس کے بعد چودھویں صدی ہجری کے آغاز میں حکیم میر نادر علی موسوی رعد تخلص نے ایک کتاب گنجینہ تواریخ اسی طور پر مرتب کی اور اس کا تاریخی نام '' مراۃ الخیال '' = ۱۳۱۳ مقرر کیا ۔ مولف نے مقدمہ میں لکھا ہے کہ :

" این نسخہ متوازی الاعداد کتابیست مشتمل بر قواعد و الفاظ و فقرات تاریخی کہ برائے افادۂ عام تالیف نمودہ‌ام و زنگ اشکال از آئینہ تاریخ زدہ‌ام ۔ خالق حروف و اعداد مقبول و مفید عالم گرداناد " ۹۷

اس کتاب میں ایک سے انیس سو تک کے مادۂ تاریخی جمع کیے گئے ہیں اور اس طرح یہ کتاب بہت زیادہ مفید ہے۔ختم کتاب میں یہ مصرع لکھا ہے ۔

شد خاتمہ کتاب اکنون = ۱۹۰۰

اس کے بعد '' تکملہ '' میں '' نظایر اقسام تاریخ '' اور امثلۂ تواریخ معنوی ، امثلۂ تواریخ صوری و معنوی ، اور تواریخ طبع ایں کتاب '' شامل ہے

کتاب '' گنجینہ تواریخ '' میں احمد عبدالعزیز صاحب جنگ بہادر کا کہا ہوا ایک قطعہ تاریخ انتقال نواب مختار الملک بہادر بھی نقل ہوا ہے جس کے ہر فقرے سے تاریخ ۱۳۰۰ نکلتی ہے :

سال وفات حاکم بندہ پرور
دستور نامجوے وزیر نامور
چشمہ الطاف و معدن سخا
منبع فرہنگ و مخزن عطا
قوی دست عالی تبار
حق پسند عدالت شعار
شعاع مہر وزارت
بدر منیر آسمان امارت

عالی صفات شہپر زمن
بہرام صولت مدار المہام ملک دکن

عزیز یار جنگ نے ۱۳۱۷ھ میں فن تاریخ سے متعلق ایک کتاب لکھی جس کا تاریخی نام ''غرایب الجمل'' ہے۔

کتابیات

برصغیر میں اب تک تاریخ گوئی کے فن سے متعلق فارسی اور اردو میں کئی کتابیں مرتب اور طبع ہو چکی ہیں۔ شاعروں کو قطعات تاریخی کہنے اور جمع کرنے کا بھی شوق رہا ہے۔ اس نوعیت کی کتابوں کی جامع فہرست کی تیاری بجائے خود ایک مقالہ ہے۔ البتہ موضوع کی مناسبت سے یہاں چند کتابوں کا ذکر بے فائدہ نہیں ہو گا۔

۱۔ آخرت باقی از کھنولال تایب، مطبوعہ لکھنو ۱۳۱۴ھ/۱۸۹۶ء

۲۔ آئینہ تواریخ یا تحفہ شاہی از الٰہی بخش شایق، بسال ۱۲۹۵ھ/ ۱۸۷۸ء، مطبوعہ ۱۳۱۲ھ/۱۸۹۴ء، ۴۳۲ص

۳۔ احسن التواریخ از سید دلدار حسین اظہر الہ آبادی، مطبوعہ اعظم پریس حیدرآباد دکن، ۱۳۶۷ھ ۱۹۴۸ء، ۵۶ص

۴۔ اعجاز التواریخ از سید شرافت نوشاہی (م ۱۹۸۳) مصنف کے کہے ہوئے تاریخی قطعات ہیں۔ کتاب کا مکمل مسودہ کتابخانہ نوشاہیہ میں محفوظ ہے اور اس کا انتخاب بہ عنوان ''منتخب اعجاز التواریخ'' بکوشش عارف نوشاہی مکتبہ نوشاہیہ ساھن پال ضلع گجرات (پاکستان) کی طرف سے ۱۹۷۶ء میں شائع ہو چکا ہے۔

۵۔ اعجاز التواریخ از محمد ولایت علی خان، مطبوعہ ابوالعلائی سٹیم پریس۔ آگرہ، ۱۳۳۲ھ۔ قطعات تاریخ پر مشتمل ہے۔

۶۔ اعداد التاریخ از شرافت نوشاہی۔ نامکمل مسودہ کتابخانہ نوشاہیہ، ساھن پال میں موجود ہے۔ مادہ ہائے تاریخ کا مجموعہ ہے۔

۶ الف ۔ اعلی حضرت کی تاریخ گوئی از عبد الحکیم خان اختر شاہجہانپوری، ادارۂ غوثیہ رضویہ لاہور، ۱۴۰۶ھ/۱۹۸۶ء، ۶۴ص مولانا احمد رضا خان بریلوی (م ۱۳۴۰ھ) کو تاریخ گوئی کا ملکہ حاصل تھا ۔ ان کے کہے ہوئے بعض قطعات تاریخ اور مادوں پر بحث کی گئی ہے ۔

۷ ۔ افادۂ تاریخ از جلال لکھنوی ۔ بسال ۱۳۰۲ھ/۱۸۸۵ء ۔ مشمولہ نگار رامپور جولائی ۱۹۶۳ء ۔

۸ ۔ ام التواریخ از منشی حسن علی فرحت دھلوی بسال ۱۲۸۹ھ/ ۱۸۷۲ء ۔ مطبوعہ مطبع قاسمی میرٹھ ۱۳۲۴ھ/۱۹۰۶ء ۴۲۴ ص ' مادہ ھائے تاریخ پر مشتمل ہے ۔

۹ ۔ بیان التواریخ از محمد عزیز اللہ عزیز عرف محمد ولایت علی خان ۔ مطبوعہ ابوالعلائی سٹیم پریس آگرہ ۱۳۳۲ھ/۱۹۱۴ء ۔ ۷۵۰ھ تا ۱۳۲۲ھ کے واقعات پر مبنی تاریخی قطعات کا مجموعہ ھے ۔

۱۰ ۔ تاریخ الاسماء از سید ابرار حسین ھاشمی فتحپور ھنسوہ ۔ ماھنامہ نگار لکھنو بابت دسمبر ۱۹۲۵ء میں تبصرہ چھپا ھے ۔

۱۱ ۔ تاریخ لطیف از مھدی علی خان ممتاز رامپوری ' بسال ۱۳۳۹ھ/۱۹۲۱ء ' مشمولہ نگار رامپور جولائی ۱۹۶۳ء ۔

۱۲ ۔ تاریخوں کے پھول از اسد اللہ حسینی ، مطبوعہ شمس المطابع حیدرآباد دکن ۱۳۴۹ھ ، ۸۸ص ، تاریخی قطعات پر مشتمل ھے ۔

۱۳ ۔ تاریخی خزانہ از حافظ فیروز الدین ککرے زئی ، مطبوعہ اسلامیہ سٹیم پریس لاہور ، ۱۹۰۸ء ، ۴۰ ص ۔

۱۴ ۔ تواریخ اکمل از مجید شاہ عرف فقیر محمد فدا ، بمبئی ۱۳۰۸ھ/۱۸۹۱ء ۔

۱۵ ۔ تواریخ مبین یا آیات کمال از حکیم سید محمد مھدی کمال ۔

الدین ابن جلال لکھنوی ' مطبع تصویر عالم لکھنو ۱۳۲۲ھ/ ۱۹۰۴ء ، ۵۶ص ،قطعات تاریخ پر مشتمل ھے ۔

۱۶ ۔ تواریخ میلاد از اصغر حسین نامی ' مطبوعہ حیدرآباد دکن ۱۳۲۵ھ/۱۹۰۷ء ۔

۱۷ ۔ جامع التاریخ از مرزا بہادر علی صفی مطبوعہ ۱۳۵۶ھ/۱۹۳۷ء ۔

۱۸ ۔ جامع التواریخ از سید دلدار حسین اظہر الہ آبادی، بسال ۱۳۵۶ھ/۱۹۳۷ء مطبوعہ اعظم سٹیم پریس ' حیدر آباد دکن ۱۹۶۰ء ۔

۱۹ ۔ جمیع التاریخ از قاضی محمد تحسین بیدل ' مطبوعہ لاھور ۱۳۷۱ھ/۱۹۵۳ء ۔

۲۰ ۔ ذکر غم از شمیم صبا متھراوی ' مطبوعہ البلاغ لکھنو ۱۳۰۵ھ/ ۱۸۱۸ء ۔ دوسرا ایڈیشن مکتبہ اردو کراچی سے نکل چکا ھے ۔

۲۱ ۔ رھنمائے تاریخ اردو از حاجی محمد عبدالقادر ۔ مطبوعہ معارف اعظم گڑھ ۔ ۱۵۰ص ' کتاب کا ایک باب فن تاریخ گوئی پر بحث کے لئے مختص ھے ۔ اور ولی سے واجد علی شاہ تک ۴۷ شخصیتوں سے متعلق قطعات تاریخ ھیں ۔

۲۲ ۔ ریاض انور از مولانا اجیر الدین محمد ساکن پھول باری ضلع سلھٹ ۔ مطبوعہ مطبع نظامی کانپور، ۱۲۹۹ھ/۱۸۸۲ء ۔

۲۳ ۔ زنبیل تاریخی مطبوعہ ، مادہ ھائے تاریخ کا مجموعہ ہے

۲۴ ۔ شاھد غم از سید انور علی شاد جیپوری، مطبوعہ کراچی

۲۵ ۔ صحیفہ تاریخ از محمد حسین خان میرانی ۔ مطبوعہ اردو اکیڈمی بھاول پور ، ۱۹۸۴ء ، ۷۲ص ۔ مقدمہ میں فن تاریخ گوئی سے بحث کی گئی ھے اور جن حضرات سے متعلق تاریخیں کہی گئی ھیں ان کے حالات بھی اردو نثر میں لکھے ھیں ۔

۲۶ ۔ عدد التاریخ از تسلیم سھسوانی مطبوعہ اخبار نیراعظم ،مراد

آباد ، ۱۳۲۰ھ/۱۹۰۲ء ۔

۲۷۔ عزالتواریخ از اصغر حسین نامی ،مطبوعہ حیدرآباد دکن ۱۳۲۵ھ/ ۱۹۰۷ء۔

۲۸۔ عیون التواریخ از غلام مصطفیٰ نوشاہی (م ۱۹۶۵ء) قطعات تاریخ کا ضخیم مجموعہ ہے جسے شرافت نوشاہی نے مرتب کیا ۔ مخطوطہ کتابخانہ نوشاہیہ میں ہے ۔

۲۹۔ غرایب الجمل از عبدالعزیز جنگ ولا ، مطبوعہ عزیز المطابع حیدرآباد دکن ، ۱۳۳۷ھ/ ۱۹۱۹ء ، ۴۰۸ ص ۔

۳۰۔ نجم ماہ پیکر از نواب زادہ خواجہ محمد افضل جہانگیر نگری ،مطبوعہ یوسفی پریس ڈھاکہ ، ۱۳۱۰ھ/۱۸۹۲ء مراثی اور تاریخی قطعات کا مجموعہ ہے ۔

۳۱۔ فن تاریخ گوئی از کیپٹن منظور حسین، بسال ۱۳۸۷ھ/۱۹۶۷ء ۔ گلوب پبلشرز لاہور ۱۹۷۲ء۔ ۲۱۶ ص ۔

۳۲۔ قطعات تاریخ (بر وفات اہل قلم و متعلقین اہل قلم) از شان الحق حقی ، مشمولہ سہ ماہی ''اردو'' کراچی نمبر ۳ ، ۱۹۸۵ء ،جن حضرات کی تاریخیں ہیں ان کے حالات بھی تحریر کئے ہیں ۔

۳۳۔ قطعات تاریخ پیدائش و وفات از محمد سعید حسرت عظیم آبادی، مشمولہ خدا بخش لائبریری جرنل نمبر ۹ ، پٹنہ ۔

۳۴۔ قطعات تاریخ و رباعیات از سید احمد افسر ، مطبوعہ ۱۳۲۹ھ/ ۱۹۱۱ء۔

۳۵۔ قطعات تاریخی از سعید الرحمن رہبر کانپوری ، مطبوعہ کراچی ۱۳۷۱ھ/۱۹۵۲ء ۔

۳۶۔ کان تاریخ از رام پرشاد ۔ بسال ۱۲۸۲ھ/۱۸۶۵ء ، مطبوعہ مطبع انوری آگرہ ۱۲۹۴ھ/۱۸۷۷ء ۔

۳۷۔ گلبن تاریخ از منشی محمد ارتضا علی کاکوروی متخلص

به شرر تلمیذ نواب داغ ۔ بسال ۱۳۱۳ھ ، مطبوعہ محمدن پریس علی گڑھ ۴۳ص، مصنف نے اپنے ہمعصر چند شعرون کے حالات اور ان کی تاریخ گوئی کے ایک ایک دو دو نمونے نواب مزمل اللہ خان رئیس بھیکم پور علی گڑھ کی فرمائش پر جمع کئے ہیں ۔گویا یہ چند تاریخ گو شعراء کا ایک منظوم تذکرہ ہے ۔

۳۸ ۔ گلبن تاریخ از میر مہدی حسین رضوی الم، بسال ۱۳۱۳ھ/ ۱۸۹۱ء ۔ مطبوعہ مطبع فخر نظامی حیدر آباد دکن ۱۳۱۳ھ/ ۱۸۹۶ء ، ۷۰۰ص ، مادہ ہائے تاریخ پر مشتمل ہے ۔

۳۹ ۔ گلزار ہمیشہ بہار از محی الدین حسین خان تسنیم،مطبوعہ نظام المطابع حیدر آباد دکن ۔

۴۰ ۔ گلشن خیال از محمد سعید ، مطبوعہ حیدر آباد دکن ۱۲۹۷ھ/ ۱۸۸۰ء ۔

۴۱ ۔ مجموعہ تاریخ از سید محمد ہاشم ، مطبوعہ اسرار کریمی پریس الہ آباد ۱۹۳۳ء ۔

۴۲ ۔ مخبر الواصلین از ابوعبداللہ محمد فاضل معروف بہ مظہر الحق ، مطبوعہ کلکتہ ۱۲۴۹ھ/ ۱۸۳۴ء ، ۱۶۸ ص ۔

۴۳ ۔ مخزن التواریخ مصنف نا معلوم ، مطبوعہ اعظم سٹیم پریس حیدر آباد دکن ۱۳۵۹ھ/۱۹۳۹ء ۔

۴۴ ۔ مساوی الاعداد از میر محمد حسین حیدر آبادی ۔ بسال ۱۲۸۵ھ/۱۸۶۸ء ۔ مطبوعہ فیض عام پریس حیدر آباد دکن ۱۲۸۵ھ ۔ایک ہزار مادہ تاریخ پر مشتمل ہے ۔

۴۵ ۔ مشاہدۂ ریاض از محمد ریاض الدین ، مطبوعہ حمیدیہ پریس حیدر آباد دکن ۱۳۶۶ھ/۱۹۴۷ء ۔

۴۶ ۔ معیار التواریخ از جعفر علی خان اثر ، ریاض المومنین پریس لکھنو ۱۳۴۴ھ/ ۱۹۲۲ء ، ۲۸ ص ۔

۴۷ ۔ معین الادب یا معین الشعراء از غلام حسین آفاق بنارسی ،

مطبوعہ صدیق بکڈپو ' لکھنو ' ۱۳۵۲ھ/۱۹۳۳ء

۴۸ ۔ مفتاح التواریخ از ولیم بیل ۔ بسال ۱۲۶۴ھ ، مطبوعہ نولکشور لکھنو، ۱۲۸۴ھ، ۴۱۸ ص ۔

۴۹ ۔ ملخص التواریخ از انوار حسین تسلیم سہسوانی ۔ بسال ۱۳۰۰ھ/۱۸۸۳ء ' مطبوعہ مطلع العلوم پریس مراد آباد ۱۳۱۳ھ/ ۱۸۹۶ء ، ۱۲۰ ص ۔

۵۰ ۔ مفہم تاریخ ترجمۂ ملخص تسلیم ۔ مصنف تسلیم سہسوانی مترجم سید اقتدار احمد ساحر ' مطبوعہ مطبع العلوم پریس مراد آباد ' ۱۹۱۲ء ۔

۵۱ ۔ موجد التواریخ از محمد حسین علی فرحت ۔ مطبوعہ شگوفہ پریس میرٹھ ۱۳۰۲ھ/۱۸۸۵ء ،تاریخی نامود پر مشتمل ہے ۔

۵۲ ۔ نصیحت مختصر از شاہ علیم اللہ آبادی، مطبع البلاغ لکھنو ۱۳۰۵ھ/۱۸۸۸ء، ۱۶ ص ۔

۵۳ ۔ نگارستان اشعار از قاضی عبد الصمد صارم سیوہاری مطبوعہ دھلی ۱۳۵۴ھ/۱۹۳۵ء ۔

بخوبی ممکن ہے کہ ان کے علاوہ اور بھی کئی کتابیں تاریخ گوئی سے متعلق مرتب کی گئی ہوں ۔ ضرورت ہے کہ اس سارے سرمائے کو پیش نظر رکھ کر تفصیل کے ساتھ تحقیقی کام کیا جائے* ۔

حواشی

۱ ۔ فہرست نسخہ ہای خطی فارسی موزۂ ملی پاکستان ص ۷۰۷ ۔

۲ ۔ غیاث اللغات ص ۸۹ ۔

---

* یہ فہرست پروفیسر کلیم سہسرامی صدر شعبۂ السنہ راجشاہی یونیورسٹی راجشاہی (بنگلہ دیش) اور مدیر دانش کے تعاون سے تیار ہوئی ہے ۔

۳ ۔ لغات نولکشوری ص ۹۰ ۔
۴ ۔ گنجینہ تواریخ ص ۳ ۔
۵ ۔ واقعات دارالحکومت دھلی ۱ : ۴۸ ۔
۶ ۔ فہرست موزہ ص ۷۱۲ ۔
۷ ۔ مآثر محمود شاہی ص ۱۶ ۔
۸ ۔ واقعات ۱ : ۳۳ ۔
۹ ۔ فہرست موزہ ص ۸۵۲ ۔
۱۰ ۔ واقعات ۱ : ۱۹۷ ۔
۱۱ ۔ ایضاً ۱ : ۲۳۶ ۔
۱۲ ۔ ایضاً ۱ : ۲۱۱ ۔
۱۳ ۔ ایضاً ۱ : ۱۳۹ ۔
۱۴ ۔ مرآۃ خیالی ص ۱۲۰—۱۲۱ ۔
۱۵ ۔ واقعات ۱ : ۱۳۹ ۔
۱۶ ۔ مرآۃ خیالی ص ۱۲۰ ۔
۱۷ ۔ فن تحریر ص ۱۶۵—۱۶۶ ۔
۱۸ ۔ ایضاً ص ۱۶۸ ۔
۱۹ ۔ ایضاً ص ۱۶۷ ۔
۲۰ ۔ غیاث اللغات ص ۱۱ ۔
۲۱ ۔ فن تحریر ص ۲۳۶ ۔
۲۲ ۔ ایضاً ص ۱۶۸ ۔
۲۳ ۔ غیاث اللغات ص ۱۲۵ ۔
۲۴ ۔ گنجینہ تواریخ ص ۳ ۔
۲۵ ۔ مرآۃ خیالی ص ۱۱۶ ۔
۲۶ ۔ منتخب اعجاز التواریخ ص ۱۸ ۔
۲۷ ۔ مرآۃ خیالی ص ۱۱۶ ۔
۲۸ ۔ گنجینہ تواریخ ص ۴ ۔

۲۹۔ مرآۃ خیالی ص ۱۲۰۔
۳۰۔ ایضاً ص ۱۲۰۔
۳۱۔ ایضاً ص ۱۲۰۔
۳۲۔ ایضاً ص ۱۲۳۔
۳۳۔ واقعات ۱ : ۱۹۷۔
۳۴۔ مرآۃ خیالی ص ۱۲۵۔
۳۵۔ ایضاً ص ۱۲۱۔
۳۶۔ گنجینہ تواریخ ص ۲۱۵۔
۳۷۔ ایضاً ص ۴۔
۳۸۔ مرآۃ خیالی ص ۱۱۶—۱۱۷۔
۳۹۔ واقعات ۱ : ۱۹۸۔
۴۰۔ مرآۃ خیالی ص ۱۱۷۔
۴۱۔ واقعات ۱ : ۱۵۴۔
۴۲۔ نشید کاظم ص ۱۱۷۔
۴۳۔ مرآۃ خیالی ص ۱۲۳۔
۴۴۔ فہرست موزہ ص ۸۸۸۔
۴۵۔ منتخب اعجاز التواریخ ص ۱۹۔
۴۶۔ آثار بنارس ص ۵۷۔
۴۷۔ واقعات ۱ : ۱۳۴۔
۴۸۔ فن تحریر کی تاریخ ص ۲۳۹۔
۴۹۔ واقعات ۱ : ۳۳۳۔
۵۰۔ ایضاً ۱ : ۶۳۲۔
۵۱۔ ایضاً ۱ : ۵۷۳۔
۵۲۔ ایضاً ۱ : ۱۵۹۔
۵۳۔ مرآۃ خیالی ص ۱۱۸۔
۵۴۔ علی گڑھ تاریخ ادب اردو ۱ : ۱۰۱۔

۵۵ ـ اشکها وخونها ص ۱۴۷ ـ

۵۶ ـ مرآة خیالی ص ۱۱۸ ـ

۵۷ ـ واقعات ۱ : ۳۵۰ ـ

۵۸ ـ ایضاً ۱ : ۳۵۰ ـ

۵۹ ـ گنجینهٔ تواریخ ص ۸ ـ

۶۰ ـ نشید کاظم ص ۵۳ ـ

۶۱ ـ گنجینه تواریخ ص ۸ ـ

۶۲ ـ تاریخ داودی ۱۵۹ ـ

۶۳ ـ گنجینه تواریخ ص ۱۳۴

۶۴ ـ ایضاً ص ۴ ـ

۶۵ ـ واقعات ۱ : ۲۳۵ ـ

۶۶ ـ مرآة خیالی ص ۱۱۸ ـ

۶۷ ـ تاریخ داودی ص ۱۸۷ ـ

۶۸ ـ واقعات ۱ ۲۲۹ ـ

۶۹ ـ قول فیصل ص ۸ ـ

۷۰ ـ ایضاً

۷۰ ـ الف ـ نشید کاظم ص ۱۲۸ ـ

۷۱ ـ عجالة العلالة ص ۸۰ ـ

۷۲ ـ واقعات ۱ : ۳۳۲ ـ

۷۳ ـ دیوان ذوق ص ۸۱ ـ

۷۴ ـ واقعات ۱ : ۴۱۴ ـ

۷۵ ـ واقعات ۱ : ۴۷۷ ـ

۷۶ ـ واقعات ۱ : ۵۲۸ ـ

۷۷ ـ نشید کاظم ص ۱۶۱ ـ

۷۸ ـ آب حیات ص ۳۵۸ ـ

۷۹ ـ فهرست موزه ص ۴۵۶ ـ

۸۰۔ واقعات ۱ : ۶۲۶۔
۸۱۔ خوش معرکہ ۱ : ۳۹۔
۸۲۔ ایضاً ۲ : ۱۵۴۔
۸۳۔ ایضاً ۲ : ۲۶۱۔
۸۴۔ ایضاً ۲ : ۵۸۶۔
۸۵۔ سراپا سخن ص ۸۴۔
۸۶۔ کلیات محسن ص ۳۱۵۔
۸۷۔ ایضاً ص ۲۱۶ تا ۲۱۷۔
۸۹۔ ایضاً ص ۱۱۶۔
۹۰۔ ایضاً ص ۱۲۶ تا ۱۲۷۔
۹۱۔ ایضاً ص ۱۲۹۔
۹۲۔ ایضاً
۹۳۔ ایضاً ص ۱۱۲۔
۹۴۔ خدا بخش لائبریری جرنل ش ۲۰ ص ۳۔۴۔
۹۵۔ منتخب اعجاز التواریخ ص۲۱۔
۹۶۔ فہرست موزہ ص ۴۵۶۔
۹۷۔ گنجینہ تواریخ ص ۳۔

منابع

۱۔ آثار بنارس از مولوی عبد السلام نعمانی مطبوعہ ندوۃ المعارف بنارس ۱۹۶۳ء۔
۲۔ اشکہا وخونہا از استاد خلیل اللہ خلیلی، شائع کردہ رایزنی فرہنگی سفارت جمہوری اسلامی ایران اسلام آباد ۱۹۸۵ء۔
۳۔ خدا بخش لائبریری جرنل پٹنہ نمبر ۲۰۔
۴۔ خمخانہ جاوید (جلد سوم) ۔ لالہ سریرام دہلوی
۵۔ خوش معرکۂ زیبا از سعادت خان ناصر مرتبہ مشفق خواجہ

(دوجلد)، شائع کردہ مجلس ترقی ادب لاہور۔

۶۔ دیوان ذوق مرتبہ محمد حسین آزاد، مطبوعہ علیمی پرنٹنگ ورکس دھلی، ۱۳۰۱ھ۔

۷۔ تاریخ داودی از عبید اللہ مرتبہ شیخ عبد الرشید، مطبوعہ علی گڑھ ۱۹۵۴ء۔

۸۔ تذکرہ سراپا سخن ۔ سید محمد علی موسوی محسن مطبوعہ نولکشور پریس۔

۹۔ عجالۃ العلالہ ۔ مولوی کریم الدین پانی پتی مطبوعہ رفاہ عام پریس دھلی ۱۸۴۵ء۔

۱۰۔ علی گڑھ تاریخ ادب اردو (جلد اول) مرتبہ شعبہ اردو مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ۔

۱۱۔ غیاث اللغات مع چراغ ہدایت، مطبوعہ مطبع انوار محمدی لکھنو۔

۱۲۔ فن تحریر کی تاریخ از محمد اسحاق صدیقی شائع کردہ انجمن ترقی اردو علی گڑھ ۱۹۶۲ء۔

۱۳۔ فہرست نسخہ ہای خطی فارسی موزۂ ملی پاکستان کراچی، نگاشتہ سید عارف نوشاہی، مطبوعہ ۱۴۰۴ھ۔

۱۴۔ کلیات محسن مرتبہ محمد نورالحسن، شائع کردہ یوپی اردو اکادمی، لکھنو ۱۹۸۲ء۔

۱۵۔ گنجینہ تواریخ از میر نادر علی موسوی رعد، مطبوعہ مطبع فخرنظامی حیدر آباد (بار دوم)۔

۱۶۔ مراۃ خیالی از درگا پرشاد نادر دھلوی مطبوعہ اکمل المطابع دھلی ۱۸۸۳ء۔

۱۷۔ نشید کاظم از شیخ کاظم حسین صدیقی پھپھوندوی، مطبوعہ اسرار کریمی پریس الہ آباد ۱۳۲۶ھ/۱۹۰۸ء۔

۱۸۔ لغات نولکشوری شائع کردہ نولکشور پریس۔

۱۹ ۔ واقعات دارالحکومت دهلی جلد اول و دوم از مولوی محمد بشیرالدین احمد، مطبوعہ دهلی ۔
۲۰ ۔ مآثر محمود شاهی از شهاب حکیم مرتبہ ڈاکٹر نورالحسن انصاری، مطبوعہ دهلی ۔
۲۱ ۔ منتخب اعجاز التواریخ از سید شریف احمد شرافت نوشاهی مرتبہ عارف نوشاهی، گجرات پاکستان ۱۳۹۶ھ ۔
۲۲ ۔ نصف النہار از طرفہ قریشی بهنڈاروی مطبوعہ ۱۹۷۷ء ۔

ڈاکٹر سہیل بخاری

۲۱۵ - اے - بلاک ۳، شمالی ناظم آباد - کراچی - ۳۳

فارسی، ویدک اور اردو میں صوتی تبادل

۱ - فارسی بہ فارسی

فارسی زبان میں صوتی تبدیلیوں کی دو بڑی قسمیں ملتی ہیں - سقوط و اند راج اور متبادل - نیچے ان دونوں کی تشریح مع امثلہ پیش کی جاتی ہے -

سقوط و اند راج

ایک ہی لفظ کی دو شکلوں میں سے جب ایک شکل میں ایک آواز زیادہ ہوتی ہے تو اسے اند راج کہتے ہیں اور دوسری شکل میں وہی آواز کم ہو جاتی ہے تو اس عمل کو سقوط کہتے ہیں - مثال کے طور پر ستادن اور استادن (کھڑا ہونا) ایک ہی لفظ کی دو شکلیں ہیں - ان میں سے اگر آپ پہلی شکل یعنی ستادن کی طرف سے دوسری شکل استادن کو دیکھیں گے تو اس میں ایک ابتدائی الف یعنی ہمزہ کا اند راج نظر آئے گا اور اگر دوسری شکل یعنی استادن کی طرف سے پہلی شکل یعنی ستادن کو دیکھیں گے تو ابتدائی الف یعنی ہمزہ کی کمی معلوم ہو گی جسے سقوط کہیں گے - دوسرے لفظوں میں اس ایک ہی لسانی عمل کے دو نام ہیں - اند راج اور سقوط - فارسی زبان میں اند راج اور سقوط کی چند مثالیں دیکھئے -

ابتدائی حرف کا سقوط

الف یا ہمزہ - اسپند سپند - اسپنج سپنج - استر دن ستر دن - استادن ستادن - اسرنج سرنج - اسکند رسکند ر - افروز فروز - افزون فزون - افسان فسان - افسانہ فسانہ - افسوس فسوس - افسون فسون - افسر دن فسر دن - افشردہ فشردہ - افشر دن فشر دن - افغان فغان - افگندن فگندن - افگار فگار - افلیج فلیج - اگر گر - اگرچہ گرچہ - امرداد مرداد - انار نار - انوشہ نوشہ - انوشیر وان

نوشیروان ـ اوزار وزر ـ آهنگ هنگ ـ ایال یال ـ ایزد یزدان ـ

د ـ درخش رخش ـ درخشان رخشان ـ درخشیدن رخشیدن ـ

ه ـ ہنوز نوز

یا ـ یاسمن سمن ـ

درمیانی حرف کا سقوط

مفرد الفاظ

ب ـ تمبر تمر فرانسیسی زبان کا لفظ : Timbre

غ ـ اسپرغم اسپرم ـ پیغام پیام ـ

م ـ تلمبار تلیبار ـ

و ـ بیاور بیار ـ آور آر ـ

ہ ـ چہارچار ـ

ہے ـ آہیختن آختن ـ

ئی ـ زائیدن زادن ـ

ی ـ شیاف شاف ـ

مرکب الفاظ

ب ـ شب پرہ شپرہ ـ لب پر لپّر ـ

د ـ بدتر بتر ـ

ز ـ بازدید وادید ـ بازپسین واپسین ـ

و ـ گاومیش گامیش ـ

آخری حرف کا سقوط

ب ـ کمخواب کمخا ـ

ت ـ کرخت کرخ ـ

د ـ گوشتالود گوشتالو ـ

و ـ گیسو گیس ـ

ہ ـ کدہ کد ـ کرانہ کران ـ گواہ گوا ـ گوشوارہ گوشوار ـ گیاہ گیا ـ واکہ واک

ترخیم ۔ اشکوبہ اشکوب اشکو ۔ آوازہ آواز آوا ۔ مورچہ مور ۔ ورزگاؤ ورزاؤ۔

تبادل

صوتی تبادل کے خارجی اسباب کا سراغ لگانے کی آج تک جتنی بھی کوششیں کی گئی ہیں ان میں ماہرین لسانیات کو ناکامی ہی ہوئی ہے اس کا کوئی ایسا سبب ان کے ہاتھ نہیں لگ سکا جسے حقیقی اور قطعی کہا جاتا ۔ اس کے معنی یہ ہوئے کہ صوتی تبادل کسی خارجی سبب کا نتیجہ نہیں ہے، یعنی یہ زبان کا کوئی ایسا حادثہ نہیں ہے جو اس کی زندگی میں کسی خاص تاریخی موڑ پر پیش آیا ہو اور جس سے وہ اپنی نشوونما کے دوران میں کسی خاص وقت پر دو چار ہوئی ہو۔

میرے نزدیک صوتی تبادل کا زبان سے باہر کوئی سبب ہے بھی نہیں ۔ مغرب کے جو لوگ اس کا سبب زبان سے باہر تلاش کر رہے ہیں وہ اندھیرے میں بھٹک رہے ہیں ۔ ۔ صوتی تبادل زبان کی ساخت کا ایک اصول ہے جو اس کے خمیر کا ایک جزو ہے ، اس کی عمارت کی بنیاد ہے اور اس کے مزاج میں رچا ہوا ہے ۔ صوتی تبادل کو زبان کی تعمیری بنیاد ثابت کرنے کے لیے ہمیں دو زبانوں کے تقابلی مطالعے کی بھی ضرورت نہیں ہے جیسا کہ اہل مغرب نے بکھیڑا پھیلایا ہے کیونکہ یہ عمل تو ایک ہی زبان بلکہ ہر زبان میں ملتا ہے، یعنی زبان کے الفاظ کی بعض آوازیں بعض دوسری آوازوں سے بدل جاتی ہیں اور یوں ایک ایک لفظ کے کم سے کم دو دو روپ بن جاتے ہیں لیکن ان کے معنی ایک ہی رہتے ہیں ۔ واضعین زبان نے صوتی تبادل کا یہ اصول زبان ایجاد کرتے وقت ہی بنا لیا تھا بلکہ یہ کہنا چاہیے کہ زبان وضع کرنے کا ایک یہی اصول ہے ، جس سے بہت سی شاخیں متفرع ہوئی ہیں ۔ آئندہ سطور میں سب سے پہلے فارسی زبان سے صوتی تبادل کے اصول مع امثلہ پیش کیے جائیں گے اس کے بعد فارسی ، اور ویدک اور پھر فارسی اور اردو کا صوتی تبادل دکھایا جائے گا ۔

۱ : فارسی

اهل مغرب نے زبانوں کے تقابلی مطالعے کے بعد کہیں جا کر صوتی تبادل کی نشان دہی کی تھی لیکن فارسی کی زندہ زبان کے مشہور لغت نگار جمال الدین حسین انجو نے آج سے تقریباً پونے چار سو سال پہلے اور مغرب کے ماہر لسانیات جیکب گرم کی اصول سازی سے تقریباً دو سو سال قبل عہد جہانگیری کے اوائل میں تنہا فارسی زبان سے صوتی تبادل کی مثالیں نکال کر اپنی فرہنگ جہانگیری کے دیباچے میں یوں پیش کر دی تھیں :۔

فرہنگ جہانگیری

ا = د	باین بدین ۔ بآن بدان ۔
= ی	اکدش یکدش ۔ ارمغان یرمغان
ب = و (آخری)	خواب خواہ ۔ نہیب نہیو ۔ تاب تاو ۔ آب آو ۔ اسباب اسباو ۔
= و (ابتدائی)	بزرگ وزرگ ۔ بس وس ۔
= م	عشرب عشرم ۔
پ = ف	سپید سفید ۔ پارسی فارسی ۔
ت = د	تنبورہ دنبورہ ۔ ستایش سدایش ۔
ج = ز	رجہ رزہ
= ژ	کج کژ ۔ لجن لژن ۔ ہجیر ہژیر ۔ پاج پاژ ۔ کاج کاژ ۔
= گ	آخشیج آخشیگ ۔
= ت	تاراج تاراٹ ۔
چ = ش	لخچہ لخشہ ۔ کاچی کاشی ۔
= ژ	کاچ کاژ
خ = ہ	خجر ہجر ۔ خزیر ہزیر ۔
= غ	ستیخ ستیغ ۔
د = ت	داراج تراج ۔ گفتید گفتیت ۔ کردید کرتیب ۔

	زردشت زرتشت ۔
= ذ	آذر آدر ۔
ر = ل	سورسول ۔ کاچارکاچال ۔
ز = ج	سوز سوج ۔ بوزش بوجش ۔ آویز آویج ۔
= چ	پزشک پچشک ۔
= غ	گریز گریغ
= س	ایاز ایاس ۔ آنکز آنکس ۔
س = ش	مایوس مایوش ۔
= ہ	آماس آماہ ۔
ش = س	شارہ سارہ ۔ شارک سارک ۔
غ = گ	لگام لغام ۔ غوچی گوچی ۔
ف = و	فام وام
ک = خ	شاماکچہ شاماخچہ ۔
= ع	کثر گاو غژ گاو ۔
گ = غ	گلولہ غولہ ۔ گاو غاو ۔
ل = ر	زلود زرود ۔
= م	بان بام ۔
و = ب	نوشتہ نبشتہ ۔
= پ	وام پام ۔
= ف	یاوہ یافہ ۔
ہ = ح	ہیر حیز ۔
= ج	ماہ ماج ۔ ناگاہ ناگاج ۔

فرہنگ نظام

فرہنگ جہانگیری کے سامنے فرہنگ نظام (۱۳۴۸ھ) بالکل نئی اور تازہ ترین تالیف ہے ۔ فارسی میں تبادل نویسی کی روایت کے طور پر اس

سے بھی ایک اقتباس پیش کرنا فائدے سے خالی نہیں ہوگا ۔ اس کے مؤلف نے جلد سوم کے دیباچے میں صوتی تبادل کا یہ ایک عام اصول بیان کیا ہے کہ فارسی میں ہم مخرج یا قریب المخرج آوازیں باہم تبدیل ہو جاتی ہیں لیکن اس نے ہر آواز کی متبادل مثالیں اس کے متعلقہ باب میں ہی درج کی ہیں ۔ فرہنگ جہانگیری کی طرح دیباچے میں ایک جگہ نہیں دی ہیں چنانچہ یہ آوازیں مختلف ابواب سے چن کر نیچے درج کی جا رہی ہیں :—

ب = و	آب آو۔
پ = ب	اسپ اسب ۔
= ف	سپید سفید ۔ پیروز فیروز ۔ پادزہر فادزہر پیل فیل ۔
= و	چارپا وچاروا ۔
ت = د	توت تود ۔ کتخدا کدخدا ۔ دراج تراج ۔
ج = ش	کاج کاش ۔
= ز	چوزہ چوجہ
= ژ	کج دم کژدم ۔
چ = ک	پوچ پوک ۔
= ش	ہیچ ہیش ۔
خ = ج	اسفاناخ اسفاناج ۔
= ش	افراختن افراشتن ۔
= غ	ستیخ ستیغ ۔
= ہ	خجیر ہجیر ۔
= ز	مصدر دوختن سے مضارع دوزد ۔
د = ت	خاد خات ۔
= ج	گرد گرج ۔
= ذ	آدر آذر ۔
= گ	کلند کلنگ ۔ پرند پرنگ ۔

= ن گزیده گزینه ـ نموده نمونه چیده چینه ـ

= ی آذ ر آبادگان آذرآبایگان

ر = ش انگار دن انگاشتن ـ

= غ کنا ر کناغ ـ

= ل دیوا ر دیوال ـ

= ن استوا ر استوان ـ

= ه آسر آسه ـ

ز = ج ا رزا رج ـ

= چ بزشک بچشک ـ

= ژ د ز د ژ ـ

= س ایا ز ایاس ـ تنگر تنگس ـ

= ش زلوشلو ـ گال (زغال) شگال ـ

= ع آمیز میغ ـ گریز گریغ ـ

= ه بازو بهو ـ

= ی آواز آوای ـ

ژ = ز زنان ژنان ـ

= ج کاج کاژ ـ لاژورد لاجورد

س = ش کستی کشتی ـ

= ه خر و س خر وه ـ

= ل سچ لچ (رخسار) ـ

= و جستن ـ مضارع جوید ـ

= ی آ راستن ـ مضارع آ راید ـ

ش = ج کاش کاج ـ

= ج پاشیدن پاچیدن ـ

= ر کاشتن ـ مضارع کا رد ـ

= ز افراشتن ـ مضارع افرازد ـ

= س نوشتن سے مضارع نویسد ۔

= ل ہشتن سے مضارع ہلد ۔

= ہ گزارش گزاره ۔ یازش یازه ۔

ف= ب رُفتن سے مضارع رُوبد ۔

= پ سفارش سپارش ۔

= و فام وام ۔

ک = گ تفنگ تفگ ۔ فشنگ فشک ۔

گ = غ کیگ کیغ ۔ گلوله غلوله ۔ گلاله غلاله ۔

= ا گستاخ استاخ ۔

= ج گوال جوال ۔

= ک خوگ خوک ۔

= ی آذرگون آذریون ۔

ل=ر الوند اروند ۔

م = ن بام بان ۔ کجیم کجین ۔

= ی آمدن سے مضارع آید ۔

ن = م (بول چال میں) پنبه پمبه ۔ دنبه دمبه ۔ سنبه سمبه ۔

= ل چندن چندل (صندل) ۔

ن+ب= م سنب سم ۔ دنب دم ۔ خنب خم ۔ کنب کم ۔ انبرود امرود ۔

ن+گ= م گلبانگ گلبام ۔

و = پ وام پام ۔

= ب نوشتن نبشتن ۔

= م وایه مایه ۔ پرواسیدن پرماسیدن ۔

= ف باوه بافه ۔ ورخج فرخج ۔

ه = ء (ہمزہ) ہیچ ایچ ۔

= ج ناگاه ناگاج ۔

= خ　　هلا لوش حلا لوش ۔

= ی　　فریه فربی۔

ی = ز　　آوائے آواز ۔ آئیں آزین ۔

= س　　آراستن سے مضارع آراید ۔

= ل　　نائے نال ۔

= ه　　فربی فربه ۔

= ء (ہمزه)　　آیین آئین ۔ آیینه آیئنه ۔

اپنے اس دعوے کی تائید میں کہ صوتی تبادل ایک ہی زبان میں مل جاتا ہے فارسی زبان کی ان دو بڑی فرہنگوں کی شہادت کے بعد میں اپنی تلاش کے بھی مزید چند نتائج پیش کرتا ہوں ۔ اس کے لیے میں نے فارسی کے صوتی تبادل کو مندرجہ ذیل چار حصوں میں تقسیم کیا ہے اور مثالیں اصولوں کے ساتھ ساتھ دے دی ہیں :

۱-مصوت اور غیر مصوت آوازوں کا تبادل

ب = پ

آب آپ (پانی) اسب اسپ (گھوڑا) ۔ اشبوں اشپوں (سیسه) ۔ اشبوخته اشپخته (پراگنده منتشر) ۔ انباشتن انپاشتن (ذخیره کرنا) ۔ بادشاه پادشاه (مطلق العنان حکمران) ۔ باستان پاستان (قدیم) ۔ تب تپ (بخار ۔ گرمی) ۔ چسبیدن چسپیدن (چپکنا) ۔ خسبیدن خسپیدن (سونا) ۔ روسی روسپی (طوائف) ۔ کرباس کرپاس (روئی) بزاربیشه بزارپیشه (بہت سے خانوں کا ایک صندوق) ۔

ت = د

امرداد امرتات (لافانی) ۔ باروت بارود (آتش گیر ماده) ۔ تکمه دکمه (بٹن) ۔ توت تود (شہتوت) ۔ تیرک دیرک (کڑی ۔ دھنی) ۔ دنبک تنبک (طنبوره) ۔ یورت یورد (کمره)

ج = چ

بزرجمهر بزرچمهر (اسم معرفه) ۔ مجغد مچغد (اُلّو) ۔ جفته چفته

(داربست) ۔ جامہ دان چمدان (سوٹ کیس ، ٹرنک) ۔ زیج زیج (جنتری) بزارجشاں بزارچشاں (صحرائی انگور ۔ جنگلی کدو) ۔ کماج کماچ (گول موٹی روٹی) ۔

ک = گ

پراکندہ پراگندہ (منتشر ۔ پریشاں) ۔ پلکاں پلگاں (سیڑھیاں) ۔ تکاور تگاور (تیز رفتار) تکاپو تگاپو (دوڑ دھوپ) ۔ جہاں کشا جہاں گشا (فاتح عالم) شکاف شگاف (درز ۔ چاک) ۔ شکوفہ شگوفہ (غنچہ ۔ کلی) ۔ شکافتن شگافتن (چیرنا) کیہاں گیہاں (دنیا) ۔ کشودن گشودن (کھولنا) ۔ کشادن گشادن (چوڑانا ۔ پھیلانا) ۔ کنجشک گنجشک (چڑیا) ۔ کشادگی گشادگی (چوڑان ۔ وسعت) کشنیز گشنیز (دھنیا) ۔ کربز گربز (ایک قسم کی بڑی ککڑی کل گر (گنجا) ۔ کلالہ گلالہ (گلدستہ) ۔ کرکس کرگس (گدھ) گناہگار گناہکار (مجرم) ۔ کوپال گوپال (ڈنڈا ۔ سوٹا) ۔ فکندن فگندن (ڈالنا ۔ پھینکنا) لک لک لگ لگ (بگلا ۔ ڈھینک) ۔ یکا یک یکان یگان (ایک ایک کرکے)

۲ ۔ خصوصی آوازوں کا تبادل

خ

= ج سپناخ اسفناخ (پالک)

= غ خرخشہ غرغشہ (جنجال ۔ گرفتاری) ۔ خزیدن غزیدن (رینگنا) ۔

= گ فرسخ فرسنگ (۶ کلومیٹر کا فاصلہ) ۔ خزینہ گزینہ (خزانہ) ۔

= س گسیختن گسستن (توڑنا ۔ جدا کرنا) ۔ گسیختگی گسستگی (جدائی ۔ علحدگی)

= ش فاپیرک شاپیرک (چمگادڑ) ۔

= ہ خورہور (خورشید ۔ روشنی) ۔

ز

= ث آزر آثر (آگ) ۔

= د استاد استاز (استاذ۔ معلم) ۔ نبیز نبیذ (شراب) ۔

= ج ا رزا رج (قیمت) ۔ پیزدہ پیجلہ (اٹھارہ ۔ ۱۸)

= س افراسیاب افرا زیاب (بلندی سنج) ۔

= گ زشت گست (بد شکل) ۔

= غ آمیز آمیغ (مرکب) ۔

= ت ا رژنگ ارتنگ (مرقع مانی) ۔

= ز د ز د ژ (قلعہ) ۔ غژیدن خزیدن (رینگنا)

= ج کٹر کج (ٹیڑھا) ۔ کجی کڑی (ٹیڑھ) ۔ کڑاوہ کجاوہ (ہودج) ۔ کژدم کج دم (بچھو) ۔ کٹرک (آنکس) ۔ کوژ کج (ٹیڑھ) ۔ کوژپشت کج پشت (کبڑا) ۔ واژہ واج (کلمہ ۔ لفظ) ۔ کژاغند کجاغند (زرہ) ۔ نایژہ نایچہ (نرخرے کی نالی) ۔

ش

= چ چاقشور چاقچور (پرانے فیشن کا شلتوک چلتوک (دھان ۔ دھان کی بھوسی) ۔ شبان چوپان (گڈریا) ۔ قاش قاچ (پھانک) ۔

= ر آتش آتر (آگ)

= س آشور آسور (ملک شام) ۔ آشوری آسوری (شامی) ۔ ریشتن رشتن ریستن (بٹنا ۔ بل دینا) ۔

غ

= گ آغندن آگندن (بھرنا) ۔ کجاغند کجاگند (زرہ) ۔ کژاغند کژاگند (زرہ) ۔ غربال گربال (چھلنی) ۔ غنڈہ گنڈہ (بڑا) ۔

= ز آمیغ آمیز (مرکب ۔ مخلوط) ۔

= ج شلغم شلجم (ایک ترکاری کا نام)۔

ف

= ب تاف تاب (چمک) ۔ کفتر کبوتر (ایک بھولا پرندہ)۔

= پ اسفند اسپند (کالا دانہ) ۔ اسفندان اسپندان (ایک درخت کا نام ہے) ۔ اسفنج اسپنج (سمندر پھین) ۔ سفید سپید (اجلا چٹا)۔ افسان اپسان (دھار رکھنے والا پتھر) ۔ اسفناج اسپناج (پالک) ۔ فادزہر پادزہر (زہر کا اتار ۔ تریاق) ۔ فارس پارس (ایران) ۔۔ فارسی پارسی (فارس یا پارس کی زبان یا باشندہ) ۔ فالودہ پالودہ (ایک قسم کی نرم غذا) ۔ فتیلہ پتیلہ (چراغ کی بتی) ۔ فولاد پولاد (صاف کیا ہوا لوہا) فیروز پیروز (کامیاب) ۔ فیروزی پیروزی (کامیابی ۔ فتح مندی) ۔ فیل پیل (ہاتھی) ۔ توفان توپان (طوفان ۔ جوش) ۔ فتہ پتہ (پرمٹ) ۔ فرسنگ پارسنگ (٦ کلو میٹر کا فاصلہ) ۔ کفک کپک (پھپھوندی) ۔ کفل کپل (ران) ۔ کفہ کپہ (ترازو کا پلڑا) ۔ فشنگ پشنگ (گولی ۔ چھرا ۔ کارتوس) ۔ گوسفند گوسپند (بھیڑ) ۔ نیلوفر نیلوپر (نیلے رنگ کا ایک پھول) ۔

= و افسار اوسار (لگام) فش وش (پگڑی کا لٹکا ہوا سرا) ۔

۳ ۔ مصدر اور مضارع میں صوتی تبادل

خ

= ز افراختن افرازد ۔ باختن بازد ۔ تاختن تازد ۔ بیختن بیزد ۔ ریختن ریزد ۔ افروختن افروزد ۔

آهیختن آهیزد ـ آمیختن آمیزد ـ آویختن آویزد ـ پختن پزد ـ انداختن اندازد ـ اندوختن اندوزد ـ دوختن دوزد ـ آموختن آموزد ـ سوختن سوزد ـ نواختن نوازد ـ ساختن سازد ـ

= ش افراختن افراشتن ـ فروختن فروشد ـ

س

= ز خاستن خیزد ـ

= ن بستن بندد ـ نشستن نشیند ـ

= ه خواستن خواهد ـ ریستن رهد ـ جستن جهد ـ کاستن کاهد ـ

= ی آراستن آراید ـ جستن جوید ـ پیراستن پیراید ـ رستن روید ـ شستن شوید ـ

ش

= ر داشتن دارد ـ کاشتن کارد ـ گشتن گردد ـ نگاشتن نگارد ـ انباشتن انبارد گماشتن گمارد ـ

= س نوشتن نویسد ـ

= ل هشتن هلد ـ

ف

= ب نافتن تابد ـ کوفتن کوبد ـ رفتن روید ـ خفتن خوابد ـ شتافتن شتابد ـ فریفتن فریبد ـ

= و رفتن رود ـ کافتن کاود ـ

= ی گفتن گوید ـ

م

= ی آمدن آید ـ

۴- باقی مانده تبادل

= ه است هست (ہے) ـ اورمزد هورمزد (خدا) ـ

= ی ایزد یزداں (معبود ۔ خدا) اورشلیم یروشلم (ایک شہر کا نام) ۔ آختن یاختن (تلوار سونتنا) ایلاق ییلاق (تفریح گاہ) ۔ لاحقۂ جمع اند یند مثلاً ایشاں دوستان مایند (وہ ہمارے دوست ہیں) ۔ آں دو برادر اویند (وہ دونوں اس کے بھائی ہیں) ۔

ب= و (ابتدائی) برخاستن ورخاستن (اٹھنا) ۔ برجستن ورجستن (اچھلنا) ۔ برآمدن درآمدن (نکلنا) ۔ برداشتن ورداشتن (اٹھانا) ۔ برخوردن ورخوردن (ٹکرانا) ۔ برزگر ورزگر (کسان) ۔ برچین ورچین (ہٹانے والا) ۔ برانداز کردن ورانداز کردن (سر سے پاؤں تلک دیکھنا) ۔ برزیدن ورزیدن (مشق کرنا) ۔ برمالیدن ورمالیدن (بھاگ جانا) ۔ بازدید وازدید (دوبارہ ملاقات)۔ بازپس واپس (پھر) ۔

= و (وسطی و آخری) ابزار اوزار (آلہ) ۔ پاتابہ پاتاوہ (جوتا) ۔ گبرگور (آتش پرست) ۔ نبشتن نوشتن ۔ (لکھنا) ۔ نبید نوید (خوش خبری) ۔ لبچہ لوچہ (چھوٹا ہونٹ) ۔ ریباس ریواس (ریوند چینی) تابہ توا ۔ لباشہ لواشہ (کشتی چسب) ۔ نابدان ناودان (موری) ۔ نبردگاہ ناوردگاہ (میدان جنگ) ۔

پ= و چاپادار چاروادار (مکان) ۔ پیراستن ویراستن (ایڈٹ کرنا) ۔ پیراستہ ویراستہ ۔ (ایڈٹ کیا ہوا) ۔

ت= ج تپانیدن چپانیدن (بھرنا ۔ ٹھونسنا) ۔

ی یک نک (ایک) ۔ تک گانی یک گانی

(ایک بیوی کرنا) ۔ تک لویک لو (تاش کا اکا) ۔

ج = گ شنجرف شنگرف (سیندور) ۔ نا رجیل نا رگیل (نا ریل) ۔ بزرگ مہر بزرج مہر (اسم معرفہ) ۔ نرنجبیں نرانگبیں ۔ جرز گرز (ہوشیار) ۔ جربزہ گربزہ (صلاحیت) ۔ جزیہ گزیہ (غیر مسلموں کا محصول) ۔ نرجس نرگس ۔ (ایک پھول) ۔ مرزنجوش مرزنگوش (ایک پودا) ۔ یزدجر یزدگر (ایران کا ایک بادشاہ) ۔ نارنج نارنگ (نارنگی) ۔

جلاب گلاب (عرق گلاب) ۔ جوال گوال (بوری) جوہر گوہر (اصل) ۔ خارج خارگ (ایران کا ایک شہر) ۔ لجام لگام (باگ) ۔ ورہنج ورہنگ ۔ شنجار شنگار (مہندی) ۔ کلنج کلنگ (تالا) ۔ چھنگلی) ۔

= د جرنگ درنگ (آواز دینا ۔ بجنا) ۔ وروج ولود (دخول) ۔

= ی جہود یہود (یہودی) ۔ جام اوستایام (پیالہ) ۔ جشن اوستاکیسن ۔

ج = گ نا رجیل نا رگیل (نا ریل) ۔

د = گ اورند اورنگ (تخت) ۔ کلند کلنگ ۔ (چھنگلی ۔ تالا) ۔ کرند کرنگ (اخروٹ) ۔

ر = ل جرنگ جلنگ (ٹن ٹن کی آواز) ۔ کنجارہ کنجالہ (کھل) ۔

فا روس فانوس (چراغ ۔لالٹین) ۔

م = ن بادمجان بادنجان (بینگن) ۔

ہمزہ = ی شئون شیون (حالتین) ۔

۲ : فارسی اور ویدک

جب آریا وسطی ایشیا سے اٹھ کر ہندوستان میں داخل ہوئے اس وقت ان کے منہ میں ان کی آبائی زبان تھی جسے ہم آریائی کہتے ہیں ۔ ہندوستان میں کچھ عرصے تک ان کی مادری زبان فارسی رہی اور عوام اپنی وہی قدیم بولیاں بولتے رہے جنھیں پراکرت کہا جاتا ہے۔ یہ پراکرتیں تعداد میں اتنی ہی تھیں جتنی بولیاں آج شمالی برصغیر میں بولی جا رہی ہیں اور جو شورسینی ' اردھ ماگدھی ' ماگدھی اور مہاراشٹری کے بڑے بڑے خاندانوں میں منقسم کی گئی ہیں ۔ چونکہ ہندوستان میں نووارد آریاؤں کو جو فاتح کی حیثیت سے آئے تھے ' بالادستی حاصل تھی اس لیے ان پراکرتوں یعنی ہندوستان کی قدیم دیسی بولیوں کے مقابلے میں آریائی بولی کا سکہ شاہی دربار میں چلتا رہا ۔ کچھ عرصے کے بعد اس زبان یعنی آریائی میں بھی ادب جمع ہونے لگا جیسا کہ ہم نے بہت بعد میں آکر پہلے مسلمان نووارد دور اور پھر انگریزوں کے عہد حکومت میں دیکھا ہے اور اس ادب میں بھی شمالی ہندوستان کی مختلف دیسی بولیوں کی کچھ شکلیں بالکل اسی طرح مل گئیں جیسے بعد کی فارسی اور انگریزی زبان کی ان کتابوں میں داخل ہوئیں جو اس سرزمین میں لکھی گئیں ۔ اسی لیے اس آریائی ادب کو ہند آریائی کہتے ہیں جس کی بنیادی زبان قدیم آریائی ہے اور جس میں ہندوستانی زبانوں کے الفاظ بھی جابجا نظر آتے ہیں ۔

اس آریائی باہند آریائی زبان کی قدیم ترین نمائندہ کتابیں جو ہندوستان میں لکھی گئیں ہندوؤں کے چار مقدس ویدیں ۔ یہ کتابیں دقت نظر اور بغور مطالعے کی متقاضی ہیں تاکہ ان کی زبان کا آریائی اور ہندوستانی حصہ الگ الگ کیا جا سکے ۔ ان کتابوں میں سب سے قدیم کتاب رگ وید (راگ ویژ یعنی راگوں کا علم) ہے جس میں دو سو سے اوپر شاعروں کا کا کلام اکٹھا کیا گیا ہے ۔ یہ شاعر ہندوستان کے مختلف مقامات کے رہنے والے تھے اس لئے انھوں نے کہیں کہیں دانستہ یا نادانستہ طور پر اپنی اپنی مقامی بولیوں کے لفظ بھی اپنے کلام میں نظم کر دیئے ہیں ۔ اس طرح اس کی زبان میں ہندوستان کی مختلف دیسی زبانوں کے اجزا بھی شامل ہو گئے

ہیں جو مختلف دیوتاؤں وغیرہ کے متعلق کہے ہوئے ایک ہزار سے اوپر بھجنوں میں جا بجا بکھرے ہوئے ملتے ہیں ۔

میں نے رگ وید کی زبان میں فارسی کے کچھ اجزا تلاش کرنے کی کوشش کی ہے لیکن ان کی نشان دھی کرنے سے پہلے یہ عرض کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ رگ وید کی دیوناگری لپی میں ہلکی اور بھاری آوازوں (الپ پرانوں اور مہاپرانوں) کے حروف کے استعمال میں بے اعتدالی اور بے احتیاطی برتی گئی ہے یعنی کہیں ہلکی آواز کا حرف پراکرت کی بھاری آواز کے لیے اور کہیں بھاری آواز کا حرف آریائی زبان کی ہلکی آواز کے لئے لکھا گیا ہے اس لئے میں نے ہلکے اور بھاری حروف کے الفاظ ایک ہی حرف کے تحت جمع کئے ہیں ۔ دوسری بے احتیاطی دندانی اور مخی حروف کے استعمال میں روا رکھی گئی ہے یعنی مخی آواز کو دندانی حرف سے اور دندانی آواز کو مخی حرف سے ظاہر کر دیا گیا ہے ۔ تیسری بات جس کی طرف میں توجہ دلانا چاہتا ہوں یہ ہے کہ فارسی یا ایرانی یا آریائی زبان کی خصوصی آوازوں (خ ۔ ز ۔ ژ ۔ ش ۔ غ ۔ ف) میں سے ش کو چھوڑ کر اور کسی آواز کے لیے دیوناگری لپی میں الگ سے کوئی حرف مقرر نہیں ہے اس لیے ان آوازوں کو دوسرے حروف سے ظاہر کیا گیا ہے جسے ہم صوتی تبادل بھی کہہ سکتے ہیں ۔

سطور ذیل میں ویدک اور فارسی کی آوازوں کا میں صرف تبادل پیش کرتا ہوں اور ان کے مسلمہ مشترک اجزا کو کسی اور وقت اور مقام کے لئے اٹھائے رکھتا ہوں ۔

ب ب ھ

ف = گربھ گرف (پکڑنا) ۔ شکبھ ، سکبھ شگاف (پھاڑنا)
نابھی ناف (ٹنڈی) ۔

و = ورشبھ ورزا و (بیل) ۔ بیھرتی ببرد (لے جاتا ہے) ۔
آبھر آور (لا) ۔ ابھرت آورد (لایا) ۔

م = گربھ کرم (جرثومہ) ۔

پ ب ھ

= ب آپ آب (پانی) ۔ کپوت کبوتر ۔

= ف پریشتو فرستہ فرشتہ (بھیجا ہوا) ۔ پرشتھام ہ فرشتہ ۔ پرستھتان فرستگان (فرشتگان ۔ بھیجے ہوئے) درپسا درفش (جھنڈا) ۔ پرُاگم فروغ (زیادتی) ۔ پروآرت فروآرد (نیچے لاتا ہے) ۔ ارنپسور ا رورافس (سرخ چہرہ) ۔ پریشافریسہ (بھیجا ہوا) ۔ پشنگ فشنگ ۔ پرپت فریفتہ ۔ پریشٹھاہ فرشتہ (فرشتہ) ۔ نیپتا نیفتہ (گرا ہوا) ۔ کپھم اوستاکفم (پھینں) ۔ پر اوستافرا (آگے) ۔ پروکنس ا وستا فراُختو (کہا ہوا) ۔

ت تھ

= د وینتی بیند (وہ دیکھتا ہے) ۔ وینتی بیند (وہ دیکھتے ہیں) ۔ یاتو (جا د و) ۔ یاتو دھانم جادو دان (جادوگر) دھمنتا دمندہ (دھونکنے والا) ۔ شچنتا سوزندہ (جلانے والی ۔ آگ) ۔ شت سد (صد ۔ سو) ۔ ہرت زرد (پیلا) ۔ انتراندر (بھیتر) ۔ وا ت باد (ہوا) ۔ ببھرتی و بھرتی ببرد (لے جاتا ہے) ۔ امت آمد (آنا) ۔ آیت آید (آتا ہے) ۔ امیتُرت کشُدھو آمد وشد (آنا جانا) ۔ ستھاتا ستادہ (کھڑا ہوا) ۔ مرتان مردان (بہت سے مرد) ۔ مرتاس مردان (بہت سے مرد) ۔ پتّر پدر (باپ) ۔ ماتر مادر (ماں) ۔ بھراتر برادر (بھائی) ۔ دھی تیو، دھی نی دیدہ (آنکھ) ۔ یجتام یزداں ۔ (معبود) ۔ گرتم غردہ (گاڑی) ۔ ایشت ایزد (عبادت کرتا ہے) ۔ پتنتی پرند (اڑتے ہیں) ۔ مرتم مردہ

• ت کی جگہ ٹھ کا استعمال ۔

• ت کی جگہ ٹھ کا استعمال

(لاش) - جوتیے زودی (جلدی سے) - وات جوتا
باد زودا (ہوا کی سی تیزی والا) - سوت خود
(آپ) - جات زاد (پیدا ہونے والا) - ہت زد
(مارا) - شوت سفید - ستتہ ستودہ (جس کی
تعریف کی گئی ہو) - بھوت بود (ماضی - تھا) -
پروآرت فروآرد (نیچے لاتا ہے) - جامات
داماد (دولھا) - دوت دود (دھواں) - ابھرت
آورد (لایا) - ابھوت سغدی ابود (ہو گیا) -
جاتا زادہ (پیدا شدہ) -

= ر پتنتی پرند (وہ اڑتے ہیں) -

= ز ساتی ساز (باجا) - ورت مان ورزمان (گھومتا
ہوا) - اتھروان آزربان (پجاری - آگ کا محافظ) -

= س پات پاس (نگرانی کرنا) - رت رس (عرفان) -

= ش پات پاش (ڈالنا) - تویش شیر (مشہور درندہ) -
پریتان پریشان (بکھرا ہوا) - شرت سروش (فرشتہ
غیبی) - ترشباوت تشنہ‌وش (پیاسے کی طرح) -
تونجان شوشجان (بڑھتا ہوا) - آدت آتش -

= گ مرت مرگ (موت) -

= ن اروت ارون (گھوڑا) -

= ہ متر مہر (ایک دیوتا کا نام) چتوار چہار
(چار) -

= ی تتان یتان (پھیلے ہوئے) -

ج جھ

= د جامات داماد (دولھا) - جریہ دریا (ندی) -

= ز جات زاد (پیدا ہونے والا) - یج یز (پوجنا) -

یجشٹھہ یزشت (سب سے زیادہ لائق عبادت) - یج مان یزمان (پجاری) - یجتام یزداں (معبود) - جات ویدو زاد ویزا (جنم کا عالم) - وجر وزر (ہتھیار) - وجر باہو وزر بازو (مراد اندر دیوتا) - جانو زانو (گھٹنا) - واجی بازی (کھیل) - جمن زمین (دھرتی) - بھراج مان براز مان (چمکتا ہوا) - بھراجت برازد (چمکاتا ہے) - سرج سرز (نکلتا) - جوتی زودی (جلدی) - وات جوتا باد زودا (ہوا کی طرح تیز) - جنگھم یسن اوستا زنگم (پاؤں) - ور جنائے اوستائے اوستا ورزاناے (برائے قوم) - جاتا زادہ (پیدا شدہ) -

= غ یوجم یوغ (جوتنا - جوا) -

ج چھ

= ز شوچ سوز (جلن) - شچنتو سوزندہ (جلانے والی آگ) - شوشچان سوسوزان (جلانے والی) - پچ پز (پکانا) - پخ نیز (اور - بھی) -

= ژ واج اوستا واژ فارسی جدید - آواز -

= خ سرچو سرخ (لال) - تچ تخ (تخم - بیٹے) - توچ توخ (تخم) -

= س چھایام سایہ (چھاؤں) - پرچھ پُرس (دریافت کرنا - پوچھنا) -

د دھ

= ت آدت آتش -

= ج دیو جو (آسمان - فضا) -

• ت کی جگہ ٹھ کا استعمال۔

= ز ود ویز (جاننا) ۔ ودا ویزا (جاننے والا ۔ عالم) ۔ ود شٹی ٭ زیوستی (زندگانی)۔

س

= خ سور خو (آفتاب) ۔ سوت خود (آپ) ۔ سویم خود (آپ) ۔ سوت واں خودبان (مستقل بالذات) ۔ اپنے آپ) ۔ سودھا خدا ۔ سودھیا خودتان (اپنے آپ) ۔ سوپن خوفن (خواب) ۔ سوسر، سوسارم خواہر ۔ (بہن) ۔ سوایہ خواجہ ۔ سوئید خوئید (پسینہ) ۔

= ز دراسد درازد (پھیلتا ہے) ۔ نمسپہ نمازی (جھکنے والا) ۔

= ش د رپسا درفش (جھنڈا) ۔ پرستھتاں فرشتگان (بھیجے ہوئے) ۔ سکبھ شگاف (پھاڑنا) ۔

= م ارو چکشساہ و رچشما (بڑی بڑی آنکھوں والا) ۔ سور چکشس سور چشم ۔

= ن دیواس دیوان (بہت سے دیوتا) ۔ آشسا آشنا (واقف ۔ دوست) ۔ گریواس گریبان (کُرتے کا گلا) ۔ مرتاس مردان (مرد لوگ) ۔ آیس آہن (لوہا) ۔ آیسیم آہنین (لوہے کا) ۔ آسام آنان (وہ لوگ) ۔

= ہ اشواس اسپان (گھوڑے) ۔ اشس اجن (شفق) ۔ سماہمہ (سب) ۔ سہسر ہزار (دس سینکڑے) ۔ شاس شاہ (بادشاہ) ۔ اسر، اسرا اہور ' اہورا (خدا) ماس ماہ (مہینا) سوسر خواہر۔ سمشا

٭ ٹ بجائے ت

٭ دیوناگری کا ایک مرکب حرف جو "کش" کی آواز دیتا ہے۔

ہمیشہ (سدا) - واسر بہار (بسنت) - سوم اوستاہوم (رس) سمانم ہمان (وہی- جون کا تون) - اسمتا اہمتا (بے مثل)- سہسر بھرشٹی ہزار برشتی (ہزار تاؤکا)- سینا اوستاھئین (فوج) - سم اوستاہم، گانھا اوستاہیم (ساتھ)- اسی یسن اوستا آہ گانھا اوستا ابی (توہے)- سواوستاہو (اچھا)- سکھا اوستا ہخا (دوست) - سپت ہفت (سات)- سرو اوستاہر و (سب) -سوپن اوستاہوفن (خواب) -

= ہمزہ — سم وسنی آم وسنی (سوت) -

ش

= خ — شک خاک (مٹی) - ششک خشک (سوکھا) - نکشتر نختر (تارے) -

= د — ٭شم دشمہ (مخالفت - بیر) -

= ر — تویش شیر (درندہ)- ایرش اروز (سرخ)-

= ز — ایش ایز (راج کرنا) - ایشان ایزان (حاکم- موکل) - شمی زمیں (دھرتی) - ورشبہ ورزاو (بیل) - شیوا زیبا (حسین عورت)-

= س — اشو اسپ (گھوڑا) - شوچ سوز (جلن)- شت سد (صد - سد) - شرد سرد (ٹھنڈا) - رشی رسی (عارف) - شوک سوگ (غم) - شکر سخر (سخت) - پش پاس (دیکھنا - حفاظت یا نگرانی کرنا) - اشت است (ہے) - رشنم رسن (رسی) - رشنتی رسنہ (پہنچنے والی) نوشود نوسد (لکھتا ہے) - اشوبدھیان اسپہیدان (شہسوار) - اشمانم آسمان (گگن) - شیاو سیاہ (کالا) - وشو وسپ (سب) - اشواس اسپان (گھوڑے)- شوت سفید (اجلا - چٹا) - شرت

٭ اسی سے انگلش دشمن بنا ہے

سروش (فرشتہ غیبی) - ونشیشٹ بدنشست - (وہ بیٹھا) - اشرواوستا اسرو (آنسو) - شوشت اوستا سوشت (قوی ترین) -

= ہ شماہمہ (سب) - آشو آہو (ہرن) - سپش سپاہی (نگران) -

ک کھ

= خ کمبھ خمب (مٹکا - خم) - کرتو، کرتم خرد (عقل) - کرتومنت خرد مند (عاقل) - توک توخ (تخم - بیج) - توکم اوستا تئخم فارسی جدید تخم (بیج) - شاکھ شاخ (ڈالی) - سکھا اوستا ھخا (دوست) - کھرم اوستاخرم (گدھا) - شکر سخر (سخت) - اکتواخت* (رات) - نکتم نخت** (رات) - ارو کرم ورخرام (بڑے بڑے قدم رکھنے والا) - کرامیم خرامیم (ہم چلیں) - کروش خروش (شور) - کاشئھا خاستہ (اٹھا ہوا) - شوکو شوخ (چمکیلا) - کوئے خود (سر کا جنگی ٹوپ) - شکر سخر (شوخ) - ناک ناخ آسمان) -

= س سد کد (گھر) -

= گ شوک سوگ (غم) - سکبھ شکبھ شگاف (پھاڑ) -

کش ***

= اوستاخش کشترم اوستا خشترم (حکومت) -

= ز کشمی زمین (دھرتی) - سرکش سرز (نکلنا) -

= ش کشیر شیر (دودھ) - کشدھ شد (جانا) -

---

* اسی سے لفظ اختر بمعنی ستارہ بنا ہے۔

** انگریزی کے لفظ (نائٹ) کا صحیح تلفظ۔

*** دیوتا گری لپی کی مرکب حرف "کش" "خش" کے ساتھ ساتھ صرف ش کی آواز دیتا ہے۔

گ گھ

= ج گا د ھم جادہ (راستا) ۔

= ز اگھا آز (لالچ ۔ خواہش) ۔ دراگھیہ درازی (لمبائی) دراگھشٹھ۔ درازشت (سب سے لمبا) ۔ یگیہ یزن (قربانی) ۔

= غ دروگھ دروغ (جھوٹ) ۔ گھرت غرت (گھی) ۔ گھرم غرم (برتن) ۔ یگا یوغ (جوت) ۔ موگ موغ (پرن) ۔ گرتم غردہ (گاڑی) ۔ پُراگم فروغ (بڑھاوا) ۔ اگر اغر (قوی ۔ طاقت ور) ۔

ل

= ر پُل پُر (بھرا ہوا)۔ پل کامو پرکام (خواہشات سے بھرا ہوا) ۔

= ز ایل ایز (پوجنا) ۔ ایلت ایزد (پوجتا ہے) ۔

= ش شل شش (چھے) ۔

= ب مہرمان مہربان (محبت کرنے والا) ۔

= ن جامی جانی (عزیز) ۔ رشمی رسن ۔

= نون غنہ ایم ایں (یہ) ۔ ایشام ایشان (وہ لوگ) ۔ آسام آنان (وہ لوگ) ۔ استم آستاں (گھر) ۔ آیسیم آہنین (لوہے کا) ۔

ن

= ر ارن ارور (سرخ)۔ ارنیسو ارورافس (سرخ چہرے والا)۔ ارنی اروری (اوشا ۔ شفق)۔

---

* تو بجائے ت

** اسی کے لفظ مرغزار بنا ہے ۔

= ل ارن ارل (سمندر) -

= م چکشن چشم (آنکھ) -

= غنہ باتو دھانم جادو داں (جادوگر) -

و

= ب شوشیا (افعی) - وینتی بیند (وہ دیکھتا ہے) - وینتی بیند (وہ دیکھتے ہیں) - وے نابینا - (انکھیا را) - پر و وار پربار (پھلوں سے لدا ہوا) - وات باد (ہوا) - وریی برز (گھاس) - گریواس گریبان (کرتے وغیرہ کا گلا) - واج خ (خراج) - ورائے برائے (کیلئے) - وست بست (بندھا) - وندمان بندمان (جھکنے ہوئے) - وہرتی ببرد (لے جاتا ہے) - واسر بہار (نسبت رت) واجی بازی (کھیل) -

= پ اشو اسپ (گھوڑا) - وشو وپسپ (تمام) - اشواس اسپان (گھوڑے) - وشو وبدس وپسپ ویا (سب کچھ جاننے والا) -

= ف شوت سفید -

= م آودیم آمدیم (ہم آئے) -

= ہ شیا و سیاہ (کالا) - تنوا تنہا (اکیلا) -

ہ

= خ دہتر دختر (بیٹی) -

= د ہست دست (ہاتھ) - ایم فارسی قدیم ادم (میں) - وجر ہستہ وزر دستہ (اسلحہ بدست مراد اندر) -

= ز ہرت زرد (پیلا) - سہسر ہزار (دس سو) - وریی برز (گھاس) - باہوبازو (ڈنڈ) - ہن زن (مارنا) - ہت زد (مارا) - ہن زدن (مارنا) - ایم لیسن اوستا ازم - گاتھا اوستا ازیم (میں) - ہست

اوستا زست (ہاتھ) - وجر باہو وزر بازو (ہتھیار کے بازو والا - اندر) - ہریہ زرد (پیلا) - ہی اوستا زی (واسطے) -

= ژ اہم اہی اژ (اژدھا - اجگر) -

= س رہ لیس (چاٹنا) -

= غ آروہ آروغ (چڑھنا) - دہ داغ (جلنا) -

= ء (ہمزہ) روس روئیں (کانسا) -

= ی روہتی روید (اگنا بڑھنا ہے) -

ی

= ت سودھیا خودتا (اپنے آپ) - سیہ ست (است - ہے)

= ج یاتو جادو - یاتو دھانم جادو داں (جادو گر) - یوان، یوانا جوان (پٹھا) - سوایہ خواجہ - یو جو (ایک غلہ) - یام جام (پیالہ) - تویش یامہ شیر جامہ (شیر کے بھیس میں) -

= د سویم خود - مریہ مرد - ستریم ستر د (بانجھ عورت) کوے خود (جنگلی ٹوپ) - راے راد (دولت) - ہریہ زرد (پیلا) -

= ز یوشٹھ زاوشت (قوی ترین) -

= ل دھیودل -

= ن ترشیا وت تشنہ وش (پیاسے کی طرح) - یگیہ یزن (قربانی) -

= ہ آیس آہن (لوہا) - آیسی آہنین (لوہے کا) - اریمن اہرمن (بدی کا خدا) - تنیا تنہا (اکیلا) - شیین شاہین (عقاب) -

آخر میں فارسی اور ویدک دونوں زبانوں کی مصوت اور غیر مصوت آوازوں کا تبادل مختصر طور پر نیچے درج کرتا ہوں -

ب پ

ویدک آپ فا رسی آب (پانی) ۔ ویدک کپوت فا رسی کبوتر (ایک پرند) ۔

ت د

ویدک مرتان فا رسی مردان (مرد لوگ) ۔ ویدک وینتی فارسی بیند (وہ دیکھتا ہے) ۔ ویدک وات فارسی باد (ہوا) ۔ ویدک سوت فارسی خود (اپنے آپ) ۔ ویدک استھات فارسی استاد (وہ کھڑا ہو گیا) ۔

ک گ

ویدک شوک فا رسی سوگ (غم) ۔ ویدک شکبھ فا رسی شگاف (پھاڑ) ۔ ویدک گربھ فا رسی کرم (جرثومہ) ۔

۳ : فارسی اور اردو

فا رسی زبان ہند وستان میں تقریباً آٹھ نوسو سال پہلے مسلمانوں کے ساتھ داخل ہوئی تھی ۔ سلاطین دہلی کے عہد حکومت میں اس میں تصنیف و تالیف کی ابتدا ہو گئی تھی ۔ ظاہر ہے کہ باہر سے آنے والی کوئی زبان مقامی زبانوں کے نقوش و آثا رسے دامن کش نہیں رہ سکتی ۔ یہی وجہ ہے کہ فا رسی کے مصنفین اور مؤلفین اپنی اپنی تحریروں کے بیچ میں اردو زبان کے روپ بھی نقل کرتے رہے ہیں ۔ ان اردو الفاظ کی مثالیں میں نے جن فا رسی کتب کا مطالعہ کر کے حاصل کی ہیں ان کے نام یہ ہیں :

۱ ۔ فتوحات فیروز شاہی از فیروز شاہ تغلق ۔

۲ ۔ تاریخ فیروز شاہی حصہ اول از ضیاء الدین برنی ۔

۳ ۔ آئین اکبری از ابوالفضل علامی ۔

۴ ۔ ادات الفضلا از قاضی خان بد ر محمد دھلوی ۔

۵ ۔ زفان گویا از بد ر ابراھیم ۔

۶ ۔ مدا ر الا فاضل از شیخ اللہ داد فیضی سر ہندی ۔

۷ ۔ فرہنگ جہانگیری از جمال الدین حسین انجو ۔

۸ ۔ توزک جہانگیری از نورالدین جہانگیر ۔

۹ ۔ عمل صالح از محمد صالح کنبو ۔

۱۰ ۔ وقائع نعمت خان عالی از نعمت خان علی ۔
۱۱ ۔ واقعات عالمگیری از عاقل خان رازی ۔
۱۲ ۔ سیر المتأخرین از غلام حسین خاں طباطبائی ۔
۱۳ ۔ خلاصتہ التواریخ از سجان رائے بھنڈاری بٹالوی ۔

ان کتابوں میں مصنفین نے اردو کے الفاظ درج کرنے کے جو طریقے اختیار کئے ہیں ان سے یہ دھوکا ہونے لگتا ہے جیسے مصوت اور غیر مصوت آوازوں کے تبادل کا وہی اصول جو ہند آریائی زبانوں (یعنی ویدک اور سنسکرت) میں کام کر رہا ہے ۔ اردو میں بھی جاری ہے جب کہ حقیقت یہ ہے کہ اردو الفاظ کی جو آوازیں ان کتابوں میں بدلی گئی ہیں وہ اردو زبان میں ابھی تک بدستور بولی جا رہی ہیں ۔ ان کی تبادل یعنی بدلی ہوئی آوازیں صرف فارسی تحریروں میں نظر آتی ہیں اور اردو میں آج بھی نہیں بولی جاتیں ۔

بہر حال مندرجہ بالا کتب میں اردو کی آوازیں مندرجہ ذیل طریقوں سے قلم بند کی گئی ہیں

۱ ۔ اردو ب کو پ سے بدل دیا ہے مثلاً ۔
اردو ابٹنا فارسی اوپٹنہ ۔ اردو کھمبات فارسی کھمپات ۔
اردو خربوزہ فارسی خربوزہ ۔

۲ ۔ اردو پ کو ب سے بدل دیا ہے مثلاً
اردو پکھال فارسی بکھال ۔ اردو دیپال پور فارسی دیبال بور ۔
اردو نیشا پور فارسی نیشا بور

۳ ۔ اردو ت کو د سے بدل دیا ہے مثلاً
اردو پرتلا فارسی پردلہ ۔ اردو جسیت (ایک دھات) ۔
فارسی جسد ۔

۴ ۔ اردو چ کو ج سے بدل دیا ہے مثلاً
اردو چرکھی فارسی جرکسی ۔ اردو چرس فارسی موجرس

۵ ۔ اردو گ کو فارسی میں ک سے لکھا ہے
اردو مگھئی (پان) فارسی مکسی ۔ اردو لونگ فارسی لونک ۔

اردو گوکھرو فارسی کوکہرو۔ اردو اٹنگن فارسی اتنکن ۔ اردو گھیگوار فارسی گھیکوار۔ اردو سنگھاسن فارسی سنکھاسن ۔ اردو ساگ فارسی ساک ۔ اردو پھاگن فارسی پہاکن ۔ اردو ہگلی فارسی ہوکلی ۔ اردو گنڈا (چار کا مجموعہ) فارسی کندہ ۔ اردو گونڈ (ایک قوم) فارسی کوند ۔ اردو رانا سانگا فارسی رانا سانکا ۔ اردو گولکنڈا فارسی کولکندہ ۔

۶ ۔ اردو کے آخری میم کو فارسی تحریر میں ب یا و سے بدل دیا ہے ۔

اردو سابرمتی (اسم معرفہ) فارسی سامرمتھی ۔ اردو منیم فارسی منیب ۔ اردو نیم فارسی نیب ۔ اردو جمن (جمنا) فارسی جون اردو چلمن فارسی چلون ۔

۷ ۔ اردو کے آخری میم کو نون یا نون غنہ سے بدل دیا ہے ۔

اردو کھمبا فارسی کھنبہ ۔ اردو چمپا فارسی چنپا ۔ اردو کمبل فارسی کنبل ۔ اردو تھمبول فارسی تنبول ۔ اردو تمباکو فارسی تنباکو ۔ اردو چمبل فارسی چنبل ۔ اردو کھمبات فارسی کھنبات اردو بھمبر فارسی بھنبر ۔ اردو چمپارن فارسی چنپارن ۔

۸ ۔ اردو کے مخی حروف کو دندانی حروف سے بدل دیا ہے اور خصوصیت سے ڑ کو مستقلاً ریا د لکھا ہے ۔

لٹرہ (لٹڑا) ۔ دمری (دمڑی) ۔ تودرمل (ٹوڈرمل) ۔ (کھری (کھڑی) ۔ لبھیرا (لبھیڑا) ۔ تاری (تاڑی)۔ کیورہ (کیوڑا)۔ بوتہ (بوٹا)۔ کراہ (کڑھاو) ۔ تاتو (ٹٹو) ۔ ٹنہ (ٹھٹھا ایک شہر کا نام)۔ سنگارہ (سنگھاڑا)۔ ادہ (اڈہ) ۔ داند (ڈانڈ) ۔ پوتہ (پوٹا) ۔ پھتکری (پھٹکری)۔ چپرہ (چپڑا) ۔ ککری (ککڑی) مجیتھ (مجیٹھ) ۔ مکری (مکڑی) ۔ اتی (اٹی) ۔ گرگٹ (گرگٹ) دکار (ڈکار) ۔ تونتی (ٹونٹی)۔ چتکی (چٹکی)۔ لتو (لٹو)۔ بیر بہوتی (بیر بہوٹی) ۔ اتیرن (اٹیرن) ۔ جورہ (جوڑا) ۔ دھلکی (ڈھولکی) ۔ گھنتہ (گھنٹا) ۔ ۔ پوتلی (پوٹلی) ۔ ہندی (ہنڈی) ۔ پاپرہ (پاپڑا) ۔ داک چوکی (ڈاک چوکی) ۔ کتورہ (کٹورا) ۔ لدو (لڈو) ۔ دول ڈول ۔ دیرہ (ڈیرا) ۔ راتھور (راٹھور) ۔ کتھل (کٹھل) ۔ موتھہ (موٹھ) ۔ گدہی (گڈھی) ۔ پتیل (پٹیل)۔ تات (ٹاٹ) ۔ جت

(جاٹ) ۔ د ولہ (ڈ ولا) ۔

۹۔ اردو کے مہا پران اور الپ پران درج کرتے وقت بے احتیاطی برتی ہے اور انھیں باہم بدل دیا ہے ۔

(ا) لک (لاکھ) ۔ بنگ (بھنگ) ۔ بتوہ (بتھوا)۔ کتہ (کتھا) ۔ چپرہند (چھپرہند) ۔ چود ریاں (چودھریاں) ۔ سنگا رہ (سنگھاڑا)۔ موتہ (موتھا) ۔ ناگرموتھا) ۔ برچہ (برچھا) ۔ پنکہ (پنکھا) ۔ کت (کھاٹ) ۔ سمند سوک (سمندرسوکھ) ۔ پانہ (پھانا)[1] ۔ تال (تھال) ۔ روج (روجھ)[2]۔ گید (گدھ)۔ دکن (دکھن) ۔ دکنی (دکھنی) ۔ بیگہ (بیگھ) ۔ دکہ (دھکا) ۔ چوکندی (چوکھنڈی) ۔ جکڑ (جھکڑ) ۔ چند (چھند)[3]۔ لودیانہ (لدھیانا)۔ سموگر ۔ (سمو گڑھ) ۔ سنگاسن (سنگھاسن) ۔ سانبر (سانبھر) ۔ کچ (کچھ) ۔ موت (موٹھ) ۔ لودی (لودھی)[4] برچہہ (برچھا) ۔ کت پھورا (کٹھ پھوڑا) ۔ کن کھجورا (کھن کھجورا)۔ سند (سندھ)۔ ججر (جھجر) ۔

(ب) تانگہن (ٹانگن) ۔ گھرگھت (گرگٹ) ۔ پینگھ ((پینگ) بھاپہ (بھاپ) ۔ گہر گہت (گرگٹ) ۔ بھوبھل (بھوبل) ۔ بدہ بدھ (بد ۔ گانٹھ) ۔ لاتہہ ' لتہ (لاٹ) ۔ سانده (سانڈ) ۔ ابھرک (ابرک) ۔ سامر منھی (سابرمتی) ۔ اوچہہ ' اوچھ (اچ)[5] لاتھ (لاٹ) ۔ ترچھناپلی (ترجنابلی) دیکھ (ڈیک)[6] سادات بارھہ، بارہہ (سادات بارا) ۔

۱۰۔ اردو کی آوازوں کی جگہ عربی فارسی کی خصوصی آواز درج کر دی ہیں ۔

= ع جعفری (جاپھری) ۔ عبیر (ابیر) ۔ نعل (نال) ۔ عرصہ (ارسا) ۔ مشعلچی (مسالچی) ۔ عملہ (امدا) ۔

پ پھ

= ف کافور (کپور) ۔ فہانہ (پھانا) ۔ فوارا (پھوارا) ۔

۱۔ پنجر ۲۔ ایک جنگلی چوپایہ ۳۔ بند ۴۔ اسم نسبتی ۔ ۵۔ ضلع بہاول پور کا ایک قصبہ ۔ ۶۔ ریاست بھرت پور کا ایک قصبہ ۔

ت

= ط شطرنج (چترانج)۔ سطرنجی (چترنجی) ۔ مطنجنہ (متنجن) ۔ طاش (تاس ۔۔ ٹاسا) ۔

ج

= ز گزر (گاجر) ۔ سزاول (سجاول) ۔ زٹ (جاٹ)

ج

= ش شطرنجی (چترنجی) ۔ چترنگی) ۔شطرنج (چترنج ۔ چترنگ) ۔

د

= ض حوضہ (ہودا ۔ ہودیا) ۔

س

= ز چارزدہ (چارسدہ)[1] ۔

= ژ راژ (راس)[2]۔

= ش شیلہ (سیلا)[3] شکرہ (سکرا) ۔ شریفہ (سرپا) ۔ مشعلچی (مسالچی) ۔ خیش (کھیس) ۔ راش (راس) ۔ ماشا (ماسا) ۔

= ص صندل (سندل) ۔ خلاصی (کھلاسی) ۔

ک

= ق قنات (کنات) ۔ قلندری (کلندری) ۔ قوال (کبال) ۔ حقہ (ہکا) ۔

کھ

= خ اخروٹ (اکھروٹ)۔ خلاصی (کھلاسی) ۔ خس (کھس) ۔ خیش (کھیس) ۔ خسرہ (کھسرا) ۔

---

۱ ۔ صوبہ سرحد کا ایک شہر۔ ۲ ۔ کھلیان ۳۔ پگڑی

= شخ شخار (کھار) -

ہ

= ح محرم (مہرم)[1] - محل[2] (مہل)[3] - حوضہ (ہودا) - برجم پتر (برہم پتر) - محال (مہال)[4] - محلہ (مہلا) -

۱۱ - آخری الف کو ھائے مختفی یا ھائے ہوز سے لکھ دیا ہے -

چھتہ (چھتا) - ڈولہ (ڈولا) - چبوترہ (چبوترا) - بجر (بجرا) - جولاہہ - (جلاھا) - بنگالہ (بنگالا) - اپلہ (اپلا) - نیاریہ (نیاریا) - پیسہ (پیسا)) - بسوہ (بسوا) - روپیہ (روپیا) - جھروکہ (جھروکا) - سنبوسہ (سموسا) - لہسورہ (لہسوڑا) - گٹہ (گٹا) - آنولہ (آنولا) - ارگجہ (ارگجا) - چھریلہ (چھڑیلا) - چنپہ (چمپا) - کروندہ (کروندا) - دوپٹہ (دپٹا) - کتارہ (کٹارہ) - بسولہ (بسولا) - منجھولہ (منجھولا) - کلاوہ (کلاوا) - گدیلہ (گدیلا) - توبرہ (توبڑا) - بیگھہ (بیگھا) - بوتہ (بوتا)[5] - ارنہ (ارنا بھینا) - پنجرہ (پنجرا) - لکھیرہ (لکھیرا) - جنگلہ (جنگلا) - میورہ (میوڑا) - چیلہ (چیلا) - چیتہ (چیتا) - ڈوریہ ((ڈوریا) - خسرہ (کھسرا) - سنگھارہ (سنگھاڑا) - محلہ (مہلا) - پونڈہ (پونڈا) - تولہ (تولا) - ماشہ (ماسا) - کریلہ (کریلا) - جوانسہ (جوانسا) - چھجہ (چھجا) - ممولہ (ممولا) - پارہ (پارا) - دھوکہ (دھوکا) - دھتورہ (دھتورا) - پھانہ (پھانا) - چھینکہ (چھینکا) - بگلہ (بگلا) - سوھاگہ - (سہاگا) - چوترہ (چوترا) - سیسہ (سیسا) - برادہ (برادا) - - دھنیہ (دھنیا) - باوگولہ (باوگولا) - پہرہ (پہرا) - مسکہ (مسکا) - کیورہ (کیوڑا) - تھانہ (تھانا) - راجہ (راجا) - نالہ (نالا) پکہ (پکا) - بارہ ' بارھ (بارا ' باڑا) - ٹیکہ (ٹیکا) - جھروکہ (جھروکا) - کرنہ (کرنا) - دسہرہ (دسہرا) - بنجارہ (بنجارا) کتہرہ (کٹہرا) - پتاکہ (پٹاکا) - لچہ (لچا) - رستہ (رستا) - بادلہ

---

۱ - انگیا - ۲ - شاھی بیگمات کا لقب جیسے ممتاز محل - ۳ - عورت مہر - ۴ - دیہی زمین کا ایک قطعہ - مہوک کا جھنا ۵ - اونٹ کا بچا -

(با دلا) - موگرہ (موگرا) - با رہ پلہ (بارھا پلا) - باجرہ (باجرا) - راند (رانا) -

۱۲ - د و چشمی ھا کو ھائے مختفی یا ھائے ہوز سے لکھ دیا ہے -

اتہ کھنبہ (اٹھکھمبا) - موتہ (موٹھ) - کچھہ (کچھ) - بیساکہ (بیساکھ) - جیتہہ (جیٹھ) - سانجہ (سانجھ) - اساڑہ (اساڑھ) - جودہ پور (چودھ پور) -

۱۳ - ھائے ہوز کو دو چشمی ھا سے لکھ دیا ہے -

مہوا (مہوا) - پھر (پھر) - بھل (بھل - گاڑی) - ھون (ہن) - نھر والہ (نہر والا) - رھکلہ (رہکلا) - بھلیہ (بھلیا) - تھور خاں (تھور خاں) -

۱۴ - اکثر مہا پرانوں کو الپ پران اورہ میں تقسیم کر کے درج کیا ہے -

گہری (گھڑی) - جہروکہ (جھروکا) - چہینت (چھینٹ) - کہتری (کھتری) - منجہولہ منجھولا) - سنگہاسن (سنگھاسن) اگہن (اگھن) - کولہو (کولھو) - گہن (گھن) - دلہن (دلھن) - کہت (کھاٹ) - گوبھی (گوبھی) - گہوس (گھونس) - بنہوا (بنھوا) - چہاج، چہج (چھاج) - پہرکی (پھرکی) - پہاگن (پھاگن) - پہوئی (پھوئی) - گہات (گھاٹ) - بالچہر (بالچھر) - دہکہ (دھکا) - میتہی (میتھی) - کہیس (کھیس) - گوکہرو (گوکھرو) - میرتہہ (میرٹھ) - متہرہ (متھرا) - پہول (پھول) - رتہہ (رتھ) - راکہی (راکھی) - برچہہ (برچھا) - کایتہہ، کایتہ (کایتھ) - کہرنی (کھرنی) - بہونرا (بھونرا) - کہچری (کھچڑی) - چہین (چھین) - کچہی (کھچی) - کہرکی (کھڑکی) - بہاول پور (بھاول پور) - پکہاوج (پکھاوج) - چہپرکٹہا (چھپرکھٹ) - بتہندہ (بھنڈا) - جہکر (جھکڑ) - چوکہندی (چوکھنڈی) - بہیرہ (بھیرا) - بہاگ نگر (بھاگ نگر) - کتہل (کٹھل) - دھاکہ (ڈھاکا) - جہالر (جھالر) - جہیل (جھیل) - کوٹہی (کوٹھی) - تہان (تھان) - جوتہہ (جوتھ) - گندہک (گندھک) - مورپنکی (مورپنکھی) - لودہیانہ (لدھیانا) - بگہار (بگھار) - تہاکر (ٹھاکر) - بیساکہی (بیساکھی) - کہپریل (کھپریل) - دہاتورہ (دھتورہ) - لکہہ (لاکھ) - بہیل (بھیل) - جمدہر (جمدھر) - کچہہ (کچھ) کہوکہر (کھوکھر) - برچہی (برچھی) -

کھیورہ (کھیوڑا)- چودہری (چودھری) - بھوپال (بھوپال) -

۱۵ - بہت الفاظ میں پیش کو واو سے ظاہر کیا ہے -

موھانہ (مہانا) - دوپتہ (دپٹا) - دوگانہ (دگانا - دگانہ) - بوندیل کھند (بندیل کھنڈ) - ہولکر (ہلکر) - رویلہ (رہیلا) - لودیانہ، لودھیانہ، لودہیانہ (لدھیانا) - سدرسن (سدرسن) - برہم پوتر - (برہم پتر) - جولاہہ (جلاہا) - سوھاگہ (سہاگا) - ہون (ہن - بیجاپوری سکہ) - ہوکلی (ہگلی) - بوندیالہ (بندیلا) - اربتنہ (ابٹنا) -

۱۶ - بہت سے الفاظ کے حروف بالکل الٹ دیئے ہیں - اس عمل کو تقلیب کہتے ہیں -

کراہی کراہی اور کراھی (کڑھائی) - توھر (تھوڑ) - بتہہ (بھات) - سہرند (سرہند) - چھپرکتہا (چھپرکھٹ) - بتہندہ (بھٹنڈا) - کاتہی (کھاتی) - بلبدھر (بل بھدر) - کنبہایت (کھمبات) - بکہر (بھکر) گور گوبند (گرو گوبند)

فارسی زبان کے جو اصول تبادل ہم نے اس مقالے کے پہلے حصے میں دیکھے وہی دوسرے حصے کی ویدک زبان میں بھی پائے کیونکہ فارسی اور ویدک دونوں زبانیں لپیوں کے اختلاف سے قطع نظر ایک ہی (آریائی) خانوادے سے تعلق رکھتی ہیں - اور ان میں ایک ہی قسم کے اصول جاری ہیں البتہ تیسرے حصے کی اردو غیر آریائی یعنی ہندوی زبان ہے اس کے باوجود فارسی نویسوں نے اردو الفاظ کو بھی اپنی تحریروں میں فارسی زبان کے مزاج ومنہاج کے مطابق شکل بخشنے کی کوشش کی ہے - اس سے بظاہر یہ غلط فہمی پیدا ہو سکتی ہے کہ اردو میں بھی صوتی تبادل کے وہی اصول کارفرما ہیں جو فارسی اور ویدک میں ملتے ہیں جب کہ یہ بات بداہتہً غلط ہے کیونکہ زبان میں صوتی تبادل سے ایک لفظ کے جتنی شکلیں بنتی ہیں وہ سب کی سب بولی جاتی ہیں اور اگر ایسا نہیں ہے یعنی ایک لفظ کی ایک شکل بول چال میں آ رہی ہے اور دوسری صرف تحریر میں ہی محفوظ ہے اور کبھی اور کہیں بولی نہیں جاتی تو یہ تبادل صوتی نہیں کہلائے گا۔

یہاں بھی اردو الفاظ کے ساتھ کچھ ایسا ہی معاملہ پیش آیا ہے ۔ فارسی نویسوں نے فارسی کے صوتی تبادل کی روشنی میں اردو الفاظ کو جو شکل بخشی ہے وہ صرف مکتوبی ہے ملفوظی نہیں ہے اس لیے ہم ان میں کارفرما اصولوں کو اردو کے صوتی اصول نہیں مان سکتے ۔

ابو سعادت جلیلی

[illegible]، کشن اقبال - ۱، کراچی

"کیمیائے سعادت" کا نسخہ بانکی پور

(خود نوشت غزالی ہونے کے داعیے پر تحقیق و انتقاد)

کتاب خانہ خدا بخش پٹنہ (ہندوستان) میں مخزونہ ایک قدیم مخطوطہ "کیمائے سعادت" کے سرورق پر درج عہد عالم گیری کی یہ تحریر اس کتب خانے کے کیٹلاگ میں خصوصیت سے منقول ہوئی ہے(۱):

" از مردم ثقاۃ ہم چو میرزا محمد زاہد مرحوم(۲) صدر کابل و مولوی عبدالحکیم و میران محمد فاضل مرحوم گجراتی مسموع شدہ کہ خط قدیم ایں کتاب شریف و نسخہ' خط امام الہمام قدوۃ العارفین اسودالسالکین امام محمد غزالی رحمۃ اللہ علیہ است و چند جزو اول و چہار ورق آخر بخط کاتب است "۔

امام غزالی (۴۵۰ تا ۵۰۵ھ مطابق ۱۰۵۵ تا ۱۱۱۱ء) ایسی برگزیدہ شخصیت کے خاص حوالے سے طویل مدت سے یہ فرض کیا جاتا رہا ہے کہ یہ نسخہ انہی کے خط کی یادگار ہے۔ اس مناسبت سے غزالی سے منسوب اوراق کی خالصتہً فنی تنقیح ان کے عہد کی فارسی تحریر یعنی املا اور طرز خط کو معیار بنا کر کرنے کی کوشش کی گئی ہے تاکہ ادعا کی حقیقت اور اصلیت آشکارا ہو سکے۔ "کیمائے سعادت" جیسا کہ عام طور پر معلوم ہے ضخیم تر عربی کتاب "احیاء علوم الدین" کے مطالب و مندرجات کی فارسی تلخیص ہے جو غزالی نے جامعہ نظامیہ بغداد کے سربراہ کا عہدہ ترک کرنے کے بعد والے

طویل سفر سے مراجعت پر ۴۹۰/۵۰۰ھ (۳) کے درمیان تصنیف کی۔ یوں ان کے دست خاص کے کسی مخطوطے کو ۴۹۰ ہجری کے اگلے پندرہ برسوں کا لکھا ہوا ہونا چاہیے اور ایسے کسی مفروضہ نسخے کو معاصر غزالی فارسی رسم خط کی اساس پر ہی پرکھا جا سکتا ہے۔

ہم نے اس تعلق سے پٹنہ ہی میں مقیم دو بزرگ علماء کو اس قدیم مخطوطے کا مقابلہ و محاکمہ بنفس نفیس فرمانے کی زحمت دینے کے علاوہ دیگر ہم عصر افاضل کے ملاحظے میں اس قلمی نسخے کی مختصر مایکرو فلم اور چند تصویریں پیش کرکے ان کی آرائے گرامی سے بھی استفاضے کی کوشش کی ہے۔ ایرانیات نیز فارسی زبان و ادب اور مخطوطات کے ان سب عالی رتبہ محققوں کے بعض مکاتب کا عکس بھی ساتھ ہی شائع کیا جا رہا ہے۔ عہد موجود کے ان "مردم ثقاہ" کے نہایت فاضلانہ افادات میں کسی نوع کے احتمال و تشکیک کی گنجائش نہیں ہے اور خالصۃً علمی و فنی نوعیت کے دلایل و براہین پر مبنی ان کے فرمودات سند کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ان تمام اکابر کی خدمت میں ہدیہ تشکر پیش کیا جاتا ہے کہ ان کے سرچشمۂ فضل و کمال سے ایک طالب علم کی تشنگی دور کی ہے۔ ان صائب الرائے بزرگوں نے مسلم الثبوت انداز میں زیر نظر اشکال کے حل کے لئے رہبری کی زحمات گوارا فرمائی ہیں۔

راقم الحروف کی انتہائی بدقسمتی ہے کہ اس کو فیض یاب فرمانے والے ان علمائے عصر میں سے چند بزرگ رحلت فرما چکے ہیں اور بوجوہ کافی عرصہ بعد اس حقیر کوشش کا ماحاصل پیش کرتے ہوئے ان سب نفوس قدسی سے محرومی کا احساس آج بہت زیادہ ہو رہا ہے۔

بنظر احتیاط یہ عرض کرنا ضروری ہے کہ ظاہراً روایت انتساب میں متذکرہ افاضل معقولات کا حوالہ خاصی اہمیت کا حامل معلوم ہوتا ہے چنانچہ ابتداً ڈاکٹر نظام الدین اور ڈاکٹر عبداللہ چغتائی صاحبان نے اس تعلق سے بالاصرار ارشاد بھی کیا ہے۔ لیکن ایک طرف اصل مخطوطہ بہ نفس نفیس ملاحظہ فرمانے والے دو جید

اسکالروں کے علاوہ کئی معاصر علماء نے اس روایت اور اس کے حوالوں کو چنداں لائق اعتناء خیال نہ فرمایا۔ دوسری جانب خود پروفیسر نظام الدین اور ڈاکٹر محمد عبداللہ چغتائی مرحومین کے خوش فہمانہ رد عمل میں اس وقت ایک حقیقت پسندانہ انقلاب رونما ہوا جبان حضرات کو نسخہ بانکی پور کی عکسی نقول پیش کرکے تازہ تر اظہار تاثر کی درخواست کی گئی۔ یہ ساری تفصیل ایک حکایت لذیذ کے مصداق ہے مگر اس کو دراز تر کجا مجملاً روایت کرنا بھی طول بیان کا باعث ہو گا اس لئے ان معروضات میں ایسے سارے فروعی پہلوؤں سے اجتناب کیا گیا ہے۔ البتہ پیش نظر خطوط میں ان امور و نکات پر متعلقہ بزرگوں کے اولین تاثر اور منقلب اظہار خیال سے استفادہ خالی از دلچسپی نہ ہو گا۔

مخطوطات کی قدامت کا تعین محض املائی خصوصیات کی بناء پر ہی نہیں ہو جاتا ہے بلکہ دیگر کئی اور مساوی طور پر اہم فنی پہلوؤں کو بھی پیش نظر رکھنا ناگزیر ہوتا ہے۔ (۴) ڈاکٹر محمد نظام الدین کے خط مورخہ یکم اگست ۱۹۶۲ء کے ارشادات کی رو سے "کسی مرتب فہرست کے بیان پر تنقید کرنے سے پہلے خود ناقد کو بعینہ اس نسخے کا مطالعہ کرنا چاہیے اور اس کے بعد رائے قائم کرنی چاہیے"۔ اس طرح اس کے سامنے بہت سارے دیگر اہم گوشے رہیں گے جن کے بغیر تحقیقی مطالعہ تشنہ تکمیل ہوگا چنانچہ پروفیسر نظام الدین کے ہی مکتوب کے الفاظ میں "تاوقتیکہ اصل نسخہ نہ دیکھا جائے اور اس کے عین کاغذ، سیاہی، رسم الخط وغیرہ کی جانچ نہ کی جائے اس عہد کا بالکل صحیح صحیح دریافت کرنا غیر ممکن ہو جائے گا" (۱۱) - پروفیسر اے۔ جے۔ آربری کے فرمودات کی بھی روشنی میں یہی لوازم براہ راست زیر مطالعہ و تحقیق رہنے چاہییں، ملاحظہ ہوں خطوط مورخہ ۶ مارچ اور ۹ اپریل ۱۹۶۳ء۔ استاد احمد آتش نے بھی تقریباً انہی امور پر سوچ بچار کو ضروری و اہم خیال فرمایا ہے جبکہ پروفیسر مجتبیٰ مینوی کے نزدیک بھی تحریر کے علاوہ دیگر نکات کو زیر غور رکھنا ناگزیر تھا جیسا کہ

دونوں حضرات کے خطوط مورخہ ۲۷ جنوری ۱۹۶۴ء اور ۶ مارچ ۱۹۶۵ء سے ظاہر ہے۔

تاہم ان فنی ضروریات اور لوازمات کی مسلمہ قدر و قیمت کے باوجود اس نسخے کا حصول یا راقم کا سفر پٹنہ دونوں عملاً ناممکن تھے۔ حسن اتفاق سے کتاب خانہ بانکی پور کے بیش قیمت علمی خزائن قاضی عبدالودود اورپروفیسر سید حسن جیسے بزرگوں کی دسترس میں تھے اور دونوں ذی مرتبت علماء نے خصوصیت سے اس نسخہ "کیمیائے سعادت" کا معاینہ و مقابلہ کرنے کی تکلیف گوارا فرماکر فاضلانہ رائیں عطا کیں۔ مخطوطے کی تصاویر پیش کرنے پر مذکورہ حضرات اور دیگر افاضل نے جو ملاحظات سپرد قلم فرمائے قلمی نسخوں سے متعلقہ تاریخی حقائق کی روشنی میں وہ بھی حتمی اور فیصلہ کن حیثیت رکھتے ہیں۔ خاکسار کا یقین ہے کہ مخطوطات سے ظاہر ہونے والی فارسی املا کی ارتقائی کیفیات کے شواہد نیز قلمی نسخوں سے تقابل و تجزیہ پر مبنی و منحصر افادات عالیہ اس علمی و فنی بحث کو ایک نتیجہ خیز نکتے تک پہنچانے میں بھرپور طور پر اور ماہرانہ راہنمائی کرتے ہیں۔

اس بارہ میں آغاز گفتگو کو غزالی کے ہم عصر اور مابعد کے قرنوں کے فارسی رسم خط کی چند نمایاں اور بے حد توجہ طلب خصوصیات پر مرتکز کرنا ضروری ہے، چنانچہ باعتبار اہمیت و نوعیت اولاً ان کا بیان ملاحظہ ہو:

۱۔ اس کا ایک بہت زیادہ معروف اور اہم عنصر تھا دال مہملہ اور ذال معجمہ کا فرق و امتیاز جس کی ممکنہ تفصیلات کی جمع آوری کی کوشش آیندہ صفحات میں کی گئی ہے۔

۲۔ حرف و بیان و علت "کہ" (چنداں کہ، زیرا کہ، شخصی کہ) کا املاء بجائے ہائے مختتمہ کے یائے معروف کے ساتھ بصورت "کی" تھا، ساتویں صدی ہجری کے اخیر کے نسخوں میں "کی" کے پہلو بہ پہلو "کہ" کی شکل بھی عیاں ہوئی اور ازاں بعد یہی شکل جاری ہوگئی۔

۳- اسی طرح "چہ" ان دنوں "جی" لکھا ہوا ملتا ہے۔ اس طرز میں "کہ" کی طرح ہائے مختفی سے تبدیلی کے علاوہ فارسی "ج" بھی عربی "ج" سے لکھا ہوا ہے۔ اس دوسرے رجحان یعنی فارسی آوازوں کو عربی ابجد میں ہی محدود کر دینے کے تحت چند دیگر ایرانی اصوات بھی آتی ہیں جن پر آگے عرض کیا جا رہا ہے۔

۴- "کہ" اور "چہ" پر رکنے والے کلمات "آنکہ" اور "آنچہ" میں موجودہ مکتوبی ہائے مختتمہ کے بغیر اس کے حرف سابقہ کو پورا پورا یوں لکھا جاتا تھا: "آنک"، "بلک"، "چنانک" نیز "آنچ"، "چنانچ"، "چندانچ"۔

۵- الف پر مختتم الفاظ کی اضافت ہمزہ سے ظاہر کی جاتی تھی جیسے فی الوقت مروجہ طرز پر "علمای اسلام" کی بجائے علماء اسلام، نام ہاء ایشان۔ چیز ہاء او، لشکر ہاء جرار، سال ہاء مدید۔ اس تعلق سے یہ عرض کرنا بھی ضروری ہے کہ اضافتوں کے لئے فارسی رسوم املاء میں چار طریقے رائج رہے ہیں۔

(ا) مذکورہ طرز قدیم ترین تھا اور آٹھویں صدی ہجری تک بھی موجودہ طریقے یعنی درج ذیل نمبر (ب) کے ساتھ مروج رہا۔

(ب) موجودہ املاء یائے معروف کے ساتھ ہے جیسے "دریای زخار" اور "عصای چوبیں"، یہ ساتویں صدی کے ربع آخر سے ملتا ہے۔

(ج) تیسرا انداز تھا الف پر مد کا اضافہ جس کا مثالی نمونہ ہے: ماوراآلنہر'۔

(د) چوتھا قاعدہ الف کے ملحق ہمزہ نیز یائے معروف اور مد، ان تینوں میں سے کسی کے بھی اضافے کے بغیر سیدھا سادہ لکھنا ہوا کرتا تھا جیسے "انتہا مراحل" اور "ابقا بقایہ" جو فارسی جدید میں "انتہای مراحل" وغیرہ ہیں۔ محولہ بالا طریقوں (ج) اور (د) کا عمل

دخل بڑا محدود تھا اور کمتر زیر استعمال رہے۔

اب باقی ماندہ قاعدوں کی تفصیل پیش کی جاتی ہے:

۶۔ زیر مطالعہ صدیوں میں الف پر مد بھی نہیں ملتا مثلاً آں/ان، آوازہ/اوازہ، نیآفرید/نیافرید۔ آج کل کا مروجہ الف ممدودہ ساتویں صدی کے آخر کا اضافہ ہے۔

۷۔ سابقہ اضافت "بہ" کو علیحدہ نہیں بلکہ ملا کر لکھتے تھے جیسے "بدست" کی جگہ "بدست"۔ بہ روز"/"بروز"۔

۸۔ یائے معروف پر مختتم الفاظ کی "ی" پر ہمزہ کا اضافہ (گوی/گوئی، جدای/جدائی) ساتویں صدی کے بعد اختیار کیا گیا۔

۹۔ ایسے الفاظ کو دو یا پر ختم کرنے کا رواج البتہ عہد غزالی میں تھا یعنی خوی/خوی جس کی پہلی ی کبھی بلا نقط بھی ہوتی تھی۔

۱۰۔ الف زائدہ پر ہمزہ (فضائل۔ قائم) نہیں لکھا جاتا تھا نیز ملحقہ "ی" کہیں بکثرت اور کہیں معمولاً بغیر نقطوں کے لکھی جاتی تھی۔

۱۱۔ "از او" اور "از ایں" جیسے الفاظ کو "ہمزہ اوائل ضمایر" کے بغیر ہی یوں کتابت کیا جاتا تھا: ازو، ازیں، ازیشاں۔ مزید برآں ذیل کے املائی خصائص پر عربی رسم خط کی اثر اندازی قابل ملاحظہ ہے جو پانچویں/چھٹی صدی کے فارسی نسخوں میں علانیہ ظاہر ہوتی ہے اور بناء بریں نہ صرف رسمی یا پیشہ ورانہ کتابت بلکہ عام خط کا بھی جزو لاینفک رہی ہے۔

۱۲۔ چند الفاظ میں "ت" کے لئے "طاء" مولفہ لکھنا جیسے تلخ/طلخ۔ علامہ قزوینی نے المعجم کے ایک مخطوطے کے حوالے سے لکھا ہے:

در کتاب المعجم فی معاییر شعار العجم لمحمد بن قیس الرازی نسخہ قدیمی (بدون تاریخ) مورخ بریطانیہ نیز دو سہ مورد (ص ۵۶، ۱۲۹، ۲۱۷، ۳۵۳ از طبع برون و راقم سطور

کلمہ تلخ را "طلخ"" با طاء مؤلفہ نوشتہ است و ظاہراً این طرز املا از اثر غلبہ نفوذ عرب بودہ است مانند کلمات صد و شصت و طپانچہ و غلطیدن و نحو ذلک (۵)۔

۱۳ ۔ اوپر کے قاعدہ پانچ میں مذکورہ الف پر مختتم الفاظ کی اضافتوں میں سے ہمزہ (علماء دین، لشکر ہاء جران) بھی عربی سے مستعار تھا ایسے کلموں پر ہمزہ کے اضافے سے جمع کے کچھ صیغے وضع کئے گئے نیز چند تراکیب بھی اختراع کی گئیں مکتوبی ہمزہ بہر طور اپنا وجود آج بھی برقرار رکھے ہوئے ہے ۔

۱۴ ۔ پانچویں اور چھٹی صدیوں میں کیا خاصا بعد بھی کاف فارسی یعنی گ نہیں لکھا جاتا تھا اور دو سرگشں والا موجودہ روپ کافی بعد میں ایجاد ہوا ۔

۱۵ ۔ علاوہ ازیں "چ"، "پ" اور "ژ" کی ایرانی آوازوں کو بھی سکہ بند اصول کے بطور عربی حروف "ج"، "ب"، "ز" سے ظاہر کرنے پر قناعت کی جاتی تھی۔ یہ بھی رائج الوقت روپ بہت بعد میں فارسی لکھائی میں اضافہ کیے گئے ۔

فی الجملہ ذال معجمہ اور دال مہملہ کے مکتوبی فرق کے بعد معاصر غزالی خط و املاء میں فارسی کی اپنی منفرد و مخصوص ایسی سب اصوات کے لئے عربی لکھائی کے روپوں پر انحصار و اکتفاء دوسری بہت بڑی خصوصیت ہے۔

عرض کردہ اطلاعات کے بنیادی ذرائع و مآخذ کی وضاحت حاشیے میں نذر ہے(۶) ۔

ذال معجمہ اور دال مہملہ کے مباحث

قدیم فارسی خط میں ذال معجمہ اور دال مہملہ کا فرق ایک اہم اور خاص جزو رہا ہے اور پانچویں چھٹی صدی ہجری سے منسوب کسی فارسی مخطوطے میں اس کی عدم موجودگی ایسی نسبت کے دعوے کی صحت کو محض ایک مفروضہ ہی نہیں بلکہ مشتبہ امر بنا دیتی ہے ۔ اعجام کے عام معنے نقطہ لگانا ہیں اور

پروفیسر جلال ہمائی کی مختصر مفید توضیح کی رو سے :

و اما اعجام یا نقطه برای تمیز حروف متشابهه یا بتعبیر بعضی «روادف سته» یعنی حروف «ثخذ ضظغ» که سه حرف و گاه پنج حرف «ب، ت، ث، ی، ن» در اول یا وسط کلمه بیکدیگر ملتبس میشوند و فقط ممیز آنها نقطه است . علی الاشهر در خطی که عرب از سریانیها و و نبطی ها اقتباس کرده مرسوم نبوده است چنانکه در خطوط سریانی تاامروزهم رسم اعجام نیست (۷) ـ

فارسی تحریر یعنی املاء اور رسم خط میں ذال معجمہ سے مراد کسی فارسی لفظ میں شامل دال کا وہ حرف ہے .

(ا) جس پر اس کے سابقے کے بطور کوئی متحرک حرف صحیح ہونے کی بناء پر نقطہ ڈالتے تھے :

پدر/پذر، آمد/آمذ، جدا/جذا، باشد/باشذ ـ

(ب) یا جو اپنے ما قبل حرف علت ہونے کے باعث نقطے سے لکھی جاتی تھی :

افتاد/افتاذ، دادند/داذند، نمود/نموذ، کودک/کوذک ـ

دال مہملہ اصطلاحاً وہ ہے جس کے سابق ساکن حرف صحیح ہونے سے اس کو بغیر نقطے کے لکھا جاتا ہو:

گرداب، مرد، پسند، مرده ـ

معجمہ و مہملہ کے مابین فرق کے ضمن میں علامہ قزوینی کی تشریح ملاحظہ کیجئے :

ذال معجمهٔ فارسی در کلمات در دو موضع است :

(۱) هرگاه ماقبل آن متحرک باشد چون آمذ و باشذ و بذو بذ و موبذ و زمرذ و نحوها که بلا استثنا ذال معجمه است .

(۲) هر گاه ماقبل آن یکی از حروف علّه باشد چون افتاذ و باذ و قباذ و آباذ و استاذ وبوذ و نموذ و بذ و کشیذ و رسیذ و رفتیذ و گنبذ و نحوها که نیز بلا استثنا ذال معجمه است ـ

اما دال فارسی فقط در یک موضع است و آن وقتی
است که ماقبل آن ساکن و از حروف صحیح باشد چون
مرد و کرد و آورد و دزد و مزد و پسند و کمند و غیر ذلک
که بلا استثنا دال مهمله است(۸) ۔

مہملہ اور معجمہ کے سلسلے میں ایرانی تحریر میں ذال کی آواز والے حرف کی ازمنۂ قدیم سے موجودگی کے تعلق سے چند بنیادی یعنی لسانی اور املائی نکات کا اعادہ ضروری ہے ۔ ان کی بہترین اور عمدہ ترین تلخیص کے طور پر علامہ میرزا محمد تقی بہار کی وقیع و موقر تحقیقی و تنقیدی تاریخ اسالیب "سبک شناسی" کی پہلی جلد کے دوسرے باب موسومہ "گفتار دوم : خط در ایران" کے مباحث متعلقہ "خطوط ایران پیش از اسلام" کے اخیر میں صفحات ۸۴ تا ۸۶ میں شامل "جدول الفبای اوستا" اور اس جدول کے چند پہلوؤں پر "گفتار پنجم : در تطور" کی اضافی گفتگو بعنوان "تبدیل مخرج پای حروف" صفحات ۱۸۹ تا ۱۹۳ میں نیز اسی باب ۵ کی ایک اور ضمنی بحث "فراموش شدن حروف بواسطۂ عدم توجہ" کے ذیل میں شریک جدولوں بعنوانات "حروف اوستای کہ تبدیل یافتہ است" از ص ۲۰۲ تا ۲۰۸ "و نیز برای نشان دادن تبدیل حروف از لغت پہلوی و دریٔ قدیم جدول میآوریم" از ص ۲۰۸ تا ۲۲۱ کا ملاحظہ کرنا بہت مفید ہوگا ۔ ہماری اپنی زبان کی حد تک بیشتر پرانی اور بعد کے عرصے کی بھی علمی تحقیقات کا خلاصہ ڈاکٹر عبدالستار صدیقی کے طویل اور پر مغز مقالے (۹) میں مذکور ہے جو ساری تدقیق اور عرق ریزی سے کشید کئے ہوئے عطر کے مصداق ہے ۔ ڈاکٹر عبدالستار صدیقی کے قیمتی الفاظ میں:

جیسا کہ اوپر کہا جا چکا ہے یورپی محققوں نے فارسی میں "ذ" کے وجود کو مان لیا تھا ۔ یہ بھی معلوم کر لیا تھا کہ وہ "ذ" قدیم تر زبان میں "ت" تھی (جو بعد کی زبان میں "ذ" ہوگئی لیکن پہلوی میں کتابت اور تلفظ کے اختلاف کے باعث یہ دریافت کرنا

مشکل تھا کہ "ت" کی تحویل "ذ" میں کب ہوئی ۔ مزید تحقیق سے یہ مشکل یوں حل ہوئی :

(الف) سریانی ادب میں ایران کا ذکر اکثر آیا ہے جس میں ایرانی لفظ اور اسمائے علم بھی ملتے ہیں ۔ تیسری صدی عیسوی کے اوائل کی سریانی تحریروں میں اون لفظوں یا ناموں میں حرف علت کے بعد بھی "ت" ہی ملتی ہے ۔ چوتھی صدی کے بعض سریانی تحریروں میں ایسی "ت" کی جگہ "د" پائی جاتی ہے مگر پانچویں صدی اور اوس کے بعد کی سریانی میں تواتر کے ساتھ "د" ہی ہے ۔ اس سے نتیجہ نکلتا ہے کہ چوتھی صدی میں ایران کی زبان میں اس "ت" کا تلفظ تبدیل ہونا شروع ہوگیا تھا اور پانچویں صدی میں یہ تبدیلی تکمیل کو پہنچ گئی تھی ۔

(ب) سریانی حروف تہجی میں "ذ" کے لئے الگ حرف نہیں، بلکہ "د" سے "ذ" کا بھی کام نکلتا ہے، اس طرح کہ جب "د" سے پہلے کوئی حرف علت (طویل یا قصیر) واقع ہو تو اوس "د" کا تلفظ "ذ" ہوتا ہے ۔ جس طرح فارسی میں اوسی طرح سریانی میں "ذ" سے کوئی لفظ شروع نہیں ہوتا ۔

(ج) اسلامی دور میں تقریباً ۶۰۰ ہجری تک "ذ" فارسی زبان میں برقرار رہی اور املاء میں بعضے لفظوں میں اب تک ہے ، اس لئے کہ وہ "ذ" تبدیل ہو کر "د" نہیں ہوئی (جیسے آذر، پذیرفتن، گذشتن وغیرہ) ۔ باقی لفظوں میں رفتہ رفتہ "ذ" کی جگہ "د" نے لے لی اور جن چند لفظوں (آذر وغیرہ) پر اس دوسری تحویل کا عمل نہیں ہوا وہ مستثنی قرار پائے ۔

ان تین مقدموں سے ثابت ہے کہ چوتھی صدی عیسوی

سے لے کر تیرہویں صدی عیسوی تک فارسی زبان میں "ذ" پوری طرح متمکن رہی اور بعضے لفظوں میں اب تک ہے، گو تلفظ کی جہت سے وہ "ذ" ان چند لفظوں میں "ز" کے مماثل ہوگئی ہے(۱۰)۔

اس کے بعد پہلوی اور اوستاوی رسوم خط میں "ز" کی آواز کی شکلوں پر ڈاکٹر عبدالستار صدیقی نے لکھا:

یہ تحقیق انیسویں صدی عیسوی کے آخر تک کی ہے۔ اوسی زمانے (۱۸۹۰ ع) میں مانی کے مذہب سے متعلق ایک ذخیرہ قلمی کتابوں کے اجزاء اور منتشر اوراق کا چینی ترکستان کے ایک مقام، ترفان (تورفان) نام، میں برآمد ہوا جو بیشتر سریانی حرفوں اور فارسی زبان میں ہے۔ اس میں مانی اور اُس کے پیروؤں کی تصنیفیں ہیں جن کا زیادہ حصہ تیسری صدی عیسوی سے تعلق رکھتا ہے اور جس سے ساسانی عہد کی زبان میں "ذ" کا وجود پوری طرح ثابت ہے۔

یورپ کے محققوں نے "اوستا" اور پہلوی زبانوں کی کتابوں کے متن اور شرحیں پچھلے زمانے میں شائع کی ہیں جن سے ایران کی پرانی زبان کے متعلق ہم یقین کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ:

(الف) قدیم "ت" لفظ کے شروع میں اب تک اپنے حال پر قائم ہے، چنانچہ ترش، تند، تیز وغیرہ لفظوں پرانی صورتوں میں بھی پہلا حرف "ت" ہی تھا،

(ب) لیکن "ت" اگر حرف علت ممدود (الف یا و یای) یا حرف علت مقصور (زیر یا زبر یا پیش) کے بعد واقع ہوئی تھی، تو درمیانی دور کی زبان میں وہ "ت" بدل کر "ذ" ہوگئی تھی، چنانچہ قدیم زبان میں "وات" تھا (ہوا کے معنی پر)۔ درمیانی دور کی زبان میں "واذ" (پہلوی کتابت: "وات" مگر تلفظ: "واذ") اور فارسی (اسلامی) میں: "باذ"، "باد"۔ اسی طرح "بوت" سے "بوذ، بود" وغیرہ۔

(ج) قدیم "ذ" درمیانی اور اسلامی دور میں کہیں "ہ"

ہوگئی ہے جیسے اوستا "سپاذ" (س ساکن، ذ مفتوح) سے سپاہ" اور کہیں "ی" جیسے اوستا "مذ" (م مفتوح، ذ مضموم) سے "می" بمعنی شراب۔ یہ "ی" آگے چل کے کہیں ساقط بھی ہوگئی ہے جیسے اوستا "پاذ" (ذ مفتوح) سے پای اور پھر "پا"(۱۱)۔

یہ امر تاریخی حقایق و شواہد کی بنا پر مسلم الثبوت بھی ہے اور متفق علیہ بھی کہ استیلائے عرب کے بعد اور دو ڈھائی صدیوں کے اندراندر ایرانی عامۃالناس کی مذہبی قلب ماہیت کے زیر اثر یا اس سب کے براہ راست نتیجے کےبطور پر ایران کی اپنی زبان موسومہ پہلوی المعروف بہ فارسی قدیم کا مخصوص باستانی رسم الخط بالکلیہ متروک ہوگیا۔ نیز عربی کا مروجہ املا اس زبان کی اپنی تحریر کےلئے نافذ یا جاری یا اختیار کیا گیا جس میں پہلوی کی منفرد اصوات گویا عجمی یا غیر عربی آوازوں کے اظہار کے لئے فی الفور اور طویل عرصے تک عربی ابجد پر ہی انحصار کیا گیا اور اس کی ضروری تفصیلات عرض کی جاچکی ہیں۔ دوسری جانب ذال کے خاص حوالے سے یہ بھی ایک تسلیم شدہ حقیقت ہے کہ ذال ایرانی املا میں ایک طویل زمانے سے موجود ہے اور اس کے پہلوی یا فارسی ماننے میں کوئی امر موجب اشتباہ نہیں ہے۔ عین اسی تناظر میں یہ امر بھی ایک حقیقت ہے کہ عربی نے دال والے جن فارسی الفاظ کو عربی میں اپناتے ہوئے بوقت تحریر دال پر نقطہ اضافہ کر دیا خود ایران والے بھی اپنی زبان کے اس نئے اور عربی سے ماخوذ رسم الخط میں اپنے ہی ان الفاظ کو اس نئی معرب شکل میں بعینہ قبول کرنے لگے۔ اس صورت حال پر علامہ قزوینی کی تحقیق اور رائے ملاحظہ ہو:

> تلفظ ایشان بذال چگونہ بودہ، شبیہ بذال عربی یا زای عربی با صوت مخصوص دیگری، درست معلوم نیست ولی ظاہراً اشبہ اشیاء بودہ است بذال عربی بدلایل عدیدہ کہ خوض در آن از حوصلہ این دیباچہ بیرون است از جملہ آنکہ جمیع این نوع کلمات را کہ مشتمل بر ذال فارسی بودہ و از قدیم در کلمات عرب داخل شدہ عرب ذال معجمہ فارسی را دائماً و در جمیع موارد بذال معجمہ عربی تعریب یا تعبیر کردہ است مانند استاذ

و باذام و زمرذ و بسذ وجهبذ و شوذر (چادر) و شاذروان وغیرها در اسماء اجناس، و همذان و بغداذ و قباذ، وخرداذبه وغیرها در اسماء اغلام، و اگر نه آن بودی که ایرانیان این حرف را مانند ذال معجمه عربی یا اشبه اشیاء بدان تلفظ میکرده اند نه بدال مهمله که تلفظ کنونی ایران است این تعریب بذال معجمه دلیلی نداشتی چه خود دال مهمله بر زبان عرب ثقیل نیست و درکلام عرب بی شمار است و علت مخصوص دیگری نیز تصور نمیتوان کرد برای اینکه عرب دائما و در جمیع مواقع دال مهمله را بذال معجمه تعریب نماید (۱۲)۔

پروفیسر براؤن نے قزوینی کے اس خیال کو پورا پورا تسلیم کیا اور تاریخ جہان گشا کے انگریزی مقدمے میں اِس ساری تحقیق پر کامل غور و فکر کے بعد صاد کیا۔

تاہم ذال معجمہ پرڈاکٹر عبدالستار صدیقی کا تاثر خاصا مختلف ہے:

یاد رکھنے کی بات ہے کہ "ذ" عربی زبان کے ساتھ مخصوص نہیں اور "ث" بھی مخصوص نہیں۔ سریانی اور یونانی اور قدیم ایرانی زبان میں یہ دونوں آوازیں موجود تھیں اور عربی میں جو لفظ ان زبانوں سے آئے ہیں اون میں یہی حروف ملتے ہیں۔ اس لئے یہ خیال صحیح نہیں کہ مثلاً فارسی لفظ استاد"" میں "د" تھی، عربوں نے تصرف کر کے اسے "ذ" بنا دیا۔ حقیقت یہ ہے کہ عربوں نے ایرانیوں سے یہ لفظ سنا، تو اس میں "ذ" ہی سنی اور اوسی طرح اوسے ادا کیا۔ خود ایرانیوں کی زبان میں بعد کو "ذ" کی "د" ہوگئی اور عربوں کے ہاں لفظ کی وہ صورت قائم رہی جو اونہوں نے پہلے ایرانیوں سے سنی تھی۔ تعریف کی بنا پر جو حرف بدلے ہیں اون میں "ث" اور "ذ" نہیں ہیں۔

(دیکھو "الکتاب" لسیبویہ، طبع پاریس ۱۸۸۵ ع، ج ۲، ص ۳۷۵ (= طبع کلکتہ ۱۸۸۷ع، ص ۹۷۰) "باب اطراد الابدال فی الفارسیۃ")

معجمہ کے اختیار اور ترک کا جائزہ و تبصرہ

اب سوال یہ ہے کہ معجمہ اور مہملہ کا زیر تذکرہ دستور کتنا عرصہ جاری رہا نیز یہ فرق و امتیاز کس زمانے میں ترک ہونا شروع ہوا اور بالآخر کتنی مدت بعد یا کب ختم کیا گیا۔ ڈاکٹر عبدالستار صدیقی نے یہ صراحت کرتے

ہوئے کہ چھٹی صدی ہجری میں یہ قاعدہ ٹوٹنے لگا تھا دو نتائج اخذ کئے ہیں :

(۱) اسلامی دور کے اوائل میں ایران کی زبان میں 'ذال" موجود تھی اور پانچویں صدی ہجری تک بولنے اور لکھنے میں آتی تھی ۔

(۲) چھٹی صدی سے "ذ" کی جگہ "د" بولنے کا رواج ہو چلا اور کچھ مدت بعد، خاص کر عوام کو، دونوں میں امتیاز کرنا مشکل ہوگیا ۔ اہل علم نے اس تغیر کو مکروہ جانا اور دونوں حرفوں میں امتیاز کرنے کا گر بتایا ۔ دونوں کو باہم قافیہ کرنا معیوب قرار دیا گیا ۔ لکھے پڑھے لوگ دونوں حرفوں میں تمیز کرتے رہے، مگر عوام کی بولی میں "ذ" کی جگہ "د" کا استعمال بڑھتا گیا، یہاں تک کہ آٹھویں صدی کے ختم ہونے تک "د" نے "ذ" کو پوری طرح بے دخل کر دیا ۔ (۱۴)

ہما را دایرۂ کار چونکہ اصلاً تحریر یا کتابت میں ذال معجمہ کی موجودگی اور بعدہ بتدریج معدومیت پر محدود و مرتکز ہے اس لئے عین اس نکتے کے حوالے سے ایک معروضہ ناگزیر ہے ۔ یعنی یہی کہ کم از کم چھٹی صدی ہجری کے املاء اور خط میں نقطہ‌دار ذال کا وجود ایک ایسی تاریخی حقیقت ہے جو بحث و تمحیص سے واقعتاً بے نیاز ہے ۔ البتہ ایک بے نظیر مخطوطے کا حوالہ بر بنائے احتیاط اور بر سبیل تذکرہ ڈاکٹر محمد نظام‌الدین کے مکتوب سے پیش ہے جس میں پروفیسر ممدوح نے اس علمی انکشاف سے راقم کو مستفید فرمایا کہ :

"کل ہی کتبخانۂ آصفیہ میں 'جوامع الکلم' نسخہ آصفیہ ۱۳۶۹ ابو الفتح قاضی بن ابی جعفر بن احمد الخطاط الاصفہانی کی خود نوشتہ تحریر اور فارسی ترجمہ دیکھنے کا اتفاق ہوا جو سنہ ۵۳۷ھ کا لکھا ہوا ہے ۔ اس میں 'کوذک، بوذ، رسیذ، امیذ کو ذال سے اور در، داشتن، یاد وغیرہ کو دال سے لکھا ہے جو عین وسط صدی ششم کا اصلی رسم‌الخط سمجھا جا سکتا ہے ۔ کاغذ وغیرہ سب چھٹی صدی ہجری کا ہے اور یہ نسخہ مثالی ہے" ۔

تاریخی آثار و شواہد کی رو سے چھٹی صدی کے آگے بھی مہملہ اور

معجمہ الگ الگ لکھنے میں آتے تھے اور ساتویں صدی سے یہ امتیاز اٹھنے لگا تھا۔ اس خصوص میں سب سے پرانی روایت غزالی سے تقریباً سوا سو برس بعد "المعجم فی معاییر اشعار العجم" مصنفہ تقریباً ۶۳۰ھ کی ہے جس کے مطابق ایران میں چند مقامات پر یا علاقوں میں یہ دستور ساتویں صدی ہجری کے شروع میں موجود نہیں تھا :

" ودر زبان اهل غزنین وبلخ ماوراءالنهر ذال معجمه نیست و جمله دالات مهمله در لفظ آرند چنانک گفته اند :

از دور چو بینی مرا بدارے
زخ رخشنده دست عمدا
چون رنگ شراب از پیاله گردد
رنگ رخت از پشت دست پیدا"

صاف واضح ہے کہ ساتویں صدی کے ربع اول تک یہ طریقہ چند (۱۶) اقصائے ایران میں یا تو غیر متعارف رہا یا پھر متروک ہو گیا اور دونوں امکانات ان وقتوں کے کئی ایک خطی نسخوں سے ثابت ہوتے ہیں(۱۷)۔ استاد آربری نے راقم کے استفسار پر لگ بھگ ۶۵۰ھ کو ترک ذال کا زمانہ بتاتے ہوئے ایک مکتوب میں ارشاد کیا :

"There is no dout that the statement of the ذال معجمہ which is made in the کتاب المعجم is amply confirmed by the evidence of existing manuscripts. I have myself noticed that the change in orthographical convention took place during the seventh century A.H."

دانشمند ممدوح نے اپنے باتصویر اور بے مثال تذکرۂ مخطوطات سے چند حوالے بھی تحریر فرمائے جنکی صراحت درج ذیل ہے :

"For Instance, in my " specimens of Arabic and Persian paleography ", ۱۸ plate 25 [۱۹] shows a MS. dated 523 A.H. which has the ذال معجمہ whereas Plate 30 shows a MS. (of part of the same work) dated 730, which does not show this feature. The ذال معجمہ is also shown in Plate 26 ۲۰ (dated 636) but not in plate 27 ۲۱ (dated 697) "

ان قیمتی مثالوں کے بعد پروفیسر آربری نے اس تاثر کا اظہار فرمایا کہ :

"I think there is overwhelming evidence that the change occurred-CA 650 A.H.

اغلب ہے کہ قریب ۶۳۰ھ کی کتاب المعجم کی روایت کی روشنی میں یہ قرار دینا زیادہ قرین صحت ہو گا کہ ۶۵۰ھ ایک نہیں بلکہ اس سے بھی پچاس ایک برس پہلے اس تبدیلی کے آثار ہویدا ہوئے۔ پہلے پہل اور کچھ مدت تک اس دستور کو ٹھیک سے اور پوری طرح چھوڑا نہیں جا سکا تھا لیکن رفتہ رفتہ یہ فرق ترک ہونے لگا اور پھر اس میں بھی وقت لگا جس کے بعد معجمہ اور مہملہ کی علحدہ علحدہ کتابت کا قاعدہ بالآخر ختم ہو گیا۔ قیاس کیا جا سکتا ہے کہ ترک ذال کے اس عمل کی اشاعت اور تکمیل میں کتنا عرصہ درکار ہوا ہو گا اور فارسی زبان وادبیات کی وسیع وعریض سر زمین میں مختلف وقتوں میں الگ الگ علاقوں کے اندر ذال معجمہ کے خاتمہ کے اس رجحان نے فروغ پایا ہو گا۔

علامہ قزوینی نے یہ حکم لگایا کہ آٹھویں صدی ہجری تک ذال اور دال کی کتابت ٹکسالی اصولوں پر ہوا کرتی تھی اور اسی صدی میں غیر معلوم وجوہ سے یہ امتیاز اٹھ گیا :

" و در بلاد فارسی زبان باستثنای بعضی (۲۲) نواحی کہ در متن اشارہ بدان شدہ است تاقرن ششم و ہفتم بل ہشتم ہجری مابین دال و ذال فارسی تمیز میداده و فرق میگذاشتہ اند ہم در تلفظ (ظاہراً) و ہم در کتابت (قطعاً) و در اغلب نسخ فارسی کہ اکنون بدست است و قبل از قرن ہشتم ہجری استنساخ شدہ است ذالهای فارسی عموماً با نقطہ مسطور است، ولی از حدود قرن ہشتم ہجری ببعد بجہات نا معلوم بتدریج این تمیز از میانہ برداشتہ شد و ذالهای معجمہ متدرجاً بدالهای مہملہ مبدل شد (۲۳)

ہمارے سامنے "کیمیائے سعادت" کے ہی ایک نسخے مورخہ ۶۸۴ھ کے عکس (۲۴) ہیں جن میں ذال معجمہ قدیم اصول پر موجود ہے مگر اس کے پانچ برس بعد ۶۸۹ھ کے مخطوطہ "جہان گشا" طبع قزوینی میں اس کا استعمال محدود ہے۔ " گلستان " کے ۶۶۸ھ کے ایک نسخے (سید عبد اللہ تختی نمبر ۷) (۲۵) میں ذال معجمہ کی کتابت ہوئی ہے لیکن " اخلاق ناصری " مورخہ ۶۶۶ھ (تختی نمبر ۱۲) اور ۶۷۷ھ کے قرآن مترجم (تختی نمبر ۱۱ الف) کے مخطوطات میں یہ شامل املا نہیں ہے۔ ایک

اور اچھوتا نمونہ نظامی کی مثنوی ''مخزن الاسرار'' کا ساتویں صدی ؟ والا نسخہ (تختی نمبر ۱۳) ہے جس میں ذال معجمہ کی پابندی کی گئی ہے اور کہیں اس کا اہتمام ہی نہیں کیا گیا ۔ شاید یہ ان وقتوں کا تحریر کردہ ہے جب مہملہ/معجمہ والا دستور ٹوٹنے لگا تھا کیونکہ اس کی کتابت ساتویں صدی کے شروع کے نسخے سے ہی خاصی مماثلت رکھتی ہے ۔ جیسا کہ پروفیسر آربری نے نشان دہی فرمائی ہے۔ حدیقہ سنائی کے ۶۳۷ھ والے مخطوطے (پلیٹ نمبر ۲۶) میں نقطہ دار اور ۶۹۷ھ کے ''ابتداء نامۂ'' سلطان ولد (پلیٹ نمبر ۲۷) میں بغیر نقطہ کتابت ہوئی ہے۔

الغرض ساتویں صدی کے شروع سے یہ امر مشاہدے میں آتا ہے کہ اس عرصے کے نسخوں میں املائی اصولوں میں اختلاف رونما ہونے لگا تھا جس میں معجمہ/مہملہ کا بتدریج کم ہوتا ہوا فرق علانیہ ظاہر ہوتا ہے۔ طرز کتابت کی حد تک اختراعی عمل کی شروعات اس سے بھی دوصدی قبل یعنی قریب قریب خود عہد غزالی تک سے متحقق ہوتی ہے جس پر استاد جلال ہمائی نے اپنی تاریخ ادبیات میں اشارہ فرمایا ہے :

نگفتہ نباشیم کہ ایرانیان ہر چند خط عربی را ابتداً کاملا تقلید کردندولی بالاخرہ تصرفاتی در آن نمودہ طوری مینوشتند کہ باخط معمول میان عرب عیناً مطابقت نداشت ' این است کہ از روی آثار باقیماندہ می بینیم از حدود اوائل قرن پنجم ہجری کم کم درسیمای خط فارسی علایم «خط تعلیق » نمودار میگرد د وپیداست کہ میخواهد مقدمہ پیدایش خط جدیدی درمیان ایرانیان فراهم شود وبالاخرہ در اواخرقرن ششم ہجری خط تعلیق انتشار می یابد و مبدأ ظہورش بلا شک قبل ازاین تاریخ بودہ است سپس « میر علی تبریزی » علی المعروف در قرن ہفتم ہجری ازخط تعلیق خط معروف نستعلیق را اختراع کرد (۲۶)۔

آہستہ آہستہ فارسی املا کے اپنے اختلافات نمایاں ہونے لگے اور سو برس آگے پتہ چلا کہ کتابت کی دوسری بڑی خصوصیات کے جلو میں دال/ذال کا امتیاز ترک کرنے کا رجحان اس اثنا میں پختہ ہوتا جا رہا تھا نہ کہ آٹھویں صدی میں یہ فرق مٹنا شروع ہوا جیسا کہ علامہ قزوینی کا

خیال ہے۔

پروفیسر نذیر احمد نے دو مخطوطات کی املائی خصوصیتوں کی اساس پر اس فرق کے خاتمے کو کافی سے زیادہ بعد کے زمانے تک طول دے دیا ہے۔ ڈاکٹر صاحب نے خاکسار کو اپنی ایک بیش بہاء علمی دریافت سے مستفیض کرتے ہوئے اپنے خط مورخہ ۲۷ نومبر ۱۹۶۲ء میں جو کچھ ارشاد کیا اس کی تفصیل میں عین انھی شواہد سے مزید استناد کے ساتھ بعد کے ایک مقالہ میں تحریر فرمایا ہے:

"طرز املا و تاریخ خط سے واقفیت: متن کی تحقیق و تصحیح میں نسخوں کی قدامت کا تعین نہایت اہم مسئلہ ہے اور جب تک طرز خط واملا سے واقفیت نہ ہو، یہ مسئلہ خطر خواہ طور پر حل نہیں ہو سکتا۔ ایسے مخطوطے جن پر تاریخ کتابت درج اور وہ ہر طرح کے شک وشبہ سے پاک ہوں، بہت محدود ہوتے ہیں۔ بغیر تاریخ اور مشکوک نسخوں کے بارے میں کوئی رائے اس وقت تک قائم نہیں کی جا سکتی جب تک مختلف دور میں املا اور خط کا جو طرز رائج تھا، اس سے کماحقہ شناسائی نہ ہو۔

یہ بات عام طور پر معلوم ہے کہ فارسی میں دال اور ذال دو الگ حرف نہیں بلکہ آوازیں تھیں جو حسب ضرورت بدلا کرتی تھیں۔ اگر دال کے پہلے حرف متحرک ہے تو دال نہیں ذال ہے اور اگر حرف ساکن (سوای و، الف، ی) ہے تو دال ہے۔ اس اعتبار سے آیذ، شوذ، روذ، بوذ، وغیرہ میں ذال ہے، دال اور ذال کا یہ فرق نویں صدی کے آخر تک برتا جاتا گو اس پر عمل کی سختی نویں صدی کی ابتدا سے کچھ کم ہونے لگی تھی"۔ (۲۷)

اس بارہ میں عرض یہ ہے کہ المعجم کی روایت بقول پروفیسر آربری اس کی معاصر کتابت کی متعدد مثالوں کی بناء پر تاریخی سند کی حیثیت رکھتی ہے، یعنی یہ کہ ابتدائی ساتویں صدی تک ہی دال اور ذال کا فرق برخاست ہونے لگا تھا۔ قبل ازیں مذکورہ چند مخطوطات کی تصاویر سے بغور استفادے پر ہم کو اس کلیہ کو تسلیم کرنے میں تامل محسوس ہو رہا ہے کہ ساتویں صدی کے اخیر کے املاء میں معجمہ/مہملہ کا امتیاز بہمہ وجوہ باقی تھا۔

دیگر پختہ اور موثق شہادتوں کی موجودگی میں یہ بھی باور نہیں آتا کہ یہ طریقہ آئندہ چند صدیوں تک رایج رہا حتی کہ نویں صدی میں ختم ہو گیا ۔

یہاں ہم بطور احتیاط کچھ مزید نمونوں کے نام لیں گے مثلاً ''کیمیائے سعادت'' کے احمد آرام ایڈیشن کا آٹھویں صدی کا نسخہ جس میں مطبوعہ فوٹو کے مطابق ذال معجمہ لکھا ہی نہیں گیا اور یہی بات اس کے ہم عصر مخطوطات میں پائی جاتی ہے۔ جیسے آربری پلیٹ نمبر ۳۰ مورخہ ۷۳۰ھ اور سید عبداللہ تختی نمبر ۱۴ مورخہ ۷۵۹ھ نیز جہاں گشا کے متاخر نسخے ۔ عہد غزالی یعنی پانچویں صدی کی کتابت کی اور بہت سی خاصیتیں بھی جو اندریں اثناء رفتہ رفتہ مفقود بلکہ معدوم ہو چکی تھیں، آٹھویں صدی کے املاء میں شاذونادر ہی ملیں گی۔

زیر مطالعہ نسخہ بانکی پور پر نتیجہ خیز گفتگو کے لئے اور جاریہ بحث کے تسلسل میں یہ سوال بھی مساوی طور پر اہم ہے کہ ذال معجمہ اور دال مہملہ کے امتیاز کا باقاعدہ اور بالکلیہ خاتمہ آخر کس صدی یا اس کے کس ربع یا نصف حصے میں قرار دینا قرین حقیقت ہوگا ۔

گذشتہ معروضات سے عیاں ہے کہ یہ ضابطہ طویل مدت تک مستعمل رہا ہے۔ جس کے نتیجے میں اس کے اختتام کا زمانہ بھی مختصر عرصہ تک جاری نہیں رہا ہے ۔ کتاب المعجم کی روایت کی روشنی میں اس امتیاز کے ترک کی پہل ساتویں صدی کے آغاز سے ہوئی اور بقول علامہ قزوینی آٹھویں صدی کے دوران یہ طریقہ مٹ گیا تھا ۔ آٹھویں صدی کا ایسا مخطوطہ شاذ و نادر ہی ملتا ہے جس میں کاتب نے مہملہ اور معجمہ کو علاحدہ علاحدہ لکھا ہو اور وہ بھی محض جستہ جستہ ۔ نسخوں کی دیگر قدیم خصوصیتوں کے برخاست ہونے کے پہلو بہ پہلو نئی تبدیلیاں واقع ہونے لگیں جن کے باعث رفتہ رفتہ املاء کے سابقہ طریقے طاق نسیاں کی نذر ہو گئے ۔ ظاہر ہے کہ کتابت کے پرانے لوازم بیک جنبش قلم متروک نہیں ہو گئے بلکہ اس عمل میں وقت لگا اور مختلف مقامات پر بتدریج ان تبدیلیوں کی اشاعت اور مقبولیت عمل میں آئی حتی کہ دو ڈھائی سو سال کی مدت میں دال و ذال کے فرق کے ساتھ دوسرے امتیازات ختم ہوئے ۔

ملک الشعرا بہار نے املائی خصوصیات کی مختلف العہد تبدیلیوں کے اجمالی جائزے میں '' سبک شناسی '' جلد ۳ کے باب '' گفتار سوم از قرن دہم تا سیزدہم " کے ذیلی عنوان : " اصلاح خط درین عہد" کے تحت صفحہ ۳۰۶ و ۳۰۷ میں جو صراحت کی ہے وہ یقیناً افادیت کی حامل ہے۔ برٹش میوزیم کے ممتاز و معزز ماہر مخطوطات جی میریڈیتھ اوونس نے اپنے خط مورخہ جولائی ۱۹۲۳ء میں مجھے خصوصیت سے رہبری فرمائی اور اسی مناسبت سے علامہ بہار کی یہ مختصر توضیح منقول ذیل ہے :

اصلاح خط درین عهد

" از عہد تیموری خط نستعلیق روی بزیبائی نہاد ۔ میر علی تبریزی ۔ سلطان محمد مشہدی ۔ میر علی ہروی ۔ سلطان علی هر کدام تصرفات و اصلاحاتی در این خط بکار بردند ۔ اما رسم الخط بقرار سابق بود چنین کہ :

پ	—	بصورت	: ب
چ	—	"	ج
د	—	"	د ـ ذ
ژ	—	"	ز
کہ	—	"	کی
چہ	—	"	چی
نہ	—	"	نمـنی
بہ	—	"	بسیار قدیم ـ بی ـ بہ

نوشتہ می شد و تا عہد شاهرخ این رسم الحط دیدہ میشود ۔ وگاہ نیز کتبی در قرن ششم و هفتم دیدہ شد کہ «کہ» و «ذال بی نقطہ» و «پ» سہ نقطہ در آنہا نوشتہ شدہ است ۔ لیکن غلبہ با رسم الخط بالا بودہ است ۔ ولی در عہد صفویہ خوشنویسانی مانند ملا علی رضا تبریزی کتابدار شاہ عباس اول و میر عماد قزوینی معاصر شاہ عباس پیدا شدند و رسم الخط راهم از حیث صورت تغییر دادند وهم از حیث حروف، و رسم امروز از انروز باقی است ۔ پ وچ وژسہ نقطہ و ذال بی نقطہ و کہ وچہ و یہ و نہ، بہاء غیر ملفوظ یا متصل بفعل بعد رسم شدہ برای کاف پارسی هم علاماتی

وضع شد کہ بعضی آنرا رعایت میکردند "۔

ان تمام شواہد سے جو کچھ مترشح ہوتا ہے اس کا تازہ بتازہ اور صحیح صحیح اندازہ اوایل دسویں صدی کے ایک خطی نسخے سے ممکن ہو سکا ہے کہ اس طرح کے عناصر اس وقت پوری طرح ٹکسال باہر ہو چکے تھے ۔ مخدومی پروفیسر نذیر احمد سابق صدر شعبۂ ادبیات فارسی مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کے سر اس غایت درجہ اہم علمی اکتشاف کا سہرا ہے جنھوں نے سب سے پہلے اس حقیر کو اپنی فاضلانہ دریافت سے فیض یابی کا موقع اپنے خط میں عطا کیا ۔ ڈاکٹر صاحب ممدوح نے تحریر فرمایا :

" حال ہی میں جامی کے ایک چھوٹے معاصر کی تحریر دیکھنے میں آئی ۔ اس نے لکھا ہے کہ اب(۹۲۵ھ) دال اور ذال کے امتیاز کا قاعدہ منسوخ ہو گیا ہے ۔ اس سے یہ نتیجہ نکلا کہ نویں صدی کے آخر تک یہ قاعدہ متداول اور اس پر عمل ہوتا تھا"۔ (راقم سطور قبلاً عرض کر چکا ہے کہ آٹھویں صدی کے نسخوں سے اس طرز املا کا باقی رہنا ثابت نہیں ہوتا ہے ۔) بعد ازاں فائق موصوف نے اپنے مقالے میں کچھ اور نکات مفصل طور پر بیان فرمائے ۔

" دال اور ذال کا یہ فرق نویں صدی کے آخر تک برتا جاتا رہا گو اس پر عمل کی سختی نویں صدی کی ابتدا سے کچھ کم ہونے لگی تھی ۔ رفتہ رفتہ دسویں صدی کے پہلے ربع سے یہ قاعدہ منسوخ ہو چکا ہے " (۲۸) ۔

مقالے میں اس مقام پر حاشیے میں پروفیسر نذیر احمد نے یہ اضافہ فرمایا ہے :

" عطاء اللہ بن محمود حسینی نے اپنے ایک قدیمی رسالے (۲۹) تکمیل الصناعۃ (تالیف قبل ۹۰۳ھ) کے مقطع (خاتمہ) پر مبنی ایک رسالہ میں جو ۹۲۵ھ میں مکمل ہوا لکھا ہے : " امادریں شہر اکثر ذالہای معجمہ را بدال مہملہ میگویندو متعارف شدہ قاعدۂ مذکور منسوخ شد ۔"(۳۰)

منقولہ اقتباس سے اس تاثر پر بھی مہر تصدیق ثبت ہوتی ہے کہ ذال معجمہ کے ترک کی تحریک الگ الگ علاقوں اور مقامات میں علحدہ

عرصے میں پھیلی اور کامیاب ہوئی ۔ المعجم مصنفہ ۶۳۰ھ سے اس تاثر کی اولین سند پیش کی جا چکی ہے ۔

دال مہملہ اور ذال اعجام کے فرق و امتیاز کے زمانی تعین کی تحقیق و تصدیق کے ساتھ ہی یہ جاننا بھی خالی از دلچسپی نہ ہو گا کہ اصل فارسی ذال آج تک چند ایک مصادر (از قسم گذشتن ' گذاشتن ' پذیرفتن) اور لغات (آذر، تذرو)-میں اپنا وجود برقرار رکھے ہوئے ہے ۔ علامہ بہار کی تصریحات کی رو سے :

و نیز چند صوت ازاصوات اوستائی است کہ در خط امروزی مانیست ولی خود آن صداها در زبان فارسی دری بوده و بعضی از آنها هنوز هم هست ' اما خط ما برای آنها شکل یا صوت معینی نداردمثل واو و یاء مجهول و «انگ» و ذال معجمہ ۰ ۰ ۰ ۳۱

اغلب یہی ہے کہ اس ذال کا فارسی الفاظ کے معرب روپوں کی ذال معجمہ (جیسے آمد/آمذ ' آیذ) سے کوئی تعلق نہیں ہے اور اس کی موجودگی کی وجہ ایرانی زبان اور تحریر سے اس کا قدیمی رشتہ ہے ۔

ذال معجمہ اور دال مہملہ کے املائی فرق کے خاتمے کے ابتدائی عرصے سے متعلقہ معروضات میں ہم نے حاشیے میں اشارہ کیا ہے کہ علامہ قزوینی کتاب المعجم کے بیان کردہ شہروں میں اس امتیاز کی اشاعت کے ہی قایل نہ تھے ۔ انھوں نے جہاں گشا کے قدیم ترین مخطوطہ موخہ ۶۸۹ھ کو ملاحظہ کر کے یہ رائے قائم کی تھی کہ سارے ایرانی علاقوں میں ذال معجمہ کو اختیار ہی نہیں کیا گیا تھا اور یہ کہ صاحب المعجم نے جن علاقوں کا نام لیا وہاں یہ فرق سرے سے موجود نہ تھا :

" باوجود توغل این نسخه درقدم (سنه ۶۸۹) ذالهای فارسی را که در اغلب نسخ معاصره ومتاخره از این تاریخ از جهانگشای وغیر آن الی حدود سنه ۸۰۰ هجری همه جا ذال با نقطه مسطور است در این نسخه غالباً (باستثای قلیلی مثل جذا و کوذک و پذر ونیافرید و نحو ذلک) ذال بی نقطه مطابق تلفظ کنونی ایران نوشته شده است ' واز اینجا

میتوان استنباط نمود که معجم خواندن و نوشتن ذالهای فارسی در جمیع بلاد فارسی زبان تعمیم نداشته است و ظاهراً این نسخه در یکی از نواحی نوشته شده که حتی در آن عصر نیز غالب ذالهای معجمه فارسی رامانند کنون دال مهمله میخوانده ومی نوشته اند و مؤید این احتمال یعنی اینکه اغجام ذال فارسی در آن عصر در جمیع نواحی فارسی زبان تعمیم نداشته آنست که شمس الدین محمد ابن قیس الرازی در کتاب المعجم فی معاییر اشعار المعجم که در حدود ۶۳۰ھ تالیف شده گوید ---" (۳۲) -

دراصل علامہ قزوینی نے محولہ ملاحظات میں ذال اور دال کے قاعدے کے ترک پرکوئی بحث نہیں فرمائی بلکہ شمس رازی کے قول کا یہ مطلب اخذ فرمایا ہے - مصنف ''المعجم'' کا منشاء یہ بھی ہو سکتا تھا کہ بقول قزوینی ان مقامات میں دال/ذال والا اصول پہنچا ہی نہیں ' لیکن دوسری طرف کتاب کے ہم عصر کئی ایک خطی نسخوں میں یہ پورے التزام سے برتا ہی نہیں گیا۔ اس لئے اغلب تو یہی ہے کہ صاحب "المعجم" کا مطلب اس فرق کے رایج الوقت املا کے ختم ہوتے جانے سے تھا نہ کہ ان علاقوں میں سرے سے پائے ہی نہ جانے سے۔ ساتویں صدی ہجری کے آغاز سے لے کر خاتمہ تک کے نسخوں میں اس امتیاز کے تدریجاً کم ہوتے جانے سے یہی ظاہر ہوتا ہے کہ سب علاقوں میں یہ طرز پھیلا ہوا تھا۔ کتابت کی دوسری خصوصیتیں باور کراتی ہیں کہ عربی سے مستعار اس رسم الخط کے مشترکہ عناصر میں بتدریج افزوں تر ہونے والی تبدیلیاں تھوڑے بہت زمانی فرق کے ساتھ ملک گیر اشاعت پاتی تھیں اور اس میں چنداں تعجب کا محل نہیں - چنانچہ مثلاً ذال معجمہ اور دال مہملہ کے امتیاز نیز اس کے ترک کے رجحانات یک وقت زمانی فصل کے بھی حامل تھے اور مکانی فرق کے بھی -

دونوں میں سے کسی ایک فرق کو صرف نظر کر دینے یا کسی ایک پر بحث و نظر کا کلیہ دار و مدار رکھنے کے ہی نتیجے میں اشکال پیدا ہوتا

ہے جو واقعاتی بہت کم اور بڑی حد تک نظریاتی ہوا کرتا ہے۔ زمانی فصل اور مکانی فرق کے امکانات و اثرات کو ذہن نشین رکھا جائے تو ایک واضح نتیجے تک پہنچنا بالکل آسان اور حقایق کے قریب تر ہو جاتا ہے۔ اصل میں کسی ایک کی نظر اندازی لازمی نتیجہ ہے اس عدم اعتناء کا جو قدیم مصنفین کی مکانی وابستگیوں کی دریافت و تدقیق کے تئیں ہمارے تحقیقاتی مزاج ومنہاج کا طویل عرصے سے خاصہ رہا ہے ۔ شخصیات اور تصانیف کے زمانہ ہائے وجود و تخلیق کے تعین کی طرح ایسے خالصتہ تکنیکی امور کی حد تک مکانی تعین ایک ناگزیر امر ہے جس پر عدم توجہی کے سبب اس نوع کے فنی پہلوؤں میں بحث ونظر کا انحصار و ارتکاز لازماً فانی توجہات پر ہو جاتا ہے اور یہیں سے نظری اور تشخیصی اشکال کی ابتدا ہوتی ہے ۔

اس مقطع میں آ پڑی ہے سخن گستراند بات قسم کے جملہ معترضہ کے بعد راقم اپنی حقیر تلاش و تدقیق کے نفس موضوع یعنی ''کیمبائرِ سعادت'' کے مخطوطۂ بانکی پور کی حقیقت و اصلیت کے تعین کی جانب رجوع کرتا ہے ۔

معاصر افاضل کے افادات عالیہ

غزالی کے قریب ترین عرصے یعنی پانچویں/چھٹی صدیوں میں فارسی املا کے جو نمایاں اور اہم عناصر رہے وہ زیر مطالعہ نسخہ خدا بخش میر سرے سے مفقود بلکہ معدوم ہیں ۔ ذال اور دال کی روایتی تفریق ہی نہیں قریب قریب ساری ایسی خصوصیات اس میں بالکلیہ موجود نہیں جو چند بعد کی صدیوں تک رایج رہیں۔ نتیجۃً پورے اعتماد سے عرض کیا جا سکتا ہے کہ اس مخطوطے کو عہد غزالی کے خط اور املا سے مطلقاً کوئی نسبت نہیں ہے ۔ خاکسار کا یہ بھی اندازہ ہے کہ فارسی رسم الخط کی روایتی خصوصیتوں کی عدم موجودگی اور تبدیل شدہ املاء کے اثرات کی رو سے اس قلمی نسخے کو آٹھویں صدی سے زیادہ قدیم نہیں قرار دیا جا سکتا ۔

اس بارے میں بین الاقوامی سطح پر معزز و محترم علمائے ایرانیات کے گراں مایہ و گراں قدر خطوط سے استناد کی احتیاج یقیناً ہے جن سے راقم نے اکتسابِ ہنر کی سعادت حاصل کی ہے ۔ جس کیلئے راقم ممنون ہے ۔

اولاً دوران مطالعہ پٹنہ میں ہی قیام فرما دو نامور بزرگ محققوں کے افادات ملاحظہ فرمائے جائیں یعنی قاضی عبدالودود صاحب اور پروفیسر سید حسن صاحب ناظم اعلیٰ ادارۂ تحقیقات عربی و فارسی کہ دونوں حضرات نے ''کیمیائے سعادت'' کے متعلقہ نسخے کو بطور خاص ایک سے زاید بار ملاحظہ فرمایا اور دیگر قلیم مخطوطات سے اس کے تقابلی تجزیے کی زحمت بھی فرمائی۔

قاضی عبد الودود نے اپنے اولین خط مورخہ ۳۰ جنوری ۱۹۶۲ء میں یہ ارشاد کرتے ہوئے کہ "کیمیائے سعادت کے اس نسخے کو جس کے بارے میں آپ نے دریافت کیا ہے میں نے پھر دیکھا'' تحریر فرمایا کہ ''ایک امر اس کے باور کرنے سے مانع ہے کہ کتاب اس عہد کی لکھی ہوئی ہے۔ اور وہ یہ کہ بود، نمود، شاد، شد وغیرہ سے الفاظ اس میں دال بے نقطہ سے ہیں حالانکہ عہد غزالی میں بلکہ اس سے آگے تک بھی ذال نقطہ دار سے لکھے جاتے ہیں"۔ دوسرے مکتوب میں آپ نے مضمع فرمایا: ''میں نے کیمیائے سعادت کے اس نسخے کو دوبارہ دیکھا۔ کاغذ کے بارے میں میں اتنا علم نہیں رکھتا کہ یہ کہہ سکوں کس زمانے کا ہے۔ لیکن اس میں باد، بود، شد، شاد وغیرہ کی قبیل کے الفاظ میں دال پر نقطہ نہیں اور غزالی کے زمانے میں دال نہیں ذال لکھتے تھے اور جیسا قروینی کا خیال ہے نظر بظاہر تلفظ بھی اسی طرح کیا کرتے تھے''۔ احتیاطاً مزید معاینہ و مقابلہ کی گزارش پر قاضی عبد الودود نے اسے غیر ضروری قرار دیا۔ (مکتوب سوم)۔

مخدومی پروفیسر سید حسن صاحب نے بھی گہری نظر سے ملاحظہ کر کے اس کی تفصیل اپنے خط میں فرمائی اور یہ نتیجہ اخذ فرمایا کہ: یہ مخطوطہ کسی طرح مصنف کے ہاتھ کا لکھا ہوا نہیں ہے کیوں کہ اس کا انداز تحریر اس امر کی شہادت نہیں دیتا۔ یہ مخطوطہ میرے خیال کے مطابق نویں صدی ہجری کا لکھا ہوا ہے۔ اگر خود مولف کے ید مبارک کا لکھا ہوتا تو اس کا انداز جداگانہ ہوتا۔ سب سے بڑا ثبوت یہ ہے کہ اس میں ذال فارسی کا کہیں وجود نہیں اگر مخطوطہ قدیم ہوتا تو یہ بات

لازمی ہوتی۔ میں نے ساتویں صدی ہجری کے ایک مخطوطہ سے اس کا مقابلہ کر کے دیکھا تو یہ فرق نمایاں ہو گیا۔ نویں صدی ہجری کے مخطوطے سے بھی مقابلہ کیا تو مشابہت نظر آئی " راقم کا التماس تھا کہ ممدوح ایک بار مزید اس نسخے پر نگاہ فرماتے لیکن آپ کا ارشاد تھا کہ دو مرتبہ بڑی خصوصیت سے آپ نے اس کو ملاحظہ فرما لیا تھا۔ (مکتوب دوم)

اوز اب ہندوستان سے لے کر انگلستان تک کے اکابر ماہرین فن کے ملاحظات کے اہم اہم اجزاء اقتباس کیے جاتے ہیں جن کی خدمات اقدس میں مخطوطے کی تصاویر حاضر کر کے ان کے فرمودات کو مشعل راہ بنایا گیا ۔ ان بزرگ محققوں میں اساتذۂ جامعات کے علاوہ ایران اور ترکی کے علماء و فضلا اور فارسی مخطوطات کے پارکھ مستشرق حضرات شامل ہیں ۔

پروفیسر نذیر احمد صاحب نے گرامی نامہ مورخہ ۲۷ نومبر ۱۹۶۲ء میں اس مخطوطے پر ۵۰۷ھ اور ۶۶۸ھ نیز ۸۵۸ھ کے نسخوں کی روشنی میں پائے گئے فارسی کتابت کہ ارتقاء پذیر عناصر کے حوالے سے یہ تبصرہ فرمایا : ان میں سے ایک بھی خصوصیت ' کیمیائے سعادت ' نسخہ بانکی پور میں موجود نہیں ہے ۔ نسخۂ بانکی پور دسویں صدی کے اوسط سے لے کر گیارہویں صدی کے اوایل کے درمیان کا ہو گا اس سے قبل کا نہیں ہو سکتا۔ اگر بہت کچھ حجتی کی جائے تو اوایل دسویں صدی تک لایا جا سکتا ہے '' ازاں بعد اپنے مقالے میں ڈاکٹر صاحب نے مخطوطہ بانکی پور کے تذکرے کے ساتھ یہ تاثر سپرد قلم فرمایا :

" حال ہی میں '' کیمیای سعادت '' کے نسخہ بانکی پور کے عکس کے دیکھنے کا اتفاق ہوا، اس کے متعلق دعوی کیا گیا ہے ہے کہ وہ امام غزالی کے ہاتھ کا مخطوط ہے ' لیکن اس عکس کے بغور مطالعہ کے بعد یہ بات معلوم ہوئی کہ نسخہ اوائل یا زدہم (صدی) ہجری یا اواخر دہم (صدی) ہجری سے قبل کا نہیں ہو سکتا، اس بنا پر کہ اس میں دال اور ذال کا وہ فرق جو قدیم نسخوں کا املائی خاصا تھا، ایک جگہ بھی برقرار نہیں رکھا جا سکا ہے۔ یہی حال دوسری قدیم املائی خصوصیات کا ہے۔ ایسی حالت میں اس کو پانچویں صدی ہجری یعنی

امام غزالی کی حیات کا سمجھنا حقیقت کے سراسر خلاف ہے۔ گویا طرز املا سے ناشناسائی کی بناء پر پانچسو سال کے قدیم زمانی کا دھوکا ہو سکتا ہے۔(۳۲)

پروفیسر اے جے آربری نے ازرہ لطف وعنایت مفصل طور پر مستفید کرتے ہوئے نوازش نامہ مورخہ ۲۵ مارچ ۱۹۶۳ء میں ارشاد کیا :

" My impression is that the attribution of parts of the Ms. to Ghazali himself is mistaken ".

راقم کے استفاد پر خایق مستشرق مکتوب مورخہ ۱۹ اپریل ۱۹۶۳ء میں اپنے عکسی تذکرہ نسخ سے مزید تصریحات کے علاوہ ایک اور مخطوطے کے حوالے سے وضاحت کرتے ہوئے فرمایا :

"I would not be willing at the present time to estimate the date of the Bankipore Ms. more precisely than later than 650 A.H. "

جناب جی میریڈیتھ اوومینس سربراہ شعبہ مطوعات و مخطوطات شرقیہ برٹش میوزیم (حال برٹش لایبریری) نے نسخے کی تصویروں پر اظہار تاثر کرتے ہوئے تلطف نامہ مورخہ ۱۱ جنوری ۱۹۶۳ء میں ارشاد کیا :

" To my mind it looks as if it is more likely to be of the VIII/ XIV Century. I doubt whether could be as early as the beginning of the XIIth Century, judging by the writing. My assessment of the date would be XIVth Centrury A.D. "

خاکسار کے اصرار پر فاضل ہنر شناس نے اپنی تفصیلی رائے سے ایک بار مزید سرفراز فرمایا (مکتوب مورخہ ۱۵ جولائی ۱۹۶۳ء) ۔

پروفیسر احمد آتش ناظم اعلی ادارہ شرقیات جامعہ استانبول کے وقیع و موقر اظہارات کی رو سے نسخہ بانکی پور کے اولین اوراق کا قلم نویں اور دسویں صدی کے خطۂ شیراز کے متداول طرز کتابت سے مطابقت رکھتا ہے (مکتوب مورخہ ۲۷ جون ۱۹۶۴ء) :

"The attribution that Part of the said manuscript is in Imam's handwriting seems impossible to me. The handwriting looks more like that of a calligraphist than of a scholar ".

شادروان استاد مجتبی مینوی کا بھی فرمودہ باعتبار نتایج کسی طرح مختلف نہیں ہے ' ملاحظہ ہو نامہ التفات مورخہ ۷ مارچ ۱۹۶۵ء :

" Pages 61 and 62 cannot possibly be the handwriting of Al-Ghazali. They are penned, most probably by a professional calligrapher and copyist of the 8th Century of Hijra, i.e. some two hundred years after the death of the Imam. This is merely from the style of writing I can observe in the photographs ".

پروفیسر جی-ایم-وکنس (G.M.Wickens) سابق صدر شعبہ اسلامی مطالعات جامعہ ٹارنٹو کا یہ تاثر رہا ہے کہ چند امور کی بناء پر غزالی کے خود نوشت نسخے کا اتنا طویل عرصہ باقی رہجانا ایک مشتبہ امر ہے۔ ہم دانش گاہ مذکور کے اسی شعبے کے استاد اور ایک اور ثقہ و معتبر مستشرق ڈاکٹر آر ایم-سیوری (حلیہ متعینہ ٹرینٹی کالج ٹارنٹو) کے ممنون ہیں کہ ڈاکٹر سیوری نے پروفیسر جی-ایم-وکنس کی رائے عالی سے مستفید فرمایا۔ پروفیسر سیوری نے اپنے نامہ ۳۵ میں یہ ارشاد کیا :

ProfessorWickens is inclined to doubt that the manuscript is an autograph of the author. He says that it is commonly accepted that Al-Ghazall dictated virtually everything.

ڈاکٹر آر ۔ ایم ۔ سیوری کے بقول مستشرق ممدوح پروفیسر وکنس کا فرمانا رہا ہے کہ :

Kimiya-yi sa'adat is a very popular work, and it is axiomatic that popular works do not srvive–Precisely because they are popular and consequently fall to pieces quickly as the result of much handiling.

An obvious example is the " Gulistan " of Sa'adi, of which no early Mss. exist.

اس کے بعد جب چند اوراق کی تصویریں پروفیسر وکنس کے ملاحظات کے لئے ارسال کی گئیں تو فاضل موصوف نے عنایت نامہ مورخہ ۳ نومبر ۱۹۶۴ء میں حتمی مشاہدے کے طور پر صرف اسی فرمودے پر اکتفا کیا :

I regret that I feel unable to add anything to earlier comments I have made.

مرحوم و مغفور ڈاکٹر محمد عبداللہ چغتائی کے خیالات بھی جو انھوں نے مخطوطے کے عکسی اوراق کہ ملاحظہ فرما کر راقم کو تحریر فرمائے باعتبار نتایج مجموعی تاثر سے چنداں مختلف نہیں ہیں جیسا کہ چغتائی صاحب کے خطوط سے بخوبی ظاہر ہے ۔

امید کی جا سکتی ہے کہ عہد حاضر کے مردم ثقاۃ کے ماہرانہ تبصرے ان اہل الرائے علماء کی جانب خاص سے مخطوطہ بانکی پور کی حقیقت و اصلیت کو مستقلاً طے کرنے کے لئے کافی و شافی ثابت ہو سکیں گے ۔

حواشی

۱۔ مولوی عبدالمقتدر خان : خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری کے عربی فارسی مخطوطات کا کیٹلاگ ۔ ملاحظہ ہو جلد ۱۶ ص ۶ کے محولہ بالا اور دیگر متعلقہ اندراجات

۲ ۔ میر زاھد عہد اورنگ زیب میں ہی گزرے ہیں، تذکروں کی رو سے اپنے وقتوں میں علوم معقولات کے معروف محقق ہوئے ہیں۔

۳ ۔ پروفیسر جلال ھمائی : " غزالی نامہ " تہران ۱۳۱۸ش ص ۲۸۸ جن کے مؤید صاحبِ '' سبک شناسی '' ملک الشعراء بہار اور مصحح '' کیمیائے سعادت '' استاد احمد آرام ہیں ۔ تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو راقم کا مقالہ مندرجہ " معارف مئی ۱۹۶۲ء بعنوان "کیمیائے سعادت کا ادبی مقام و مرتبہ ص ۳۸۸۔

۴ ۔ خاکسار کے معلم اول اور دانش‌مند فقید ڈاکٹر محمد عبد المنان سابق ریڈر شعبہ فارسی جامعہ عثمانیہ، نیز حیدرآباد کے متعدد افاضل مثالاً

پروفیسر زقاری سید کلیم اللہ حسینی و غلام دستگیر رشید اور سید مبارزالدین رفعت صاحبان نیز ڈاکٹر رضیہ اکبر حسن و شریف النساء بیگم ڈاکٹر محمد نظام الدین مرحوم و مغفور کے نہایت درجہ عزیز و ارشد شاگرد رہ چکے ہیں

۵ - میرزا محمد بن عبدالوہاب قزوینی : مقدمۂ مصحح '' تاریخ جہاں گشای" جوینی ، : ج ۱ ص صد حاشیہ ۲ -

۶ - (ا) براون اور قزوینی کی مصححہ قدیم فارسی تصانیف کے مقدمات جو قزوینی نے تحریر کئے خصوصاً جوینی کی '' تاریخ جہاں گشا '' کا مقدمۂ قزوینی جس کا مقام و مرتبہ زیر مطالعہ مبحث کے خاص حوالے سے ہی نہیں بلکہ مستقل بالذات طور پر اعلی درجے کے تحقیقی شہ پاروں کے برابر ہے -

(ب) ملک الشعرا میرزا محمد تقی بہار کی '' سبک شناسی '' کی مجلدات مطبوعہ ۱۳۳۷ کے من جملہ تیسری جلد کا باب " گفتار سوم :

(ج) ڈاکٹر عبد الستار صدیقی کا مقالہ " ذال معجمہ فارسی میں" مطبوعہ " ارمغان علمی پروفیسر محمد شفیع " لاہور ۱۹۵۵ء -

(د) ڈاکٹر نذیر احمد کا مقالہ مشمولہ '' نقوش '' مارچ ۱۹۶۳ء -

(ھ) پروفیسر سید عبداللہ کا مقالہ مندرجہ '' نذر رحمن '' لاہور -

ان تمام فایق معاصرین کے مکاتیب گرامی جنھیں اس مخطوطے پر فاضلانہ اظہار تاثر کے لئے زحمت دی گئی میرے پاس موجود ہیں علی الخصوص ملاحظہ ہوں مکتوبات پروفیسر آربری، ڈاکٹر نذیر احمد۔

بہت سے پرانے قلمی نسخوں کی تصویریں اور عکسی نقول جو

(الف) قدیمی مخطوطات کے براؤن اور قزوینی کے مرتب و مہذب ایڈیشنوں میں

(ب) آربری کے مصور مجموعۂ مخطوطات عربی و فارسی مخزونہ انڈیا آفس میں

(ج) ڈاکٹر سید محمد عبداللہ کے '' نذر رحمن '' والے مقالے کے ساتھ

(د) '' کیمیائے سعادت '' کے احمد آرام ایڈیشن میں

شریک اشاعت کی گئی ہیں ۔ علاوہ ازیں :

(ہ) ایران کے کتاب خانہ مجلس شورائے ملی تہران میں "کیمیائے سعادت" کے قدیم ترین محفوظ نسخے مورخہ ۶۸۴ھ کی تصویریں جو احمد آرام ایڈیشن کے ناشر آقائے صبوحی نے مرحمت کیں ۔ "کیمیائے سعادت" کے مخطوطات کی راقم کی مرتبہ فہرس میں یہ سب سے بعد میں واقع ہوا ہے ۔ کتاب کے سب سے اولین دو نسخے (Chester Beatty) ذخیرے اور پشاور یونیورسٹی میں موجود ہیں جو بالترتیب پروفیسر آربری اور ڈاکٹر عبداللہ چغتائی مرحومین کے ارشادات کے مطابق قریب ۶۰۰ھ اور ۶۰۲ھ کے کتابت کئے ہوئے ہیں ۔ ان اطلاعات کی تفصیل متعلقہ عنایت ناموں میں ملاحظہ کی جائے ۔

۷ ۔ جلال ہمائی : تاریخ ادبیات ایران جلد اول و دوم تہران ۱۳۴۰ش۔ باب " تاریخ خط عربی "جزو" تحریک و اعجام در خط عربی" ص ۵۳۰۔

۸ ۔ قزوینی : دیباچہ جہاں گشا ص فخ حاشیہ ۱۔

۹ ۔ ڈاکٹر عبدالستار صدیقی : '' ذال معجمہ فارسی میں '' مطبوعہ '' ارمغان علمی مولوی محمد شفیع '' لاہور ۱۹۵۵ء ۔ بعد کی تحقیق و تدقیق کے لیے ملاحظہ ہو :

(الف) مولوی سلیم جعفر '' فارسی میں ذال معجمہ '' مطبوعہ '' نیا دور '' کراچی شمارہ ۷، ۸، ۱۹۵۶ء ۔

(ب) ڈاکٹر شوکت سبزواری : '' ذال معجمہ فارسی میں '' در '' غالب : فکروفن '' کراچی ۱۹۶۱ء ۔

(ج) سید قدرت نقوی : '' غالب اور ذال معجم '' در '' صحیفہ '' لاہور ، غالب نمبر ۱ ۔ جنوری ۱۹۶۹ء ۔

ڈاکٹر عبدالستار صدیقی کی تحقیقات فایقہ سے اکتساب کافی محسوس ہوتا ہے ۔ دیگر افاضل کی ہم موضوع علمی تحقیق سے مزید حوالے بے جا تکرار کا باعث ہوں گے کیونکہ ایران باستان کی زبان و تحریر میں ذال کی موجودگی پر تفحص ان حقیر معروضات کی حد تک مقصود بالذات نہیں

ہے ۔ زیر حوالہ تینوں مقالات کا نفس گفتگو ایران قدیم میں ذال معجمہ کے دریافت طلب اور قابل بحث نکات ہیں ۔

۱۰ ۔ ارمغان علمی ص ۱۵۵/۱۵۶

۱۱ ۔ ایضاً ص ۱۵۶/۱۵۷

۱۲ ۔ قزوینی : دیباچہ جہان گشا ص فط/ص

۱۳ ۔ ارمغان علمی ص ۱۵۲

۱۴ ۔ ایضاً ص ۱۵۳

۱۵ ۔ شمس رازی : کتاب " المعجم " قزوینی ایڈیشن ص ۱۹۲ بحوالہ مقدمہ '' جہان گشا '' ص فط ۔

۱۶ ۔ علامہ قزوینی کا کہنا ہے کہ اسی بیان سے ثابت ہے کہ ان علاقوں میں یہ قاعدہ رائج ہی نہیں ہوا ۔ یہ علاحدہ مبحث ہے اور آگے اس پر عرض کیا گیا ہے ۔

۱۷ ۔ علامہ قزوینی کا فرمانا تھا کہ : از حدود قرن ہشتم ہجری ببعد بجہات نامعلوم بتدریج این تمیز از میانہ برداشتہ شد ۔ قزوینی نے المعجم کی روایت سے یہ ایک اور ہی نتیجہ نکالا تھا اور ان کی یہ رائے اسی کے تابع تھی ۔ اس حوالے سے بھی معروضات آگے علاحدہ پیش ہیں ۔

۱۸ ۔ انڈیا آفس کے کتب خانے میں مخزونہ نسخوں کا مصور تذکرہ ' لندن ۱۹۳۹ء ۔

Al-Surabadi (Fl 460-1068) : Tafsir Al-Quran, Fol 75B D Rabi II 523

پلیٹ ۲۵ میں صرف ذال معجمہ ہی نہیں قدیم فارسی مخطوطات کے بہت سے نمایاں عناصر موجود ہیں چنانچہ فایق صاحب تذکرہ کے متعلقہ نوٹ کے الفاظ میں :

" The orthography exhibits all the archaic characteristics of old Persian manuscripts ".

۲۰ ۔ سنائی کی مثنوی حدیقہ اور یہ بھی قدیم طرز کے عمدہ نسخ کا اعلی نمونہ ہے ۔

۲۱ ۔ رومی کے فرزند سلطان ولد کا "ابتدا نامہ" ساتویں/آٹھویں صدیوں کے اتصال کے وقت کی کتابت کی تغیر پذیر خصوصیات کا حامل ہے جن میں من جملہ ذال معجمہ کی علم موجودگی صاف مترشح ہے ۔

۲۲ ۔ یہ وہی علاقے ہیں جہاں ساتویں صدی کی پہلی چوتھائی میں المعجم کے بیان کے بموجب معجمہ و مہملہ والا قاعدہ نہیں ہوا کرتا تھا از قسم ماوراالنہر اور بلخ و غزنین ۔

۲۳ ۔ قزوینی : مقدمہ جہاں گشا ص فح حاشیہ نمبر ۱

۲۴ ۔ تہران کے کتاب خانہ مجلس شورای ملی کا مخطوطہ جس کے چند اوراق کی فوٹو کاپیاں راقم کو ''کیمیائے سعادت'' کے ناشر آقای صبوحی نے عنایت خاص سے ارسال فرمائیں ۔

۲۵ ۔ ڈاکٹر سید عبداللہ : خط کی کہانی مخطوطات کی زبانی'' مقالہ ''نذر رحمن'' لاہور ۱۹۶۶ء ۔ متن مقالہ میں محولہ بالا تختیوں پر فاضل سید عبداللہ کے اجمالی ملاحظات بھی لائق استفاضہ ہے ۔

۲۶ ۔ جلال ہمائی : تاریخ ادبیات ایران باب '' تاریخ خط عربی '' ص ۵۳۲ ۔

۲۷ ۔ ڈاکٹر نذیر احمد : مقالہ '' نقوش '' مارچ ۱۹۶۳ء بعنوان '' تحقیق و تصحیح متن کے مسایل '' ص ۱۳ ۔

۲۷ ۔ ڈاکٹر نذیر احمد : مقالہ'' نقوش '' مارچ ۱۹۶۳ء بحوالۂ گذشتہ ۔

۲۹ ۔ اس کا قلمی نسخہ پروفیسر سید مسعود حسن رضوی ادیب مغفور کے ذاتی کتب خانے میں ہے ۔

۳۰ ۔ ڈاکٹر نذیر احمد : محولہ مقالہ حاشیہ ۱۲ ۔

۳۱ ۔ بہار : " سبک شناسی" جلد ۱ گفتار پنجم ، ذیلی سرخی " مخرج ہائے حروف" ص ۱۹۳ ۔

۳۲ ۔ قزوینی : دیباچہ جوینی ص فح/فط ۔

۳۳ ۔ فایق محقق نے غالب اور ذال معجمہ کی بحث پر مقالہ

کا ایک خط میں حوالہ دیا تھا لیکن تلاش بسیار کے باوجود حاصل نہ ہو سکا ۔ البتہ بعد میں ایک اور تحقیقی تحریر نظر سے گزری، ملاحظہ ہو :

" حافظ اور ذال فارسی " در " نقوش " لاہور دسمبر ۱۹۶۶ء ۔

۳۴ ۔ ڈاکٹر نذیر احمد : مقالہ " نقوش " محولہ گذشتہ ص ۱۴ ۔

۳۵ ۔ پروفیسر آر ۔ ایم ۔ سیوری : (Dr. Roger M. Savory)

نوازش نامہ مورخہ ۱۸ مارچ ۱۹۶۳ء ۔



کیمیائے سعادت کا نسخہ بانکی پور ۔ جسے بخط غزالی بتایا جاتا ہے

میان دو تن نتواند بود پس صدیق حقیقی بعدد بسیار نبود
ولیکن حسن عشرتی و کرم لقایی که با او باستحقاق استعمال
افتد با بسیار کسان بی استحقاق استعمال باید کرد بجهت طلب
فضیلت چه مردم خیر فاضل در معاشرت معارف خود مسلک
معاشرت اصدقا سپرد و التماس صداقت حقیقی کند از
همه کس و ارسطو گفته است مردم بدوست محتاج بود در
همه احوال اما در حال رخا از جهت احتیاج ملاقات و
معاونت ایشان و اما در حال شدت از جهت احتیاج بمواساة
و موانست ایشان و بحقیقت احتیاج پادشاهان بزرگ
بمستحقان تربیت و اصطناع مانند احتیاج درویشان بود
با اهل احسان و معروف و طلب فضیلت صداقت که در نفوس
مفطورست مردمانرا باعث می گرداند بر مشارکت در
معاملات و معاشرت بعشرتهاء جمیله و مداعبت با یکدیگر
و اجتماع در ریاضات و صید و دعوات تا اینجا سخن حکیم
است و انسقراطیس گوید من عجب می دارم از کسانی که
اولاد خویش را اخبار ملوک و وقایع ایشان و ذکر حروب
و ضغاین و انتقامات خلق از یکدیگر می آموزند و در خاطر

تعلیق ایران (سنه ۶۶۶ هجری)

(اخلاق ناصری)



صفحهٔ آخر از نسخهٔ آ

(Supplément persan 205, f. 174b)

که اقدم نسخ جهانگشای منحفوظه در کتابخانهٔ ملّی پاریس و تاریخ کتابت آن سنهٔ ۶۸۹ هجری است

نسخه خطی کیمیای سعادت در کتابخانه مجلس - تهران

چند بی دست بشاخی دگر — کاهرا دولت ازین بیشتر
جملهٔ عالم تو گرفتی رواست — چون نگذاری طلبیدن چراست
حرص بهل کوره طاعت زند — گردن حرص تو قناعت زند
مرکز این خانهٔ پیروزه رنگ — بر تو فراخست و بر اندیشه تنگ
یا مکن اندیشه بجنگ آورش — یا بیک اندیشه بتنگ آورش
معرفتی در گل آدم نماند — اهل دلی در همه عالم نماند
در دو هنر نامهٔ این نه دبیر — نیست یکی صورت معنی پذیر
دوستی از دشمن معنی مجوی — آب حیات از دم افعی مجوی
دشمن دانا که غم جان بود — بهتر از آن دوست که نادان بود

داستان کودک مجروح

کودکی از جملهٔ آزادگان — رفت برون با دو سه همزادگان
پایش از آن پویه در آمد ز دست — مهر دل و مهرهٔ پایش شکست
شد نفس لیک دو سه همسال او — تنگتر از حادثهٔ حال او

اطفر فدا

تعلیق ایران (۷ ویں صدی هجری)
(مخزن اسرار نظامی)

قاضی عبد الودود کے مکاتیب کا عکس


THE IDARA-I-TAHQIQAT-I URDU
PATNA-4



[illegible]

شفقت مکرم — میں نے آپ کے سوال کا جواب

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] [redacted] [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

مخلص

قاضی عبد الودود

پٹنہ

۱۱ جولائی [illegible]ء

مخدومی و مکرمی! آپ کا خط ملا۔ کیمیائے سعادت کا نسخہ
پٹنہ کو بہت زمانہ ہوا میں نے دیکھا تھا اور اسی نتیجے پر پہنچا تھا کہ
یہ [illegible] کی کتابوں کی [illegible] کوئی [illegible]
ہو گیا۔ آپ کا [illegible] میں [illegible] میں نے اس کی جانچ [illegible] دیکھا
اور اسی نتیجے پر پہنچا۔ [illegible] کی [illegible]
گی۔ خدا بخش خان کو کتابوں سے محبت تھی لیکن [illegible] اور علم
یا تحقیق النظر [illegible] تھے [illegible] میں [illegible] کہ [illegible] کیمیائے
سعادت کا ترجمہ [illegible] کاتب کا [illegible] قرار دیا [illegible]
[illegible]
[illegible] مشتاق [illegible]
[illegible] آپ [illegible] کیوں [illegible] تو ٹھیک ہے؟

مخلص

[illegible]

پروفیسر آربری کے خطوط کا عکس

Pembroke College,
Cambridge.
12 June 1962.

Dear Mr Aziz,

I had intended to answer your enquiry before this, but I was obliged to go abroad for a short time. Without examining the Bankipore MS personally, I am reluctant to give a definite opinion. But there is no doubt that the statement on the ذال معجمہ which is made in the کتاب المعجم is amply confirmed by the evidence of existing manuscripts. I have myself noticed that the change in orthographical convention took place during the 7th century A.H. For instance, in my Specimens of Arabic and Persian Palaeography (London 1939), Plate 25 shows a MS. dated 523 A.H. which has the ذال معجمہ, whereas Plate 30 shows a MS. (of part of the same work) dated 720 which does not show this feature. The ذال معجمہ is also shown in Plate 26 (dated 636) but not in Plate 27 (dated 697). I think there is overwhelming evidence that the change occurred ca. 650 A.H.

Yours sincerely,
[signature]

• • •

Pembroke College,
Cambridge.
25.3.1963.

Dear Mr. Ahmad,

Thank you for your letter with the photographs. I have now examined these and considered the statement reproduced in the Bankipore Catalogue. My impression is that the attribution of parts of the MS to Ghazali himself is mistaken. The type of maskh. was current to us late as the 8/14th century. In a Persian MS. of the 6/12th century, one would expect to find کہ to be written as کی and زیراکہ as زیراکی, also جہ

written as ج. In addition one should expect the old 'post-vocalic ز' to be shown invariably, e.g. ذ ا ز for ذ ا ز and ذ ز ا ز for ذ ز ا ز. In the pages of the Bankipore MS. this does not appear. So in my opinion the older part of this MS. was written not earlier than ca. 650/1252. The change in orthography is generally thought to have taken place during the 7/13th century.

Yours sincerely,

[signature]

* * *

Pembroke College.
Cambridge.
3 April 1963.

Dear Mr Aziz Ahmad,

As I said in a previous letter, I think it is impossible to assign even an approximate date to a Persian MS. in the mediaeval naskh hand unless one can handle the MS and examine the paper and ink. In the examples reproduced in my Specimens, you will notice that post-vocalic dhāl is not present regularly in 27 (dated 697 A.H.), 29 (dated 728) and 30 (dated 730). In the Chester Beatty Persian MS. 301, the first folio is a later supply. The main part of that MS. regularly observes post-vocalic dhāl; in the first folio this feature is absent. The first folio also contains a notice of naskh dated 712 A.H., which proves that this folio is at least as old as that. In view of the foregoing evidence, and the like, I would not be willing at the present time to estimate the date of the Bankipore MS more precisely than 'later than 650 A.H.'

Incidentally, to the list of old copies of the Kīmiyā you may now add Chester Beatty Persian 302, which is undated but which I assign to cinca 600 A.H.

Yours sincerely,

[signature]

مجتبیٰ مینوی مرحوم کے خط

Kh. Shemirān,
Kūy-e Saadi,
Tehran

6th Mch. 1965

Dear Mr. Aziz Ahmad,

Sorry for the delay in replying to your letter, but I was too busy to devote even half an hour to the matter of the Kimiā-ye Sa'ādat Ms. Now, at last here is my opinion for what is worth: pages 61 and 62, whose photogr. you have sent me, cannot possibly be the handwriting of Al-Ghazzāli. They are penned, most probably, by a professional calligrapher & copyist of the 8th cent. of Hijra, e.i., some two hundred years after the death of the Imām. This is merely from the style of writing that I can observe in the photographs. If other peculiarities of the original, such as paper & ink, are observed I may date it differently, say 7th or 9th, but

neither earlier nor later.

The later portions of the MS. may be from about 1100 A.H., and they were most probably written somewhere in Iran or India.

I am returning the 4 photographs to you with this letter.

Yours Sincerely,
M. Minovi

عین الحق فرید کوٹی

اورینٹ ریسرچ سنٹر، طارق کالونی، ملتان روڈ۔ لاہور

ایران اور پاکستان کے ساڑھے چار ہزار سالہ لسانی روابط کا ایک مختصر جائزہ

ایران و پاکستان کے درمیان جغرافیائی، تاریخی، ثقافتی اور مذہبی تعلقات کے نتیجے میں جو لسانی اثرات مرتب ہوئے ہیں ان کا احاطہ کرنے کے لئے ایک مبسوط کتاب کی ضرورت ہے۔ یہ اثرات اتنے گہرے اور اتنے وسیع ہیں کہ ہنوز اس کے کئی ایک پہلو تشنۂ تحقیق ہیں۔ جغرافیائی طور پر ایک دوسرے کے نواح میں واقع ہونے کی بنا پر ان لسانی روابط کی داستان زمانۂ ما قبل از تاریخ کے دھندلکوں میں جاکر گم ہو جاتی ہے۔

جب عہد حاضر کے ماہرین آثار قدیمہ کی کدالوں نے ماضی کے چہرے سے صدیوں کی جمی ہوئی دبیز تہہ دور ہٹائی تو یہ حقیقت سامنے آئی کہ آج سے پانچ ہزار سال قبل بھی ایران اور پاکستان کی قدیم تہذیبوں کے درمیان گہرے ثقافتی اور تجارتی تعلقات موجود تھے جیسا کہ سیالک، تپہ حصار، جیان (Giyan)، لورستان اور دیگر مقامات سے دستیاب ہونے والے پختہ مٹی کے بنے ہوئے ظروف کی ساخت، ان پر بنے ہوئے نقش و نگار اور منقش مہروں سے ظاہر ہوتا ہے، جو اپنی ہم عصر ہڑپائی تہذیب کی صنعت سے گہری مطابقت رکھتی ہیں۔ علاوہ ازیں محققین کے نزدیک اس بارے میں اتفاق ہے کہ ہڑپائی تہذیب کے آثار سے دستیاب ہونے والی سنگ لاجورد اور دیگر نیم قیمتی پتھروں کی بنی ہوئی اشیاء میں استعمال ہونے والا خام مال زیادہ تر پڑوسی ملک ایران سے ہی درآمد کیا گیا۔ ان حقائق کی روشنی میں یہ نتیجہ اخذ کرنا غیر حقیقی نہیں کہ ایران اور پاکستان

کے درمیان ان گہرے ثقافتی اور تجارتی تعلقات کی بنیادیں نہایت قدیم عہد سے ہی استوار ہو چکی تھیں۔

ان تاریخی حیثیت رکھنے والے خطّوں میں آریائی قبائل کی آمد سے قبل کون کون سی زبانوں کا چلن تھا اور انہوں نے یہاں بعد میں تشکیل پذیر ہونے والی زبانوں کی ساخت میں کیا کردار ادا کیا؟ یہ پہلو ہنوز تشنۂ تحقیق ہے۔ راقم الحروف نے پاکستان کی آریاؤں سے قبل کی مروجہ زبانوں اور ان کے موجودہ زبانوں کی تشکیل میں کردار کے بارے میں اپنے دو مضامین "وادی سندھ میں دراوڑی زبان کی باقیات"(۱) اور "ہڑپہ سے پہلے"(۲) میں جائزہ لینے کی کوشش کی ہے۔ راقم نے ہڑپائی تہذیب کی زبان کے دراوڑی الاصل ہونے کے بارے میں جو نظریہ ۱۹۵۹ء میں پیش کیا تھا بعد میں مغربی محققین بھی اپنی تمام تر علمی صلاحیتوں اور فنی سہولتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے بعینہ اسی نتیجے پر پہنچے ہیں(۳)۔

سومیری اثرات

سر زمین ایران میں آریائی قبائل کی آمد سے قبل کی مروجہ زبانوں اور ان کے قدیم و جدید فارسی زبان پر اثرات کے بارے میں اگر کوئی تحقیق ہوئی ہے تو راقم کی ان کاوشوں تک رسائی نہیں ہوسکی۔ ویسے سرسری مطالعہ سے اندازہ ہوتا ہے کہ نو وارد آریائی قبائل نے سومیری اور اکادی زبانوں سے سرمایہ الفاظ کا کچھ عنصر ضرور مستعار لیا ہے جس کی کچھ مثالیں پیش خدمت ہیں۔

سب سے پہلے فارسی میں پانی کے لئے مستعمل لفظ آب کی مثال لیتے ہیں۔ پانی انسان کی بنیادی ضرورت سے تعلق رکھتا ہے۔ لہذا یہ انسان کے بنیادی سرمایۂ الفاظ کا ایک اہم حصہ شمار کیا جاتا ہے۔ یورپ کی آریائی الاصل زبانوں کے برعکس اوستائی اور اس کی ہمسایہ و ہم عصر زبان سنسکرت میں پانی کے لئے جو الفاظ مستعمل ہیں وہ زیادہ تر غیر آریائی اصل سے تعلق رکھتے ہیں جیسا کہ ذیل کے جدول سے واضح ہے :

جدول ۱

لفظ 'آب' کے سومیری مأخذ (۴)

نام زبان	سومیری		اکادی	سنسکرت	اوستائی	پہلوی	پاژندی	جدید فارسی
الفاظ	اب	ابزو	اپسو	اپ، پسو	اپ	آپ	آو	آب
معنی	پانی سمندر	گہرے پانی	سمندر گہرے پانی	پانی	پانی	پانی	پانی	پانی

ہند آریائی لسانی گروہ کی دوسری زبانوں میں 'پانی' کےلئے ذیل کے مترادفات مستعمل ہیں:

جدول ۲

ہند آریائی زبانوں میں لفظ پانی کے مترادفات

نام زبان	رجطی	یونانی	سنسکرت	لاطینی	لتھوانی	روسی
مترادفات	وتر	ھائیدر	ادان	اُند	وانڈو	ووڈا

سنسکرت اور اوستائی زبانوں میں سومیری عنصر کی موجودگی اس امر کی غمازی بھی کرتی ہے کہ اپنی نقل مکانی کے آخری مراحل میں آریائی خانہ بدوش قبائل کچھ مدت تک سر زمین بابل میں پڑاؤ ڈالے رہے جہاں کے لسانی اثرات کے تحت انہوں نے یہ سومیری عنصر مستعار لیا۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ سرزمین بابل میں قیام کے دوران یہ آریائی قبائل کسی اندرونی اختلاف یا باہمی جنگ و جدل کے نتیجے میں دو مخالف گروہوں میں بٹ گئے۔ ان میں سے ایک کا حصہ براہ راست پڑوس کی سرزمین ایران میں داخل ہو گیا جب کہ دوسرے گروہ نے شمال کی طرف رخ کر لیا اور اس طرح افغانستان

کے راستے چکر کاٹ کر وادی سندھ میں جا پہنچا۔

اس اندرونی اختلاف نے بعد میں باہمی مذہبی مناقشت کی صورت اختیار کر لی جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ اوستائی آریاؤں کے ہاں بدی کی علامت 'دیو' ویدک کے آریائی کے ہاں نیکی کی علامت ٹھہرا۔ اس کے برعکس اوستائی 'آہورا' جو کہ یہاں نیکی کی قوت کا مظہر شمار کیا جاتا تھا ویدک آریاؤں کے ہاں 'آھورا' کی صورت بدی کی علامت تصور کیا جانے لگا۔ یاد رہے کہ اوستائی ہائے ھوز 'کی آواز ویدک میں 'س' کی آواز سے بدل جاتی ہے جیسے کہ ہوما سے سوما، پیت سے سپت اور ہند سے سندھ وغیرہ۔

سرزمین بابل میں قیام کے نتیجے میں کچھ سومیری عنصر براہ راست اور کچھ اس کی جانشین اکادی زبان کی وساطت سے قدیم ایرانی زبان میں شامل ہو گیا جس کی چند ایک مثالیں پیش خدمت ہیں:

جدول ۳

فارسی میں سومیری عنصر (۵)

سومیری	اکادی	معنی	سنسکرت	اوستائی	پہلوی	جدید فارسی	• نشان زدہ الفاظ کے معنی
اب	اپسو	سمندر پانی	اپ	اپ	آپ	آب	—
تپ	—	جلنا، جلانا	تپ	تپ	• تپ	• تب، تاب	گرمی بخار و غیرہ
			تافنو			• تافتن	دھکنا، سخت گرم ہونا
سال		عورت	جر	زار		• زال	ضعیف عورت
شے	شیؤ	جو	یودا			جو	—

کالوم		ایک پھل کا نام				• خرما	کھجور
کیش		سر کے بال	کیس			گیسو	—
کش		ایک قسم کی گھاس	کشّ •			خس ، کاہ	قربانی کی رسم میں استعمال ہونے والی خوشبودار گھاس
کوہ		کھانا ،		قار		خور	—
گو		آواز، بولنا				گوہ	کہنا کا امر
مشکو		چمڑا، کھال مشکیزہ				مشک •	چمڑے کی بنی ہوئی بڑی بوتل پانی بھرنے کی کھال
	نام گا	عقیدت کا اظہار کرنا	نمس	نیمہ	نماج	نماز •	عبادت کرنا

یہ امر قابل ذکر ہے کہ یہ تمام تر سومیری الاصل سرمایہ الفاظ پاکستان کی زبانوں میں آج بھی مستعمل ہے جس سے یہاں ایران کے ثقافتی اثر و نفوذ کی نشاندہی ہوتی ہے ۔

ہند آریائی مشترکہ لسانی ورثہ

عام طور پر باور کیا جاتا ہے کہ آریائی لسانی گروہ کا آبائی وطن وسط ایشیا ہے اور یہاں سے یہ قبائل مختلف زمانوں اور مختلف سمتوں میں نقل مکانی کرتے رہے ہیں لیکن تاریخی حیثیت سے یہ نظریہ حقائق کی کسوٹی پر پورا نہیں اترتا ۔ اس دعوے کے لئے نہ تو کوئی جواز موجود ہے نہ کوئی ثبوت ۔ پھر یہ امر بھی حقائق کے خلاف ہے کہ آریائی قبائل وسط ایشیا سے پہلے وادی سندھ میں وارد ہوئے اور اس کے کوئی ایک ہزار سال بعد سر زمین ایران میں آئے ۔ اپنے مطالعہ

کی بنا پر میں اس سے بالکل برعکس نتائج پر پہنچا ہوں ۔ اس موضوع کا سب سے قابل غور پہلو تو یہ ہے کہ اگر ویدک اور اوستائی آریائی قبائل وسط ایشیا سے آئے ہوتے تو ان دونوں لسانی گروھوں میں سومیری عنصر کے مشترکہ طور پر موجود ہونے کا کوئی جواز پیش نہیں کیا جا سکتا ۔ بہر حال یہ ایک علیحدہ اور طویل بحث ہے جو ہمارے زیر غور موضوع سے خارج ہے(۶) ۔

یہ امر تو پایہ ثبوت تک پہنچ چکا ہے کہ اوستائی ، ویدک اور اکثر یورپی زبانیں ایک ہی لسانی گروہ کی شاخیں ہیں جس کی مثالیں عام مل جاتی ہیں ۔ موضوع کا تسلسل قائم رکھنے کے لئے ذیل میں چند ایک مثالیں پیش کی جاتی ہیں :

جدول ۴

ھند آریائی مشترکہ سرمایہ الفاظ (۷)

اوستائی	جدید فارسی	سنسکرت	یونانی	لاطینی	اردو
ماتا	مادر	ماتا، ماتر	میتر	ماتر	ماں، مادر
پتر	پدر	پتا، پتر	پاتیر	پیتر	باپ
براتر	برادر	بھراتر	پھراتیر	فراتر	بھائی
دوغدا	دختر	دوھتر، دوھتا	تھوغاتر		بیٹی
بروات	ابرو	بھرو	ابھروس		ابرو
دنتان	دندان	دنت	اونت	دینت	دانت
پادہ	پا	پد	پاؤس	پیس	پاؤں
زیردیا	دل	ھرد	کاردیا	کاردس	دل

یو وان	جوان	یو ون		ایو نیسر	جوین، جوان
اواس	آواز	واچ	ایاس	اواکس	آواز
مدو	می	مدھو	مینھو		مدہ، شراب شہد
ھپت	ھفت	سپت	ھپت	سپتم	سات
اشت	ھشت	اشٹ	اکٹو	اوکٹو	آٹھ

پاکستان میں اوستائی اثرات

سرزمین ایران میں آریائی قبائل کی آمد کے نتیجے میں ایران و پاکستان کے درمیان لسانی روابط کی ایک نئی بنیاد استوار ہوگئی۔ ان لسانی رشتوں کو تین حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔ اول وہ رشتہ جو آریائی زبانوں کے مشترکہ سرمایہ الفاظ کا حصہ ہے جس کی چند مثالیں اوپر پیش کی گئی ہیں۔ اس عنصر کا ایک بڑا حصہ پاکستان کی تمام زبانوں میں کسی نہ کسی صورت میں موجود ہے۔ یہ عنصر خواہ براہ راست فارسی زبان سے مستعار لیا گیا ہو یا پھر اس قبیلے کی دوسری شاخ سنسکرت سے۔ ان اثرات کا کچھ اندازہ جدول ۔ ۴ میں 'اردو' کے تحت دی گئی مثالوں سے لگایا جا سکتا ہے۔

لسانی اشتراک کی دوسری اہم کڑی سرمایہ الفاظ کا وہ حصہ ہے کہ جو اسلام سے قبل کے عہد سے تعلق رکھتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ابھی تک پاکستان میں قبل از اسلام کے ایرانی ثقافتی اور لسانی اثرات کا سراغ لگانے کے لئے خاطر خواہ توجہ نہیں دی گئی۔ عام طور پر اوستائی اثرات کو صرف ایران تک محدود سمجھا گیا اور ویدک اثرات کو بر صغیر پاک و ہند تک حالانکہ لسانی مطالعہ سے واضح ہوتا ہے کہ گو اوستائی آریائی قبائل کا ایک بڑا حصہ سر زمین

ایران میں ہی بس گیا تھا لیکن اس کا کچھ حصہ نقل مکانی کرتا ہوا پاکستان کے پہاڑی حصوں مثلاً بلوچستان ۔ صوبہ سرحد ۔ دردستان اور کشمیر تک پہنچ گیا اور وہاں آباد ہوگیا ۔ویدک آریوں نے رگ وید میں بعض جگہ ایسے آریائی عنصر کا ذکر کیا ہے کہ جو مقامی آبادی سے مل کر ویدک آریاؤں کے خلاف نبرد آزما ہوتا رہا ۔ اغلب ہے کہ یہ عنصر خود اوستائی آریائی گروہ سے ہی تعلق رکھتا ہو (۸) ۔

پاکستان میں اسے اوستائی آریاؤں کی موجودگی کا ہی نتیجہ قرار دیا جا سکتا ہے کہ جہاں پاکستان کے میدانی علاقوں یعنی پنجاب اور سندھ میں ویدک آریائی زبان کے اثرات نمایاں ہیں وہاں پر پہاڑی علاقوں میں اوستائی زبان کا اثر غالب ہے۔ اس مطمع نظر کی وضاحت کے لئے اوستائی اثرات کے بارے میں چند ایک مثالیں پیش خدمت ہیں :

جدول ۵

پاکستان میں اوستائی اثرات (۹)

اوستائی	معنی	پہلوی	جدید فارسی	بلوچی	شمالی بلوچی	افغانی پشتو	کشمیری	دیگر زبانیں
بؤذدی	خوشبو	بود	بو	بود				
سپن	کتا	سک	سگ			سپائے	اسپاء	مدائنی : شپاک
سخر	سرخ	سخر	سرخ	سہر		سور	سود	وخی : سکر
کوف	پہاڑی	کوف	کوہ	کوپک	خوفخ	کواب		ژندی کاؤف

	گفت			گپت	گرفتہ		گرفتہ	گیرت
پنجابی : میڈھی			میڈ	موڈ	مو	موڈ	بال	
		نبک	تاخو	ناکو	نیا	نیاک	دادا	نیاک
	ورف	واور			برف	وفر	برف	وقر
اشک : ژندی اشک	اشک	وچ		مشخ	خشک	خشک	خشک	مشک

اہل اسلام کی آمد اور فارسی اثرات

پاکستان میں ایرانی اثرات کا تیسرا دور یہاں اہل اسلام کی آمد کے ساتھ شروع ہوتا ہے۔ غزنوی عہد سے لے کر فرنگی دور کے اولین عہد تک (۱۰۰۰ء تا ۱۸۵۰ء) قریباً ساڑھے آٹھ سو سال تک برصغیر پاک و ہند میں فارسی کو نہ صرف سرکاری و درباری زبان ہونے کا درجہ حاصل رہا بلکہ اسے علم و ادب اور ذریعہ تعلیم ہونے کا شرف بھی حا صل تھا۔ اتنے طویل تعلقات کے نتیجے میں یہاں کی مقامی زبانوں کا فارسی سے گہرے طور پر متاثر ہونا ایک فطری امر تھا۔ حیرت تو یہ ہے کہ سرمایہ الفاظ کا وہ حصہ جس کا خالصتہً مذہبی امور سے تعلق ہے اور جس کے بارے میں یہ توقع ہو سکتی تھی کہ وہ اگر پوری طرح نہیں تو زیادہ تر عربی اثرات کا حامل ہوگا لیکن اس کے بالکل برعکس اس پہلو میں بھی فارسی کے اثرات نمایاں نظر آتے ہیں مثلاً 'اللہ' کے بجائے خدا، نبی اور رسول کی جگہ پیغمبر کے الفاظ عام بول چال میں زیادہ مستعمل ہیں۔ یہاں تک کہ عربی 'مسلم' کی بجائے اس کی فارسی صورت 'مسلمان' کا استعمال عام ہے۔ اسی طرح پروردگار، درگاہ، فرشتہ، نیکی، بدی، سزا،

بہشت، دوزخ، نماز، روزہ، گور، کفن، پارسائی، پاکبازی، پرہیزگاری، پرستش، بندگی یہاں تک کہ چادر، چار دیواری اور پردہ وغیرہ عام الفاظ بھی فارسی اصل سے تعلق رکھتے ہیں۔

اگر روز مرہ بول چال میں استعمال ہونے والے فارسی الاصل الفاظ کا صحیح طور پر جائزہ پیش کیا جائے تو اس کے لئے کم و بیش تمام کی تمام فارسی لغت درج کرنے کی ضرورت پڑے گی کیونکہ فارسی کا تمام تر سرمایہ الفاظ کسی نہ کسی صورت میں یہاں کے عوام الناس کی زبان کا حصہ بن چکا ہے۔

برصغیر کے جغرافیائی نام اور فارسی

بر صغیر پاک و ہند کو اہل ایران کی سب سے بڑی بخشش تو خود اس کا اپنا نام ہے کہ جس سے یہ اقوام عالم میں پہچانا جاتا ہے۔ آج سے کوئی ساڑھے تین ہزار سال قبل جب آریائی قبائل سرزمین پاکستان میں وارد ہوئے تو یہاں نہ صرف دریا کے معنوں کے لئے سندھ (پشتو سیند بمعنی دریا) کا لفظ مستعمل تھا بلکہ شمال مغرب کی طرف سے خطہ پنجاب میں داخل ہوتے وقت جو بڑا دریا ان کے سامنے آیا تو اس کا نام بھی 'سیند' تھا۔ جس سے نووارد آریائی قبائل نے اسے اسی مقامی نام کی نسبت سے 'سندھو ندی' کے نام سے یاد کیا۔ اس سے آگے جنوب کی طرف نقل مکانی کرتے وقت راستے میں آنے والے دوسرے دریاؤں کو ان کے پرانے ناموں کو بگاڑ کر یا پھر ان کی خصوصیات کو پیش نظر رکھتے ہوئے صفاتی ناموں سے یاد کیا جیسے کہ وتستا (جہلم)، اسکنی (چناب)، پرشنی (راوی)، ستودری (ستلج)، ویاس (بیاس) اور سرسوتی۔ ان سات دریاؤں کی نسبت سے پنجاب کو سپت سندھو (سات دریاؤں کی سرزمین) کا نام دیا (۱۰)۔ جیسا کہ ذکر آ چکا ہے کہ ویدک 'س' اوستائی آریاؤں کے ہاں 'ہ' کی آواز میں بدل جاتی تھی اس لئے قدیم ایرانیوں نے پنجاب کو سپت سندھو کی بجائے 'ہپت ہیندو' کے نام سے یاد کیا۔ بعد میں کفائت لسانی کی بنا پر 'ہپت' کا سابقہ حذف ہو گیا اور صرف

'ہیندو' کا لفظ باقی رہ گیا۔ دارا اول (۵۲۲ تا ۴۸۶ ق م) کے عہد میں جب ایران نے پنجاب کے نواح سندھ کے کچھ علاقے پر قبضہ کر لیا تو اسے ایک صوبہ کے طور پر 'ہندوش' کا نام دیا گیا۔ اسی 'ہندو' یا 'ہندوش' کے صوبہ کی نسبت سے پورے پنجاب کو ہی 'ہندوش' پکارا جانے لگا اور اسی جغرافیائی نسبت کی بنا پر یہاں کے باشندوں کو ہندو کہا گیا۔ شروع میں جب اہل عرب اور اہل ایران کا اس علاقے سے واسطہ پڑا تو انہوں نے اسی جغرافیائی نسبت کے پیش نظر یہاں کے باشندوں کو بلا لحاظ مذہب و ملت 'ہندو' کے نام سے پکارا۔ مطلب یہ کہ ہند(در حقیقت پنجاب) کا رہنے والا۔ مسلمانوں کی آمد کے وقت چونکہ یہاں کے مقامی غیر مسلم باشندوں کے ہاں مذہب کا کوئی تصور ہی موجود نہ تھا اس لئے انہوں نے آہستہ آہستہ اسی جغرافیائی نام کو مذہب کے طور پر اپنا لیا اور آج اہل ہند کا غیر مسلم عنصر اپنے آپ کو اسی فارسی الاصل نام سے یاد کرتا ہے اور ان کے اپنے بارے میں ان کی اپنی آبائی زبان میں کوئی نام نہیں ہے۔ اسی طرح ایک وقت تھا کہ جب صرف دریائے سندھ سے لے کر دریائے ستلج تک کے خطے کو ہی ہند کے نام سے یاد کیا جاتا تھا لیکن حالات کی ستم ظریفی دیکھئے کہ اب ستلج کے پار کے علاقے کو ہی 'ہند' یا 'ہندوستان' کے نام سے یاد کیا جا رہا ہے۔ اسی طرح ہندی یا ہندوی کا لفظ بطور زبان کے شروع میں صرف پنجابی زبان کے لئے مختص تھا جیسا کہ غزنوی عہد کے مشہور شاعر مسعود سعد سلمان لاہوری (۱۰۴۶ء تا ۱۱۲۱ء) کے پنجابی دیوان کو ہندوی دیوان کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ اسی طرح غوری عہد کی ایک تصنیف 'شفاء المریض' (سال تصنیف قریباً ۱۲۱۰ء) میں بھی اسی عہد کی پنجابی کو 'ہندوی' کہا ہے (مثال مضمون کے آخری حصے میں درج ہے)۔ خود پنجابی کے اولین شعراء نے بھی اپنی زبان کو 'ہندوی' کا نام دیا ہے مثلاً فقہ کے جید عالم مولوی عبداللہ لاہوری اپنے ایک فقہی رسالہ 'علوم' (سال تصنیف ۱۶۳۵/۱۰۴۴ء

عہد شاہجہان) میں تحریر کیا ہے :

ہندی تھیں وڈھی عارب ناہیں، خبر کتابیں آ
جسے کو تقویٰ رب دا ، طاعت فاضل نزد خدا

ترجمہ: مذہبی کتب میں بتایا گیا ہے کہ ہندی (یہاں مراد پنجابی) پر بطور زبان کے عربی کو کوئی فوقیت حاصل نہیں. خدا کے نزدیک تو اس کے احکام کی پابندی اور تقویٰ کو فضیلت حاصل ہے۔

اسی طرح عہد اورنگ زیب کے ایک عالم مولوی عبدالکریم ضلع جھنگ نے اپنی تصنیف 'نجات المومنین' سال تصنیف ۱۰۸۶ھ ۱۶۷۵ء) میں بیان کیا ہے :

فرض مسائل دین دے ہندوی کر تعلیم
کارن مومناں اُمیاں جوڑے عبد کریم

ترجمہ: دین اسلام کے فرائض سے متعلق مسائل ہندوی (یعنی پنجابی زبان) میں تعلیم کی خاطر عبدالکریم (مصنف) نے ناخواندہ مومنین کے افادہ کے لئے نظم کی شکل میں بیان کر دئیے ہیں۔

چونکہ شمالی ہند کے ہندوؤں کے ہاں اپنی زبان کے لئے کوئی مشترک نام موجود نہ تھا اس لئے فرنگی عہد میں اپنی اس کمی کو پورا کرنے کے لئے اپنی زبان کے لئے اس نام (ہندی) پر قبضہ جمالیا۔ اس طرح ہند یا ہندوستان' ہندو اور ہندی تینوں اہم اسماء فارسی زبان سے ماخوذ ہیں اور اہل ہند کی اپنی آبائی زبان میں ان کے لئے کوئی مترادفات موجود نہیں۔

جب دارا اول (۵۲۲ تا ۴۸۶ق م) نے دریائے سندھ کے نواح میں واقع پنجاب کے کچھ حصے پر قبضہ جما کر اسے ایک نیا صوبہ قرار دے دیا ۔ اسی عہد میں تاریخ میں پہلی مرتبہ ایرانیوں کی وساطت سے یونانی خطۂ پنجاب سے روشناس ہوئے ۔ لہذا یونانیوں نے ایران کی پیروی کرتے ہوئے دریائے سندھ کے لئے ایرانی نام 'ہندوش' اپنا لیا۔ چونکہ یونانیوں کے ہاں ھائے ہوز اور ش کے لئے کوئی حروف موجود

نہیں تھے اس لئے انہوں نے ہائے ہوز کو حذف کر کے اسے الف مکسورہ سے 'ش' کو اس کی قریبی آواز 'س' سے بدل کر 'انڈس' بنا لیا اور اس نسبت سے پنجاب کو 'انڈیا' کا نام دیا جو کہ بعد میں پورے برصغیر کے لئے استعمال ہونے لگا۔ آخر نوبت یہاں تک پہنچی کہ وہ حقیقی انڈیا (پنجاب) آج کے 'انڈیا' سے خارج ہے اور ایک نئی آزاد مملکت (پاکستان) کا حصہ ہے (۱۱)۔

یہ تو تھا ہندوستان کا قصہ۔ اب اپنی بھی سنیے۔ جب بر صغیر کے مسلمان زعماء نے اپنے لئے ایک علیحدہ آزاد مسلم ریاست کے قیام کی ضرورت کو محسوس کیا تو اس کا نام اس میں شامل صوبوں کی نسبت سے پاکستان رکھا۔ ('پ' پنجاب سے، 'ک' کشمیر سے، 'س' مشترکہ طور پر صوبہ سرحد اور سندھ سے اور 'تان' بلوچستان سے)۔ یہ نام تو مسلم عمائدین نے رکھا لیکن اسے معنی کا جامہ فارسی زبان نے ہی پہنایا۔ اسی طرح پاکستان کے سب سے بڑے صوبے پنجاب کہ جس کا قدیم نام 'پنج ند' تھا اور ایک دوسرے صوبہ بلوچستان کا نام بھی فارسی زبان کا ہی موہون منت ہے۔

پاکستان کے شہروں، قصبوں اور گاؤں کے ناموں پر نظر ڈالیں تو وہاں بھی براہ راست یا بالواسطہ طور پر فارسی اثرات نمایاں نظر آتے ہیں۔

اشخاص کے نام

پاکستان کے مسلمانوں میں ذاتی ناموں میں بھی فارسی اثرات کی جھلک نمایاں ہے جس کا کچھ اندازہ عام رکھے جانے والے ناموں سے لگایا جا سکتا ہے جیسا کہ آفتاب، بوستان، بہرام، پرویز، تاج، جمشید، چراغ، چمن، خسرو، خورشید، دارا، رستم، سہراب، سردار، شاہین، شہباز، شہریار، فرخ، فرہاد، فیروز، گلستان، مہتاب وغیرہ۔ یہ کچھ تو وہ نام ہیں جو عام سننے میں آتے ہیں۔ بعض ایسے نام بھی سامنے آ جاتے ہیں جو کہ غالباً خود ایران میں بھی متروک ہو چکے ہیں جیسے کہ افراسیاب، کیکاؤس،

لہراسپ اور طہماسپ وغیرہ۔

فارسی بطور ایک علمی و ادبی زبان

مشرق وسطی میں عربی کے بعد فارسی کو ایک مذہبی زبان کا درجہ حاصل تھا۔ علم و ادب کے پہلو میں ترکی، ترکستان، ایران افغانستان اور بر صغیر پاک و ہند میں اسے اولین مقام حاصل تھا۔ اس لئے باقی خطوں کی طرح بر صغیر کے علم و ادب میں بھی فارسی اثرات نمایاں ہیں۔ مسلمانوں کا فارسی زبان سے متاثر ہونا تو ایک فطری امر تھا لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ یہاں کے ہندو بھی ان اثرات سے مبرا نہ رہے۔ ہندوؤں کی بھگتی لہر سے تعلق رکھنے والے کئی ایک بھگتوں کے کلام میں بھی فارسی اثرات کی جھلک نظر آتی ہے۔ اپنے نقطہ نظر کی وضاحت کے لئے ہم چند ایک مثالیں پیش کرنے پر اکتفا کریں گے۔

بھگت روی داس چودھویں صدی عیسوی کے اواخر اور پندرھویں صدی عیسوی کے اوائل سے تعلق رکھتے ہیں۔ آپ کے پیر و مرشد بھگت رامانند کے بارے میں مذکور ہے کہ آپ ۱۴۰۰ء میں بقید حیات تھے اس لئے آپ کا بھی یہی عہد متعین کیا جا سکتا ہے۔ بھگت روی داس ہندوؤں کی ایک نیچ ذات یعنی چماروں کے گھر میں پیدا ہوئے آپ بھگت رامانند کے چیلے اور راجپوت شہزادی بھگت میرا بائی کے گرو تھے۔ آپ کے عارفانہ کلام میں ایک ریختہ ملتا ہے جس سے آج سے چھ صدی پیشتر فارسی کی مقبولیت کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔ ریختہ ملاحظہ ہو:

خالق شکستہ میں تیرا، دے دیدار امیدگار، بیقرار جیو میرا
اول آخر اللہ، آدم فرشتہ بندہ
جس کی پناہ پیر پیغمبر، میں غریب کیا گندہ
تو حاضر حضور جوگ اک، اور نہیں ہے دوجا
جس کو عشق آسرا ناہیں، کیا نواج کیا پوجا
نعلین دوز، ہنوز بے بخت۔ کمیں خجمت گار تمہارا
در ماندہ در جواب نہ پاوے، کہے روی داس بچارا (۱۲)

اگرچہ ہندو مولفین نے اسے ہندی کے ادب عالیہ کا حصہ قرار دیا ہے لیکن اس تمام حمد میں سوائے لفظ جوگ بمعنی لائق کے اور کوئی خالص ہندی لفظ استعمال نہیں ہوا۔

ایک دوسرے درویش گورو نانک جی (۱۴۶۹ء تا ۱۵۳۹ء) بھی جو سکھ مذہب کے بانی تھے اسی عہد سے تعلق رکھتے ہیں۔ آپ عربی فارسی کے اچھے عالم تھے۔ آپ کے کلام میں بھی فارسی اثرات نمایاں طور پر نظر آتے ہیں ۔ آپ کی سوانح حیات کے پہلے مولف گورو انگد (۱۵۳۹ء تا ۱۵۵۲ء) نے آپ کی جنم ساکھی جس حمد سے شروع کی ہے اسے بھی عام اصطلاح میں ریختہ کہا جا سکتا ہے۔ ملاحظہ ہو:

یک عرض گفتم پیش تو، گوش کن کرتار
حقا کبیر کریم تو، بے عیب پروردگار
دنیا مقام فانی، تحقیق در دل دانی
مرا سر موئے عزرائیل گرفتہ دل ہیچ ندانی
زن، پسر، پدر، برادران، کس نیست دستگیر
آخر بیفتم کس ندارد، چوں شود تکبیر
شب و روز گشتم در ہوا، کردیم بدی خیال
گاہے نہ نیکی کار کردم، ایں چنیں احوال،
بد بخت ہمچو بخیل غافل، بے نظر، بے باک
نانک بگوید بندگی، تیرے چاکراں پا خاک (۱۳)

عہد وسطیٰ میں برصغیر کے فارسی شعراء اور علماء کی تخلیقات کا شمار اگر خود ایران کے ہم پلہ نہیں تو اسی پہلو میں اسے کم از کم دوسرا درجہ ضرور حاصل ہوتا ہے ۔ یہاں غیر مسلم حضرات کے کلام سے مثالیں پیش کرنے کا مقصد فارسی اثرات کی ہمہ گیری کی وضاحت کرنا ہے، کیونکہ مسلمانوں کا فارسی میں دسترس حاصل کرلینا تو ایک متوقع امر تھا۔ یہاں سکھ مذہب کے آخری رہنما سری گورو گوبند سنگھ جی (۱۶۷۵ء تا ۱۷۰۸ء) کے فارسی کلام سے مثال پیش کی جاتی ہے۔ آپ عربی، فارسی اور سنسکرت کے اچھے عالم

تھے ۔ پنجاب کے پہاڑی راجاؤں کے ساتھ چپقلش کے نتیجے میں آپ کا مقابلہ صوبہ سرہند کی شاہی افواج سے ہوا جس وجہ سے آپ کو بہت جانی نقصان اٹھانا پڑا ۔ سرہند کے صوبہ دار کی طرف سے کئے گئے اس سلوک کی شکایت آپ نے منظوم صورت میں اورنگ زیب کی خدمت میں ارسال کی ۔ اس منظوم درخواست کو 'ظفر نامہ' کا نام دیا گیا ہے۔ گوروجی نے اورنگ زیب کو مخاطب کرتے ہوئے کہا ہے :

شہنشاہ را بندۂ چا کریم
اگر محکم آید بجا ں حاضریم
اگرچہ بیاید بفرمان من
حضورت بیائیم ہمہ جان وتن
اگرچہ بہ یزداں پرستی کنی
بکار مرا ایں نہ سستی کنی
تو مسند نشیں سرور کائنات
عجب است انصاف ایں ہم صفات (۱۴)

پہاڑی راجاؤں کے ساتھ اپنی پرخاش کا جواز پیش کرتے ہوئے کہا ہے :

منم کشتہ ام کوہیان پرفتن
کہ آں بت پرستند ومن بت شکن

پاکستان میں فارسی زبان میں تصنیف و تالیف کا سلسلہ محمود غزنوی کے عہد (۹۹۷ء تا ۱۰۳۰ء) سے ہی شروع ہوگیا تھا ۔ متقدمین میں ابو عبداللہ دوزبہ بن عبداللہ نکتی لاہوری (بعہد سلطان مسعود اول (۱۰۳۰ء تا ۱۰۴۰ء) علی بن عثمان الجلابی الہجویری معروف بہ داتا گنج بخش (وفات ۱۰۷۶ء) ، ابوالفرج رونی (گیارھویں صدی عیسوی کے اواخر اور بارہویں صدی عیسوی کے اوائل کا عہد ۔ آپ لاہور کے نواح میں واقع ایک بستی 'رونا' کے باشندے تھے) اور مسعود سعد سلمان لاہوری (۱۰۴۶ء تا ۱۱۲۱ء) کے نام خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ اس پہلو میں سعد سلمان کا نام خاص اہمیت کا حامل ہے کیونکہ تذکرہ نگاروں کی رو سے آپ پنجابی زبان کے سب سے

پہلے صاحب دیوان شاعر ہیں جیسا کہ محمد عوفی نے اپنی تصنیف 'لباب الالباب' میں بیان کیا ہے:

" اورا دیوان است یکے بتازی، یکے بپارسی و یکے بہندوی "
(اس کے تین دیوان ہیں ایک عربی کا ایک فارسی اور ایک ہندوی) ۔
آپ کا پنجابی (ہندوی) دیوان زمانہ کی دستبرد سے محفوظ نہیں رہ سکا اور اب نایاب ہے ۔ آپکے پنجابی زبان میں طبع آزمائی کرنے کا اشارہ اس سے بھی ملتا ہے کہ آپ نے اپنی فارسی شاعری میں خالص پنجابی اصناف کو موضوع سخن بنایا ہے مثلاً بارہ ماسہ، اٹھوارہ، اور مہینہ کے تیس دنوں کے شمار سے طبع آزمائی کی ہے۔ فارسی میں ان اصناف کی اس سے پہلے کوئی مثال نہیں ملتی (۱۵) ۔

علوم و فنون کے سلسلے میں سب سے پہلی تصنیف غالباً علم طب کی کتاب 'شفاء المریض' ہے جیسا کہ کتاب کے آخری باب 'در کیفیت حال خود' میں مصنف کے بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ شہاب الدین غوری کے عہد (۱۱۷۴ء تا ۱۲۰۶ء) کے اواخر کی تصنیف ہے ۔ اس منظوم نسخے کے مصنف نے اپنا تخلص شہاب استعمال کیا ہے

شہاب از زبان بزرگ میشنود
کہ درماندہ سنگ مثانہ بود (باب ۶۹)

ممکن ہے کہ مصنف موصوف حقیقت میں غوری عہد کے ایک شاعر شہاب الدین محمد بن رشید ہوں کہ جس کا ذکر فارسی کے مشہور شاعر عوفی نے اپنی تصنیف 'لب الالباب' میں کیا ہے (۱۶)۔ شہاب الدین تخلص شہاب کے بارے میں بیان کیا گیا ہے کہ آپ سر زمین پنجاب سے تعلق رکھتے تھے ۔ اس امر کی تصدیق 'شفاء المریض' میں استعمال کی جانے والی بعض طبی اصطلاحات، مختلف بیماریوں اور جڑی بوٹیوں کے پنجابی ناموں سے بھی ہوتی ہے ۔ مثلاً آنکھوں کی امراض کے باب میں مذکور ہے:

بشعر زواید اگر بشنوی
کہ خوانند پروال در ہندی

ناخونہ چشم کے بیان میں درج ہے:

بہندوستان انبہ خـواند او را
بگوئم کہ تا از چہ خیزد زجا

ہچکی کے بیان میں لکھا ہے:

بفارسی ہکہک نام او بشنـوی
کہ ہدکی بخوانند در ہندوی

ان اشعار میں پڑوال، انبہ، ہدکی یا ہچکی خالص پنجابی الفاظ ہیں ۔ مذکورہ کتاب میں اس قسم کی مثالیں عام موجود ہیں۔

درس و تدریس کے سلسلے میں ابو نصر فراہی کی تصنیف 'نصاب الصبیان' (سال تصنیف ۶۱۷ھ/۱۲۲۰ء) بھی اس عہد کی تخلیق ہے ۔ غالباً ابو نصر فراہی بھی نقل مکانی کرکے پنجاب میں ہی قیام پذیر ہو گیا تھا جس کا ایک ثبوت نصاب میں 'ہندوی' کی اصطلاح کا استعمال ہے۔ اگرچہ بنیادی طور پر 'نصاب الصبیان عربی اور فارسی کا تقابلی فرہنگ ہے لیکن اس میں ایک جگہ 'ہندوی' کا ذکر اس طرح آیا ہے:

ضرب و جلد ست عضو و ہرد زدن
ترکی ارماق و ہندوی ماری (۱۷)

پاکستان میں فارسی زبان کی مقبولیت کا یہ عالم تھا کہ بعض اوقات خود مقامی زبانوں کی تخلیقات کی وضاحت کے لئے بھی فارسی زبان کا سہارا لیا جاتا تھا ۔ اس کی ایک اچھی مثال لاہور کے مشہور عالم دین مولوی محمد عبداللہ تخلص عبدی (اندازاً ۱۵۶۹ء تا ۱۶۶۷ء) کی تصنیف 'باراں انواع' ہے جوکہ شرعی مسائل کی کتاب اور پنجاب میں درس و تدریس کے نصاب میں شامل تھی۔ تدریسی ضروریات کو پیش نظر رکھتے ہوئے آج سے کوئی ایک صدی پیشتر فقہی مسائل کے ایک عالم مولانا حافظ محمد صاحب خلف الرشید مولانا بارک اللہ صاحب نے اس پنجابی زبان کی کتاب کی شرح فارسی زبان میں لکھی ۔ راقم الحروف کی ذاتی لائبریری میں اس کا جو

مطبوعہ نسخہ موجود ہے وہ اس کا پانچواں ایڈیشن ہے جو ۱۸۹۶ء میں لاہور سے شایع ہوا۔ قارئین کے ملاحظہ کے لئے اس کے ایک ورق کا عکس پیش خدمت ہے۔ اس نسخے کی دوسری خصوصیت یہ ہے کہ جس طالب علم (امیر ایان) کے پاس شروع میں یہ نسخہ تھا اس نے اس کے حاشیے میں جا بجا اپنی یادداشتیں فارسی میں ہی تحریر کی ہیں۔ یاد رہے کہ مولوی عبدی کی پہلی تصنیف 'رسالہ مہتدی' ہے جوکہ ۹۹۷ھ/۱۵۸۹ء میں شہنشاہ اکبر کے عہد میں لکھا گیا جبکہ آپ کا آخری کام 'فقہ ہندی' ہے جوکہ ۱۰۷۵ھ/ ۱۶۶۵ء میں اورنگ زیب عالمگیر کے عہد میں تکمیل کو پہنچا۔ (۱۸)۔

پاکستان کے صوبہ پنجاب میں فارسی کی مقبولیت کا ایک پہلو یہ بھی ہے کہ جہاں برصغیر میں شمالی حصے کے ہندو تاجر اپنا تمام تر حساب کتاب ایک مخصوص رسم الخط 'لنڈے' میں رکھتے تھے وہاں پنجاب کے مسلمان اور سکھ زمیندار اپنا ذاتی حساب فارسی زبان میں قلم بند کرتے تھے جیسا کہ پنجاب کے ایک سکھ زمیندار باوا سندر سنگھ کے بہی کے اندارج سے ظاہر ہوتا ہے۔ اس اندارج کا عکس قارئین کی معلومات کے لئے پیش ہے۔ یہ اندراج بکرمی سمت ۱۹۱۴ مطابق ۱۸۵۷ء سے تعلق رکھتا ہے۔

غرضیکہ پچھلے ساڑھے چارہزار سال سے ایران و پاکستان کے باہمی لسانی روایت کا یہ ایک نہایت ہی ہلکا سا خاکہ ہے۔ چونکہ جغرافیائی لحاظ سے یہ دونوں خطے ایک دوسرے کے پڑوس میں واقع ہوئے ہیں لہذا یہ ثقافتی، لسانی اور مذہبی روابط آئندہ بھی اسی طرح قائم و دائم رہیں گے۔

حواشی

(۱) سہ ماہی 'اردو نامہ' شمارہ نمبر ۶، ۱۹۶۱ء کراچی

(۲) یہ مضمون مصنف کی کتاب "اردو زبان کی قدیم تاریخ" میں شامل ہے۔ مطبوعہ لاہور، ۱۹۷۲ء۔

(۳)

Burrow, T : Dravidian and the decipherment of the Indus Script. " Antiquity ", Vol. XLIII, 1969 London, pp. 274.

Knorozov, Yu. V : Characteristics of the proto Indian inscriptions.

Parpola, Asko : Recent Development in the study of Indus script. SIND, Quarterly, Hyderabad (Pakistan), Vol. XI, No : 1, 1983.

(۴) اس جدول کی تیاری میں زیادہ تر ذیل کی کتابوں سے استفادہ کیا گیا۔

Ball, C. J : Chinese and Sumerian, London.

Gadd, C. J : A Sumerian reading book, London.

Langdon, S : A Sumerian grammar with vocabulary, London.

Platts, J. T : A Dictionary of Urdu, Classical Hindi and English. London, 1930.

Sokolov, S. N. The Avestan Language, Moscow, 1967.

Haim, S. The Persian English Dictionary, Tehran, 1953.

(۵) ایضـــاً۔

(۶) آریاؤں کے آبائی وطن اور ان کے نقل مکانی کے راستے کے تعین کے لئے راقم الحروف نے اپنے ذیل کے مضامین میں اپنا نقطہ نظر پیش کیا ہے۔

(ا) 'آریا اور ان کا آبائی وطن۔ سہ ماہی 'ثقافت' اسلام آباد، شمارہ نمبر ۱ جلد نمبر ۳، ۱۹۷۸ء۔

(ب) 'آریاؤں کا سفر بحیرہ بالٹک سے دریائے سندھ تک' (گور مکھی) سہ ماہی 'کھوج درپن' گورو نانک دیو یونیورسٹی، امرتسر (بھارت) جولائی، ۱۹۷۷ء۔

(۷) Skeat.W.W. A concise etymological dictionary of the English language, London 1951.

(۸) رگ وید (۸ - ۸۳ - ۱)۔

"اے اندر اور ورن دیوتا! آپ دونوں نے مل کر داس قوم اور ہمارے آریائی دشمنوں کا صفایا کر دیا"۔

(۹) Gray, L. H : Indo-Iranian Phonology, New York 1902.

کتاب خانہ گنج بخش
شمارہ .....
اسلام آباد - پاکستان

(۱۰) Dowson, J : A clissical Dictionary of Hindu mythology, London, 1961, pp. 281.

(۱۱) Bryamt, T. A : The new compact Bible Dictionary. Minneapolis. U.S.A. 1967, pp. 243.

(۱۲) Shah, Rev. A. and Ormerod, Rev. E.W : Hindi Religious Poetry Cawnpore. 1925, pp. 41. PP. 41.

(۱۳) عاکف، بھائی دیا رام (مترجم) - 'جنم ساکھی بھائی بالے والی، لاہور، ۱۹۳۹ء ص ۲۵ -

(۱۴) شری گورو گوبند سنگھ : ظفر نامہ (مرتب خوشی رام عارف)، لاہور- ص ۱۱-

(۱۵) Khan, Pro, G. M. Persian Literature in the Indo-Pakistan, Subcontinet, Lahore, 1972, pp. 7-15.

(۱۶) ایضاً - ص ۱۳-

(۱۷) ابو نصر فراہی : 'نصاب الصبیان' مطبع منشی نولکشور، کانپور، ۱۸۹۳ء - ص ۲۴-

(۱۸) مولوی محمد عبداللہ : 'باران انواع،' لاہور، ۱۸۹۲ء -

چند متعلقہ دستاویزات کے عکس



'نصاب الصبیان' مصنفہ ابو نصر فراہی کے ایک قدیم قلمی نسخے کے اولین صفحہ کا عکس۔ یہ رسالہ ۶۱۷ھ/۱۲۲۰ء (بعہد شمس الدین التتمش) کی تصنیف ہے اور بر صغیر میں درس و تدریس کی اولین کاوشوں میں سے ایک ہے۔ حاشیہ نگار نے حواشی میں جملہ معلومات فراہم کرنے کوشش کی ہے۔



رسالۂ نص فرائض (سال تصنیف ۱۰۳۲ھ/۱۶۲۲ء بعہد نورالدین جہانگیر) مصنف مولوی محمد عبداللہ تخلص عبدی (قریباً ۱۵۶۹ء تا ۱۶۶۷ء) کے آخری صفحہ کا عکس ۔ یہ موصوف کی تصنیف یازدہ انواع جو کہ بارہ مختلف فقہی رسائل پر مشتمل ہے اس کا پہلا رسالہ ہے مغل عہد میں یہ مجموعہ درسی نصاب میں شامل تھا ۔ آج سے کوئی ایک صدی پیشتر مولوی حافظ محمد صاحب نے طلباء کے استفادہ کے لئے اس کے ضروری حواشی فارسی زبان میں قلمبند کئے ۔ یہ عکس مذکورہ کتاب کے پانچویں ایڈیشن مطبوعہ ۱۳۰۹ھ/۱۸۹۲ء سے لیا گیا ہے

بسالی که بنیاد هندو خراب بهندوستان کرد سلطان شهاب

ز عزمی بزرگان من آمدند باقطاع ناگور والی شدند

بفرمان آن شاه عادل شهاب محمد ملک گشت او را خطاب

محمد ملک هفت یا هشت سال باقطاع ناگور بگرفت مال

بهمان وقت فرمان شاه آمدی ز خلعت قبا و کلاه آمدی

بیک روز فرمان سبحان رسید محمد ز دنیا سفر بر گزید

برادر ته پای سلطان برفت ز تعطیل او کار از دست رفت

رسالہ 'شفاء المریض' مصنفہ شہاب الدین شہاب کے ایک قلمی نسخے کے آخری صفحہ کا عکس۔ اس میں موصوف نے اپنے بزرگوں کی غوری عہد میں (۱۱۷۵ء تا ۱۲۰۶ء) برصغیر میں آمد اور اپنے عروج و زوال کی داستان قلمبند کی ہے۔

بنام ریجا حجام ضلع سے روپیہ کرو دادا دانقرہ وزن
سہ عدد

چہار و نیم روپیہ قسمت ضلع سے روپیہ دوازدہ آنہ
سہ عدد

۳ ماہ بہادون سمت ۱۹۱۴ ۱۳ سود ماہ ماہ سہ ماہ

ایک سکھ زمیندار باوا سندر سنگھ کے بہی کھاتہ سے ایک اندراج کا عکس۔ یہ تین ماہ بھادوں بکرمی سمت ۱۹۱۴ بمطابق ۱۸ اگست ۱۸۵۷ء کی تحریر ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ بعض پنجابی رؤسا اپنا حساب کتاب فارسی زبان میں قلمبند کرتے تھے۔

عالمگیری عہد کا ایک نو دریافت فارسی ادبی رسالہ

چہارفصل کابل

اثر

محمد بقا کنجاہی

مقدمہ، تصحیح و تعلیقات

سید عارف نوشاہی

کابل

شهر کابل خطهٔ جنت نظیر
آب حیوان از رگ تاکش بگیر
چشم صائب از سوداش سرمه چین
روشن و پائنده باد آن سر زمین
در ظلام شب سمن زارش نگر
بر بساط سبزه می غلطد سحر
آن دیار خوش سواد آن پاک بوم
بادِ او خوش تر ز باد شام و روم
آبِ او براق و خاکش تابناک
زنده از موج نسیمش مرده خاک
ناید اندر حرف و صوت اسرار او
آفتابان خفته در کهسار او
ساکنانش سیر چشم و خوش گهر
مثل تیغ از جوهرِ خود بی خبر

اقبال لاہوری

مقدمہ

کنجاہ میں فارسی شعر و ادب کی روائت

ضلع گجرات (پاکستان) کے مضافاتی قصبہ "کنجاہ" کا نام وہاں کی سر زمین سے اٹھنے والے شعرا، ادباء اور علما کی نسبت سے اکثر ادبی تذکروں میں آتا رہتا ہے۔ محمد اکرم غنیمت کنجاہی (م۱۱۲۵ھ) صاحبِ مثنوی "نیرنگ عشق"، ان کے بھتیجے محمد ماہ صداقت کنجاہی (م۱۱۴۸ھ) صاحبِ تذکرہ "ثواقب المناقب" اور ان کے شاگرد منشی لچھمی نرائن دبیر کنجاہی صاحبِ "رقعات لچھمی نرائن" (مرتبہ ۱۲۰۵ھ)، مولوی محمد صالح کنجاہی (م۱۳۰۷ھ) صاحبِ تذکرۂ "سلسلۃ الاولیاء" اور ان کے صاحب زادے حافظ غلام محی الدین کنجاہی (م ۱۲۸۴ھ) صاحبِ "مجمع التواریخ" فارسی زبان کے چند ایسے ادیب، شاعر، انشا پرداز اور مصنف ہیں جن کی نسبت سے "کنجاہ" اور "کنجاہ" کی نسبت سے وہ معروف چلے آ رہے ہیں۔

حال ہی میں کنجاہ کے فارسی زبان کے ایک گمنام شاعر اور ادیب کا نام سامنے آیا ہے۔

محمد بقا کنجاہی متخلص بہ بقا

یہ ادیب اور شاعر "محمد بقا کنجاہی" ہے جو شعر میں "بقا" تخلص کرتا تھا اور حال ہی میں اس کے ایک غیر مطبوعہ رسالہ " در تعریف چہار فصل کابل " کا پتہ چلا ہے جو مصنف کی فارسی نظم و نثر کا مرقع ہے۔ اس پر ہم آگے چل کر گفتگو کریں گے۔

زیر نظر رسالہ کے متن میں شاعر کا تخلص "بقا" کئی بار آیا ہے اور کچھ مقامات پر "گجرات" (۱)، ضلع گجرات کے گاؤں "ککہ" (۲) اور "پنجاب" (۳) کا بھی صراحت کے ساتھ ذکر ہوا ہے۔

"بقا" تخلص کا استعمال

اس رسالہ میں تیرہ اشعار ایسے ہیں جن میں "بقا" تخلص پایا جاتا ہے۔

گجرات کا ذکر

اس رسالہ میں حضرت شاہ دولا گجراتی کے حوالے سے دو بار گجرات کا ذکر آیا ہے :

از و کابل سمر اندر جہات است
چنان کز شاہ دولا گوجرات است

. . .

بگجرات عطا دولا روا جی
بغزنی صفا محمود تاجی

موضع ککہ

موضع ککہ، گجرات کے مغرب میں اور کنجاہ کے جنوب میں واقع ہے اور وہاں اب بھی شاہ بھیکھو کا مزار موجود ہے۔ بقا نے اس کا یوں ذکر کیا ہے:

از و کابل شدہ ہم فیض مکہ
چنان کز شاہ بھیکھو خاک ککہ

پنجاب کا ذکر

بقا نے اپنے اس رسالے کے اختتام پر پنجاب کا نام بڑے والہانہ انداز میں لیا ہے:

"بقا" زد شوق پنجاب از دلم جوش
ہوای کابلم گشتہ فراموش
بیا یک رہ سوی پنجاب رو کن
ز خاک پاک پنجاب آبرو کن

متن میں موجود اور مذکورہ بالا تمام شواہد سے ثابت ہوتا ہے کہ شاعر کا تخلص "بقا" ہے اور اس کا تعلق (ضلع) گجرات پنجاب سے ہے۔ جبکہ رسالہ کے کاتب نے رسالہ کی پیشانی اور ترقیمے میں صراحت کے ساتھ مصنف کا نام اور نسبت مکانی کا ان الفاظ میں ذکر کیا ہے:

نسخہ چہار فصل کابل من تصنیف ملا محمد بقا کنجاہی غفراللہ ۔

اور

بہ اتمام رسید نسخہ چہار فصل کابل من تصنیف نیاز مند درگاہ الہی ملا محمد بقا کنجاہی غفر اللہ لہ ۔

مصنف کے حالات زندگی

پنجاب کے ادباء اور شعراء کے حالات پر جو بھی متداول مآخذ موجود ہیں ان میں بقا کنجاہی کا نام میری نظر سے نہیں گزرا۔ افسوس ہے کہ زیر نظر رسالہ میں بھی اس نے اپنے بارے میں کچھ نہیں بتایا اور اس کی تصنیف "چہار فصل کابل" کا متن اس کے خاطر خواہ حالات زندگی کے بغیر ہی پیش کیا جا رہا ہے۔

مصنف کا عہد

قدیم دور میں کتاب کی تصنیف کے اسلوب میں یہ بات شامل تھی کہ مصنف اپنی کتاب کے دیباچے میں اس حکمران کا ذکر کرے جس کی قلمرو اور عہد میں وہ کتاب تصنیف کر رہا ہے ۔ چنانچہ حسب روایت ہمارے مصنف نے بھی زیر نظر رسالہ کے چار صفحات پادشاہ وقت اورنگ زیب عالمگیر (۱۰۶۸-۱۱۱۸ھ) کی مدح کے لئے وقف کئے ہیں ۔ اس مضمون کا اس نے یہ عنوان باندھا ہے : مدح بادشاہ عالم گیر غازی اورنگ زیب نمازی خلد اللہ ملکہ وسلطانہ ۔ اور اس کے بعد تشبیہات اور استعارات کی مدد سے عالمگیر کی مسکینی ' لہو و لعب سے بے زاری ' اور دین کی طرف رغبت اور اس کی قلمرو میں قائم امن و امان کا بہ طور خاص ذکر کیا ہے ۔

عالمگیر کا عہد حکومت اس کی وفات کے ساتھ ۱۱۱۸ھ/۱۷۰۷ء میں ختم ہو گیا ۔ اور زیر نظر رسالہ کا نسخہ ۱۱۳۹ھ/۲۷-۱۷۲۶ء میں کتابت ہوا چونکہ کاتب نے مصنف کے نام کے ساتھ لفظ '' غفراللہ '' کا استعمال کیا ہے تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ وہ ۱۱۳۹ھ/۲۷-۱۷۲۶ء سے پہلے پہلے وفات پا چکا تھا ۔ تاہم ہمارے لئے یقین کے ساتھ یہ کہنا مشکل ہے کہ رسالے کے کاتب کو یہ بات ذاتی طور پر معلوم تھی کہ اس کا مصنف وفات پا چکا ہے ۔ ورنہ عام طور پر کاتب نرقیمے میں مصنف کے لئے دعائیہ اور مغفرت کے کلمات لکھ جاتے ہیں ۔

کابل کا سفر

